ذریعۃ النجات

مرتبہ:

سید مرتضیٰ حسین صدر الافاضل

شیخ شوکت علی نسیم مرحوم

زیڈ پی ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ

15-18 این، گلبرگ II، لاہور

فون: 5760749, 7661169

یہ کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرونِ ملک مقیم ہیں

مو منین بھی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے ہیں۔

منجانب۔

سبیلِ سکینہ

یونٹ نمبر ۸ لطیف آباد حیدرآباد پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(طبع خاص برائے ایصال ثواب)

گلدستہ دعا "**ذریعته النجات**" محترم و مکرّم ڈاکٹر رمضان علی شاہ صاحب کا عطیہ ہے۔ یہ صدقہ جاریہ ابدالعباد تک ان کیلئے ایصال ثواب کا حامل رہے گا۔

اس کتاب کی تصحیح کیلئے جن برگزیدہ ہستیوں نے کاوش فرمائی ان میں شیخ شوکت علی نسیم صاحب کا نام نامی روشن ہے۔ دعاؤں میں اضافہ اور تصحیح کے مدارج میں مولانا عبدالغفور صاحب، مولانا محمد شفیع صاحب اور مولانا محمد حسن جوہری بلتستانی کی مساعی جمیلہ شامل ہیں۔
پروردگار عالم ان تمام محبان اہلبیت کے درجات دین و دنیا میں بلند فرمائے۔

ہمیں اُمید ہے اس کتاب سے استفادہ کرنے والے خواتین و حضرات ہمارے اور جناب شوکت علی نسیم صاحب کے خاندان کے مرحومین کیلئے فاتحہ خوانی کر کے اُنکی بلندی درجات کیلئے دعا فرمائیں گے۔ اَجرُکُمُ اللہ

محتاج دعا:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الحمد للّٰہ رب العٰلمین۔ والصّلوٰۃ والسّلام علٰی سیّد الانبیاء وخاتم المرسلین وعلٰی اھل بیتہ الطّاھرین المعصومین

جناب محترم ومکرم ڈاکٹر سیّد رمضان علی شاہ صاحب مدظلہ اپنے بے پناہ مشاغل ومصروفیات کے باوجود صوم وصلوٰۃ کے ساتھ ساتھ دعاومناجات کے بھی پابند ہیں۔ حقیقت میں علمِ دین اور علمِ صحت، دو قدیم علم، معرفتِ خدا اور یقینِ توحید کے ذریعے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت نمائی اور اور اس ذاتِ بیمثال کی حکمتیں، اس لاشریک معبود کی تخلیق میں لاجواب باریکیاں ایک ماہرِ بدن جس طرح دیکھتا ہے دوسرے اس کا تصوّر بھی نہیں کرسکتے۔ اور پھر جسم کے تمام اعضاء میں مرکزِ نور ومشاہدہ "آنکھ" ——— سبحان اللہ!! اس کی باریک جھلیاں اور رقیق پردے، ان پردوں میں لطیف آبدار مادے پھر باریک باریک رگیں، رگوں کے جال اور ان میں مختلف مادوں اور رطوبتوں کی روانی، تمام اجزاء کا پھیلاؤ اور ان کا سمٹاؤ، دائرہ در دائرہ اور نقطہ در نقطہ قوتوں کا جماؤ اور ان کا نور بن کر پھیلاؤ، سب کو دیکھنا اور خود کو نہ دیکھ سکنا،

ہزار در ہزار اسرار و نکات ہیں جنھیں انسانی عقل محسوس کر سکتی ہے مگر زبان ادا نہیں کر سکتی۔ اور یہی شعور و ادراک، عاجزی اور نادانی "اللّٰہ وحدہٗ لاشریک" کا عرفان پیدا کرنے کے لیے شاید محرک ہیں۔ ڈاکٹر اور طبیب اسی عرفان سے سرشار ہو کر خدا سے مدد مانگتا اور اس کی قوتوں کے سامنے اپنی عاجزی کا اعتراف کرتا ہے۔ اس دُعا کے اندرونی عوامل اور اس اعترافِ عاجزی کی روح کو غیر کے لیے سمجھنا مشکل ہے۔ خود طبیب اور ڈاکٹر بھی اپنی عقلی کیفیات اور روحانی واردات کو الفاظ کا جامہ نہیں پہنا سکتا۔ یہ شرف صرف ائمۂ اہلِ بیت کو حاصل ہے کہ انھوں نے وحی کے آبِ حیات اور ترجمانِ وحی حضرت رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے لعابِ دہن سے سیرابی حاصل کی، ان کی معرفت عرفانِ بشر کی حدِ آخر، ان کا بیان طاقتِ بشر کا اظہارِ کامل ہے۔ ڈاکٹر صاحب کو خداوندِ عالم توفیقاتِ مزید عطا فرمائے، موصوف نے قرآنِ مجید، آیاتِ کریمہ، رسول اللہ صلّے اللہ علیہ وآلہ وسلّم اور ائمۂ معصومین علیہم السّلام کی تعلیم دی ہوئی دُعاؤں کا وِرد کیا، ان سے دُنیوی و اُخروی فائدے اُٹھائے اور اب ان کی تمنّا ہے کہ ان سے تمام اہلِ اسلام فائدے اٹھائیں اور یہ کتاب ترجمے کے ساتھ پڑھیں اور دعاؤں کا ورد کر کے حقِ بندگی ادا کریں اور دعاؤں کو قبولیت سے ہمکنار کریں۔

یہ چھوٹا سا گلدستہ صحیفۂ علویہ، صحیفۂ کاملہ اور دوسری بڑی کتابوں سے چُن چُن کر تیار کیا گیا ہے اور ان حضرات کے لیے خاص طور پر کارآمد ہے جو وقت کم اور جذبہ زیادہ رکھتے ہیں۔

اصل کتاب فارسی اور دُعائیں عربی میں ہیں ۔ مَیں نے جناب ڈاکٹر رمضان علی صاحب دام شرفہٗ کے حکم سے سادہ سا اُردو ترجمہ کیا ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ جو کہا جائے اسے سمجھا بھی جائے اور جو سمجھا ہے اس سے درسِ معرفت و عرفان بھی حاصل کیا جائے کیونکہ انسانیت اور مذہب کی رُوح ، اللہ کی معرفت اور اس کی توحید کا یقین ہے ۔ بندگی کی حقیقت سمجھی جائے اور اللہ سے رابطہ رکھا جائے ، یہی مقصدِ خلقتِ جن و انسان ہے ۔ رسول اللہ کی تعلیم اور ائمّہ طاہرین کے بتلائے ہوئے طریقوں سے اسے بار بار پکارا جائے ، اس کا ذکر کیا جائے ۔ قرآن میں اعلان ہے کہ اللہ کے ذکر سے دلوں کو اطمینان ہوتا ہے ۔ اور جب پریشان حال اضطراب کی حالت میں اللہ کو پکارتا ہے تو اللہ اس کی دُعا سُنتا اور قبول کرتا ہے ۔

اللہ ہماری اس حقیر خدمت کو قبول فرمائے ۔

سیّد مرتضےٰ حسین

صدر الافاضل

۱۵ مغلپورہ ، لاہور

۲۸ رجمادی الاوّل ۱۳۹۴ھ

عظمت واہمیتِ دعا

تمام حمد و ثنا اس مالک حقیقی کو زیبا ہے جس نے انسان کو نعمت عقل سے نوازا اور اس کے کاسہ سر میں قندیل عقل روشن کر کے اس کے سر پر اشرف المخلوقات کا تاج سجایا۔ پھر اپنے اور بندہ کے درمیان رابطہ کے لئے دعا مانگنے کا سلیقہ سکھایا اور اس کے ذریعہ اظہار بندگی سے جنت نعیم کا وعدہ فرمایا تاکہ ذوق عبادت و شوق دعا سے عبد اس کے ہاں قرب حاصل کرے۔

عبادات میں بہترین عبادت دعا ہے۔ دعا عبادت کی روح ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے۔ "خدا کے نزدیک دعا سے مکرم کوئی چیز نہیں" ایک اور حدیث میں ہے کہ "دعا مومن کا اسلحہ، دین کا ستون اور زمین و آسمان ی روشنی ہے" حضرت علی علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ جس کو خداوند تعالیٰ دعا کی توفیق عطا فرمادے وہ قبولیت سے محروم نہیں رہ سکتا۔ جسے خدا استغفار کی توفیق عطا فرمادے وہ مغفرت سے محروم نہیں رہ سکتا۔ جسے خدا شکر کی توفیق عطا فرمادے وہ حصول نعمت سے محروم نہیں رہ سکتا"۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے: دعا تجھ پر فرض ہے بلاشبہ یہ ہر مرض کی دوا ہے۔

خداوند عزوجل فرماتا ہے: تم مجھے پکارو میں تمہاری سنوں گا دعا خدا اور بندہ کے

درمیان رابطہ ہے نماز بھی دعا ہے۔ نماز خداوند عالم کی عطا کردہ نعمتوں کا شکریہ ادا کرنا ہے اور شکر کے بارے میں قرآن پاک میں ہے:

"تم میری نعمتوں کا شکر ادا کرو میں تمہاری نعمتوں میں اضافہ کردوں گا اور اگر تم نے کفران نعمت کیا تو میرا عذاب شدید ہے"۔

اس مقصد کے حصول کے لئے چند مستند دعاؤں کو یکجا کر کے یہ تحفہ پیش کیا جارہا ہے کہ عوام وخواص اس سے مستفیذ ہوں۔ مولف کو دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

عرض اول

ذریعتہ النجات کا اردو ترجمہ موسوم بہ ہدیہ علویہ

جناب محترم ڈاکٹر سید رمضان علی شاہ صاحب مرحوم ومغفور نے شائع کیا تھا جو کہ اب نایاب ہے۔ اس کی افادیت اور مقبولیت کے پیش نظر اس کو دوبارہ شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔ خدائے پاک اس کو قبول فرمائے۔ اور اس کا ثواب میرے مرحوم والدین کو پہنچے۔ (آمین)

خاکپائے مومنین
شیخ شوکت علی نسیم مرحوم
مورخہ ۱۸-اپریل ۱۹۸۹ء

فہرستِ مضامین

زکواۃ دیتے رہو

(اے ایمان والو) نماز پابندی سے ادا کرتے رہو اور زکواۃ دیتے رہو۔ جو کچھ بھلائی تم اپنی عاقبت کے لئے کما کر آگے بھیجو گے اسے اللہ کے پاس موجود پاؤ گے۔ یقیناً جو کچھ تم کر رہے ہو' وہ سب اللہ کی نظر میں ہے O

(سورہ بقرہ 2.... ترجمہ آیت 110

مذّمت دنیا

دنیا کو ایک سرائے سمجھو جس میں کچھ دیر قیام کرنا ہے۔ یا دنیا ایک وہ دولت ہے جو خواب میں ملی ہے جب آنکھ کھلی تو پھر کچھ بھی نہیں (اور آنکھ جب کھلتی ہے جب آنکھیں بند ہو جاتی ہیں)

ابو ذر نے فرمایا۔ اے علم و عقل کو حاصل کرنے والو' اولاد اور مال سے دل نہ لگاؤ کیونکہ ان سے جدا ہونا ہے اس خانہ دنیا میں تم مہمان ہو۔ آج یہاں ہو اور کل منزل دوسری ہو گی۔

امیر المومنینؑ نے ارشاد فرمایا۔ زیادہ مال و دولت کی آرزو نہ کرو اس لیے کہ افزوئی مال افزوئی گناہ کا باعث ہے۔

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے منقول ہے کہ حضرت لقمان نے اپنے بیٹے کو وصیت کی کہ دنیا ایک عمیق دریا ہے جس میں ہزاروں غرق ہو چکے ہیں للذا نجات

کی فکر کر۔ تقویٰ کی کشتی بنا اور اعمال صالحہ سے کشتی کو بھر لے توکّل کا بادبان بنا۔ عقل کو ناخدا بنا، علم کو معلم اور صبر کو لنگر بنا۔

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا "یہ دنیا ایک عمارت ہے جس کی چھت نہایت پست ہے۔ اگر سربلند کرے گا سر زخمی ہوگا اور سر جھکا کر چلے گا بہ آرام گذر جائے گا۔

رسول خداؐ نے فرمایا "یہ دنیا ایک وہ لذیذ غذا ہے جو زیادہ کھائی جائے تو درد شکم کا باعث بنتی ہے۔

رسول خداؐ نے فرمایا "دنیادار کی مثال اس مسافر کی جیسی ہے جو پانی میں چل رہا ہو اور چاہے کہ پیر نہ بھیگیں"۔

دنیا کا مال و دولت، جاہ و نعمت ایک سیڑھی ہے جس سے انسان اوپر بھی جا سکتا ہے اور نیچے بھی آ سکتا ہے اس لئے مال و دولت بھی جس طرح بہشت تک پہنچنے کا وسیلہ ہے اسی طرح دوزخ تک پہنچنے کا بھی ذریعہ ہے۔ قرآن مجید میں خداوند عالم کا ارشاد ہے "خدا نے تم کو جو مال عطا کیا ہے اس سے آخرت طلب کرو اور دنیا سے بھی اپنا حصہ فراموش نہ کرو۔ اس سے اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ مال دنیا سے تمہارا فائدہ وہی ہے جو تم نے راہ خدا میں صرف کیا ہے اور نہ کہ وہ مال جو تم نے ہوس و خواہش نفس میں خرچ کیا ہے۔ جو کچھ تمہارے پاس ہے وہ ختم ہونے والا ہے اور جو خدا کے پاس ہے وہ باقی رہنے والا ہے۔

سزا اور جزا

جو شخص ہمارے ذکر سے منہ پھیرتا ہے اور دنیا کی زندگی کے سوا جسے کچھ مطلوب نہیں ہے' آپ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم ایسے شخص کو اس کے حال پر چھوڑ دیجئے
○ ان لوگوں کے علم کی رسائی کی حد بھی بس یہی کچھ ہے' بے شک آپ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کا رب ہی زیادہ بہتر جانتا ہے کہ کون اس کے راستے سے بھٹک گیا ہے اور کون سیدھے راستے پر ہے ○ اور زمین اور آسمانوں کی ہر چیز کا مالک اللہ ہی ہے' انجام کار یہ ہے کہ اللہ برائی کرنیوالوں کو ان کے عمل کا بدلہ دے گا اور ان لوگوں کو اچھی جزا سے نوازے گا جنھوں نے نیک رویہ اختیار کیا ہے ○

(سورہ نجم 53..... ترجمہ آیات 29 تا 31

اللہ کی راہ میں خرچہ کرو

وہی (اللہ تعالیٰ) رات کو دن میں اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور وہ دل کی باتوں کو خوب جانتا ہے ○ تم لوگ اللہ اور اس کے رسول (حضرت محمد صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم) پر ایمان لاؤ اور جس مال میں تم کو اس (اللہ) نے دوسروں کا جانشین بنایا ہے اس میں سے (اللہ کی راہ میں) خرچ کرو' جو لوگ تم میں سے ایمان لائیں گے اور (ایمان لاکر اللہ کی راہ میں) مال خرچ کریں گے' انہیں بڑا اجر (اور ثواب) ہوگا ○ (سورہ الحدید 57..... ترجمہ آیات 6 تا 7

صدقات برباد نہ کرو

اے ایمان والو! اپنے صدقات کو احسان جتا کر اور دکھ پہنچا کر برباد نہ کرو جس طرح وہ شخص جو اپنا مال محض لوگوں کو دکھانے کی خاطر خرچ کرتا ہے اور وہ نہ اللہ پر ایمان رکھتا ہے' نہ آخرت پر۔ اس کے مال کی مثال اس چٹان کی مانند ہے۔ جس پر مٹی کی تہہ جمی ہوئی ہو۔ اس پر جب زور کی بارش برسی تو ساری مٹی بہہ گئی اور صاف چٹان کی چٹان رہ گئی۔ ایسے لوگ اپنے نزدیک خیرات کر کے جو نیکی کماتے ہیں اور اس میں سے کچھ بھی ان کے ہاتھ نہیں آتا۔ اور اللہ ناشکروں کو ہدایت نہیں دیا کرتا O

(سورۃ بقرہ 2..... ترجمہ آیت 264

گمان اور غیبت نہ کرو

اے ایمان والو! بہت گمان (یعنی شک و شبہ) کرنے سے پرہیز کرو کہ بعض گمان گناہ ہوتے ہیں۔ تجسس نہ کرو اور نہ تم میں سے کوئی کسی کی غیبت کیا کرے۔ کیا تم میں سے کوئی اس بات کو پسند کرے گا کہ وہ اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھائے؟ دیکھو۔ اس سے تو تم خود نفرت کرتے ہو۔ اللہ سے ڈرتے رہا کرو۔ بے شک اللہ بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے بڑا رحم والا ہے O

(سورہ الحجرات 49..... ترجمہ آیت 12

سُوْرَةُ یٰسٓ مَکِّیَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

یٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِیْمِ ۝ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ۝

یٰسٓ قسم ہے قرآن حکیم کی بیشک آپؐ رسولوں میں سے ہیں

عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۝ تَنْزِیْلَ الْعَزِیْزِ الرَّحِیْمِ ۝

سیدھی راہ پر ہیں جو بڑے غالب اور مہربان خدا کا نازل کیا ہوا ہے

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّاۤ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ

تاکہ آپؐ ان لوگوں کو ڈرائیں جن کے باپ دادا نہیں ڈرائے گئے تو وہ

غٰفِلُوْنَ ۝ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰۤی اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ

بے خبر ہیں ثابت ہو چکی ہے بات ان میں سے اکثر لوگوں پر پھر بھی وہ

لَا یُؤْمِنُوْنَ ۝ اِنَّا جَعَلْنَا فِیْۤ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا

ایمان نہیں لائیں گے ہم نے ان کی گردنوں میں لوہے کے طوق ڈالے ہیں

فَهِیَ اِلَی الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝

جو ان کی ٹھڈیوں تک پہنچے ہوئے ہیں لہٰذا وہ سر اٹھائے ہوئے ہیں (جھکا نہیں سکتے)

وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا

اور ہم نے ان کے آگے اور ان کے پیچھے دیوار بنا دی

فَأَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ ○ وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ

پھر اوپر سے ڈھانک دیا تو وہ دیکھ ہی نہیں سکتے اور ان کے لیے برابر ہے

ءَأَنْذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ○

خواہ تم انھیں ڈراؤ یا نہ ڈراؤ یہ ایمان نہیں لائیں گے

إِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ

تم تو اسی کو ڈرا سکتے ہو جو نصیحت پر عمل کرے اور رحمٰن (خدا) کا خوف

بِالْغَيْبِ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّأَجْرٍ كَرِيمٍ ○

رکھے بن دیکھے تو اس شخص کو معافی اور باعزت اجر کی خوشخبری دے دو

إِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوا

ہم ہی یقیناً مُردوں کو زندہ کرتے ہیں اور لکھتے ہیں جو کچھ وہ کر چکے

وَآثَارَهُمْ ۚ وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنٰهُ فِي إِمَامٍ

اور جو نشان انکے پیچھے رہ گئے اور ہر چیز کو ہم نے ایک صریح و روشن پیشوا میں

مُّبِينٍ ○ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا أَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ

گھیر دیا ہے اور انھیں ایک مثل بتاؤ گاؤں والوں کی

إِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُونَ ○ إِذْ أَرْسَلْنَآ إِلَيْهِمُ

جب وہاں پیامبر آئے جب ہم نے ان کی طرف

وقف غفران
وقف لازم

اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوهُمَا فَعَزَّزْنَا

دو آدمیوں کو بھیجا اُن لوگوں نے دونوں کو جھٹلا دیا تب ہم نے تیسرے شخص کے

بِثَالِثٍ فَقَالُوا إِنَّا إِلَيْكُمْ مُرْسَلُونَ ۝

ذریعے انھیں قوت پہنچائی ان (تینوں) نے کہا ہم تمھارے پاس خدا کے بھیجے ہوئے آئے ہیں

قَالُوا مَا أَنْتُمْ إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُنَا ۙ وَمَا أَنْزَلَ الرَّحْمَٰنُ

قوم نے کہا تم لوگ تو ہمارے جیسے بشر ہو اور رحمٰن (خدا) نے کچھ بھی اُتارا

مِنْ شَيْءٍ ۙ إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا تَكْذِبُونَ ۝ قَالُوا رَبُّنَا

نہیں ہے تم تو صرف جھوٹ بولتے ہو انھوں نے کہا ہمارا رب

يَعْلَمُ إِنَّا إِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُونَ ۝ وَمَا عَلَيْنَا

جانتا ہے کہ ہم یقیناً اسی کے بھیجے ہوئے تمھاری طرف آئے ہیں اور ہم پر تو

إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ۝ قَالُوا إِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۖ

صرف کھلی ہوئی تبلیغ فرض ہے قوم نے کہا ہم نے تم کو نامبارک پایا

لَئِنْ لَمْ تَنْتَهُوا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِنَّا

اگر تم باز نہ آؤ گے تو ہم تمھیں ضرور سنگسار کریں گے اور تم کو یقینی طور پر ہماری

عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ قَالُوا طَائِرُكُمْ مَعَكُمْ ۚ

تکلیف دہ سزا پہنچے گی انھوں نے کہا تمھاری بدشگونی تمھارے ساتھ ہے

أَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ۚ بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ مُسْرِفُونَ ۝

کیا یہی بات ہے کہ تم کو سمجھایا گیا ہے دراصل تم لوگ حد سے آگے بڑھ چکے ہو

وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ

اور شہر کے دُور کنارے سے دوڑتا ہوا ایک آدمی آیا اس نے کہا

يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ۝ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا

لوگو! پیغمبروں کی پیروی کرو اس کی پیروی کرو جو

يَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝ وَمَا لِيَ

تم سے بدلہ نہیں چاہتا اور وہ ٹھیک راستے پر ہیں اور مجھ کو کیا ہوا

لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

کہ میں عبادت نہ کروں اس کی جس نے مجھے پیدا کیا اور اسی کی طرف تم کو رجوع کرنا ہے

ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ

کیا میں اسے چھوڑ کر دوسروں کو معبود بنا لوں کہ اگر رحمٰن (اللہ) مجھے

بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ۝

تکلیف دینا چاہے تو نہ ان کی سفارش میرے کچھ کام آئے اور نہ وہ مجھے چھڑا ہی سکیں

اِنِّيْٓ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ

اس وقت میں یقیناً صاف صاف گمراہی میں ہوں گا میں تمھارے رب پر ایمان لا ہی چکا

فَاسْمَعُوْنِ ۝ قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ؕ قَالَ يٰلَيْتَ

تو میری سنو حکم ہوا کہ جنت میں چلا جا اس نے کہا کاش کے

قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ ۝ بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ

میری قوم کے لوگ جان لیتے کہ میرے رب نے مجھے کیونکر بخش اور مجھے

مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ○ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى قَوْمِهٖ مِنْ

معززین میں شامل کیا اور ہم نے اس کی قوم پر اس کے بعد نہ

بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ○

آسمان سے فوج اُتاری نہ ہم آئندہ اُتارنے والے ہیں

اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ○

وہ تو صرف ایک چیخ تھی بس وہ لوگ ٹھنڈے ہو گئے

يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ

حسرت و افسوس ہے ان بندوں پر کہ نہیں آیا ان کے پاس کوئی رسول

اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ○ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ

مگر یہ کہ وہ لوگ اس کا مذاق اُڑاتے رہے کیا انھوں نے غور نہیں کیا

اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ ○ اَنَّهُمْ

ہم نے اس سے پہلے کس قدر صدیوں (قوموں) کو تباہ کیا وہ لوگ

اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ○ؕ وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ

ان کی طرف پلٹ کر نہ آئیں گے اور البتہ سب کے سب جمع ہو کر

لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ○ ع وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۖ ۚ

ہماری بارگاہ میں حاضر کیے جائیںگے اور ان کے لیے نشانی ہے مُردہ زمین سے

اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ○

جسے ہم نے زندہ کیا اور ہم نے اس سے دانے پیدا کیے اسی کو وہ لوگ کھاتے ہیں

وقفِ غفران

وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّ

اور ہم نے اس میں کھجوروں اور انگوروں کے باغ پیدا کیے اور

فَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ۙ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ

اس میں چشمے رواں کیے تاکہ اس کے پھل کھائیں

وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ۝

اور اسے ان کے ہاتھوں نے نہیں بنایا پھر وہ شکر کیوں نہیں کرتے

سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ

پاک ذات ہے وہ جس نے سب کے جوڑے بنائے جو کچھ زمین سے

الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

اُگتا ہے اور خود ان میں بھی اور ان میں بھی جنھیں وہ نہیں جانتے

وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ښ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ

اور ان کے لیے ایک نشانی رات ہے جس سے ہم دن کو کھینچ کر نکالتے ہیں

فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ۙ وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ

پھر وہ اندھیرے میں رہ جاتے ہیں اور سورج، اپنے ٹھکانے پر

لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝

چل رہا ہے وہ عزیز و علیم (اللہ) کا متعین کردہ ہے

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ

اور چاند، ہم نے اس کی منزلیں مقرر کر دیں یہاں تک کہ وہ پلٹتا ہے

كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ ○ لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ

جیسے کھجور کی پرانی شاخ نہ سورج کے لیے یہ ہے

اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ

کہ وہ چاند کو جا پکڑے اور نہ رات دن سے آگے بڑھ سکتی ہے

وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ○ وَاٰيَةٌ لَّهُمْ

اور سب اپنے اپنے آسمان میں تیر رہے ہیں اور ان کے لیے نشانی ہے

اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ○

ہم نے بٹھا دیا ان کی نسل کو بھری ہوئی کشتی میں

وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ○

اور ہم نے ان کے لیے ویسی ہی کشتیاں پیدا کر دیں جن پر وہ سوار ہوتے ہیں

وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ

اور اگر ہم چاہیں تو ان کو ڈبو دیں پھر نہ ان کا کوئی فریاد رس ہو اور نہ وہ

يُنْقَذُوْنَ ○ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ○

بچائے جاسکیں صرف ہماری رحمت ہے، اور ایک وقتِ معیّن تک چین کرنا

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا

اور جب ان سے کہا گیا کہ اس سے ڈرو جو تمھارے سامنے اور

خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ○ وَمَا تَاْتِيْهِمْ

تمھارے پیچھے ہے تاکہ تم پر رحم کیا جائے اور اُن کے پاس نہیں آئی

مِّنْ اٰیَةٍ مِّنْ اٰیٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا

ان کے رب کی نشانیوں میں سے کوئی نشانی مگر یہ کہ وہ لوگ اس سے

مُعْرِضِیْنَ ۝ وَ اِذَا قِیْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ

روگرداں ہی رہے اور جب ان سے کہا گیا خرچ کرو جو کچھ اللہ نے تم

اللّٰهُ ۙ قَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَنُطْعِمُ

کو دیا کہا ان لوگوں نے جو کافر تھے اُن لوگوں سے جو مومن تھے کیا ہم اس شخص کو

مَنْ لَّوْ یَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗۤ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِیْ

کھلائیں جسے اگر کھلانا چاہتا تو خود اللہ کھلاتا تم لوگ تو بس صاف

ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ۝ وَ یَقُوْلُوْنَ مَتٰی هٰذَا الْوَعْدُ

صاف گمراہی میں ہو اور کہتے ہیں کہ اس وعدے کا وقت کب آئے گا

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ۝ مَا یَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَیْحَةً

اگر تم سچے ہو یہ لوگ تو صرف ایک زبردست دھماکے کے

وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَ هُمْ یَخِصِّمُوْنَ ۝ فَلَا

منتظر ہیں جو انھیں آدبائے گا اور یہ لوگ آپس میں جھگڑ رہے ہوں گے پھر نہ تو

یَسْتَطِیْعُوْنَ تَوْصِیَةً وَّ لَاۤ اِلٰۤی اَهْلِهِمْ یَرْجِعُوْنَ ۝ ع

وصیت کرسکیں گے اور نہ یہ لوگ اپنے بال بچوں کی طرف لوٹ کر جا سکیں گے

وَ نُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ

اور پھونکا جائے گا صور تو اسی وقت قبروں سے نکل کر

اِلٰی رَبِّہِمْ یَنْسِلُوْنَ ○ قَالُوْا یٰوَیْلَنَا مَنْۢ

اپنے پروردگار کی طرف روانہ ہو جائیں گے کہیں گے ہائے افسوس! کس نے

بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا سَکْتَہ ھٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ

ہمیں ہماری آرامگاہوں سے اٹھا دیا یہ ہے جس کا رحمٰن (اللہ) نے وعدہ کیا

وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ○ اِنْ کَانَتْ اِلَّا صَیْحَةً

اور رسول جو سچی بات کہتے تھے بس ایک زبردست آواز ہو گی

وَّاحِدَةً فَاِذَا ھُمْ جَمِیْعٌ لَّدَیْنَا مُحْضَرُوْنَ ○

پھر وہ سب ہمارے حضور میں حاضر کیے جائیں گے

فَالْیَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَیْئًا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا

پس آج کسی پر کچھ ذرا سا بھی ظلم نہ کیا جا سکے گا اور صرف اسی کا بدلہ دیا جائے گا

کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○ اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْیَوْمَ فِیْ

جو تم عمل کرتے تھے بے شک جنت کے لوگ آج کے دن

شُغُلٍ فٰکِھُوْنَ ○ج ھُمْ وَاَزْوَاجُھُمْ فِیْ ظِلٰلٍ

مشغلے میں خوش ہوں گے وہ اور ان کی بیویاں خوشگوار سائے میں

عَلَی الْاَرَآئِکِ مُتَّکِئُوْنَ ○ لَھُمْ فِیْھَا فَاکِھَةٌ

تکیے لگائے تختوں پر ہوں گے ان کے لیے جنت میں میوے ہیں

وَّلَھُمْ مَّا یَدَّعُوْنَ ○ج صلے سَلٰمٌ قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ

اور جو مانگیں گے ان کے لیے موجود ہو گا سلام ربِّ رحیم کی طرف سے

ہ وقف منزل
وقف لازم

رَّحِيْمٍ ○ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ○

پیغام ہوگا اور تم آج الگ ہو جاؤ اے گناہ گارو !

اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا

کیا ہم نے تم سے عہد نہیں لیا تھا اے اولادِ آدم ؟ کہ تم پوجا نہ کرنا

الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ○ وَّاَنِ

شیطان کی وہ یقینی طور سے تمھارا کھلا دشمن ہے اور کہ

اعْبُدُوْنِيْ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ○ وَلَقَدْ اَضَلَّ

میری عبادت کرنا یہی سیدھا راستہ ہے اور اس نے تم میں

مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا ۭ اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ○

سے بہت زیادہ خلقت کو گمراہ کیا کیا تم یہ بھی نہ سمجھتے تھے

هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ○ اِصْلَوْهَا

یہ وہی جہنّم ہے جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا چونکہ تم

الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ○ اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ

کفر کرتے تھے اس لیے آج اسی میں جاؤ آج ہم مُہر لگا دیں گے

عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ

اُن کے لبوں پر اور ان کے ہاتھ ہمیں بتائیں گے اور ان کے پاؤں گواہی

اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ○ وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا

دیں گے جو کچھ بھی وہ کرتوت کر چکے ہیں اور اگر ہم چاہیں تو مٹا دیں

عَلٰٓی اَعْیُنِہِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰی یُبْصِرُوْنَ ○

اُن کی آنکھیں پھر دوڑتے پھریں سیدھی راہ کی طرف، اب کہاں دیکھ سکیں گے

وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰہُمْ عَلٰی مَکَانَتِہِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا

اور اگر ہم چاہیں تو ان کے ٹھکانوں ہی میں ان کو مسخ کر دیں پھر ان کے آگے جانے کا

مُضِیًّا وَّلَا یَرْجِعُوْنَ ○ وَمَنْ نُّعَمِّرْہُ

امکان رہے اور نہ واپس آسکیں اور جس شخص کو ہم زیادہ عمر دیتے ہیں

نُنَکِّسْہُ فِی الْخَلْقِ ؕ اَفَلَا یَعْقِلُوْنَ ○ وَمَا عَلَّمْنٰہُ

اسے خلقت میں پلٹ دیتے ہیں تو کیا وہ لوگ سمجھتے نہیں اور ہم نے نہ اُن کو

الشِّعْرَ وَمَا یَنْبَغِیْ لَہٗ ؕ اِنْ ہُوَ اِلَّا ذِکْرٌ وَّقُرْاٰنٌ

شعر کی تعلیم دی اور نہ وہ انکے شایاں ہے یہ تو صرف نصیحت ہے اور صاف

مُّبِیْنٌ ○ لِّیُنْذِرَ مَنْ کَانَ حَیًّا وَّیَحِقَّ الْقَوْلُ

صاف قرآن تاکہ ڈرائیں اسے جو جان دار ہو اور کافروں پر بات

عَلَی الْکٰفِرِیْنَ ○ اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَہُمْ

ثابت ہو جائے کیا ان لوگوں نے یہ نہیں سوچا کہ ہم نے ان کے لیے

مِّمَّا عَمِلَتْ اَیْدِیْنَآ اَنْعَامًا فَہُمْ لَہَا مٰلِکُوْنَ ○

اپنے ہاتھوں (قدرت سے) چوپائے پیدا کیے پھر وہ ان کے مالک بنے

وَذَلَّلْنٰہَا لَہُمْ فَمِنْہَا رَکُوْبُہُمْ

اور ہم نے ان چوپایوں کو ان کے لیے مطیع کیا اب ان میں سے کچھ ان کی سواریاں ہیں

وَمِنْهَا يَأْكُلُوْنَ ○ وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ط

اور کچھ کو وہ کھاتے ہیں — اور ان چوپایوں میں ان کے فائدے اور مشروب ہیں

اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ○ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً

کیا اب بھی وہ شکر نہ کریں گے — اور ان لوگوں نے اللہ کو چھوڑ کر خدا بنا رکھے ہیں

لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ○ط لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ

تاکہ وہ ان کی مدد کریں — وہ (فرضی خدا) ان کی مدد نہیں کر سکتے

وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ○ فَلَا

اور وہ کافران بتوں کے لشکر ہیں جو اللہ کے حضور میں حاضر کیے جائیں گے — تو ان کی

يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ م اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا

بات تمھیں غمگین نہ کرے — ہم سب کچھ جانتے ہیں جو کچھ وہ لوگ چھپاتے ہیں اور جو

وقف لازم

يُعْلِنُوْنَ ○ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ

کچھ ظاہر کرتے ہیں — کیا انسان نے غور نہیں کیا — ہم نے اسے نطفہ سے

مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ○ وَضَرَبَ

پیدا کیا — پھر وہ کھلم کھلا جھگڑالو بن گیا — اور ہمارے

لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ط قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ

لیے مثل لانے لگا اور اپنی خلقت کو بھول گیا، کہنے لگا بھوسا ہڈیوں کو کون

وَهِيَ رَمِيْمٌ ○ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ

زندہ کرے گا — کہہ دو ان (ہڈیوں) کو وہی زندہ کرے گا جس نے انھیں پہلی

مَرَّةٍ ۭ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمُۨ ۝ الَّذِیْ

مرتبہ بنایا اور وہی ہر مخلوق سے پوری طرح باخبر ہے جس نے

جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ

تمہارے لیے ہرے درخت سے آگ پیدا کی جبھی تو تم

مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ۝ اَوَلَيْسَ الَّذِیْ خَلَقَ

اس سے آگ سلگاتے ہو کیا وہ جس نے آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ

اور زمین کو پیدا کیا اس پر قدرت نہیں رکھتا کہ ان جیسا دوبارہ

مِثْلَهُمْ ڲ بَلٰى ۤ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ۝

پیدا کردے ہاں اور وہی اصل بنانے والا اور سب کچھ جاننے والا ہے

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ

اس کا حکم یہی ہے کہ جب کسی چیز کو پیدا کرنا چاہے تو کہے

كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ

"ہوجا" وہ اسی وقت ہوجاتی ہے تو پاک ذات ہے وہ

بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ

جس کے قبضہ میں ہر ایک چیز کی حکومت ہے اور اسی کی طرف

تُرْجَعُوْنَ ۝ ع

تم لوٹ کر جاؤ گے

وقف غفران

سُوْرَۃُ الدَّهْرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ

کیا انسان پر وہ وقت بھی گزرا ہے جب وہ

شَيْـًٔا مَّذْكُوْرًا ۝ اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ

قابلِ ذکر چیز نہ تھا بے شک ہم نے انسان کو پیدا کیا

نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۝ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا

ملی جلی بوند سے ہم اس کو آزماتے ہیں (اسی لیے) تو ہم نے اسے سننے

بَصِيْرًا ۝ اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّ

دیکھنے والا بنایا ہم نے اسے راستہ بتایا اب خواہ وہ شکر گزار ہو

اِمَّا كَفُوْرًا ۝ اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَلٰسِلَاْ

خواہ ناشکرا ہم نے تیار کر رکھی ہیں کافروں کے لیے زنجیریں

وَاَغْلٰلًا وَّسَعِيْرًا ۝ اِنَّ الْاَبْرَارَ يَشْرَبُوْنَ

اور طوق اور بھڑکتی ہوئی آگ بیشک نیک اشخاص سیراب ہوں گے

مِنۡ كَاۡسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوۡرًا ۝ عَيۡنًا يَّشۡرَبُ

ان پیالوں سے جن میں کافور کی آمیزش ہو گی ایک چشمہ ہے جس سے

بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ يُفَجِّرُوۡنَهَا تَفۡجِيۡرًا ۝ يُوۡفُوۡنَ

اللہ کے بندے پئیں گے اسی سے نہریں بہائیں گے وہ (لوگ جو)

بِالنَّذۡرِ وَيَخَافُوۡنَ يَوۡمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسۡتَطِيۡرًا ۝

نذریں پوری کرتے اور اس دن سے ڈرتے ہیں جس کی سختی ہر طرف پھیلی ہو گی

وَيُطۡعِمُوۡنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسۡكِيۡنًا وَّيَتِيۡمًا

اور اس کی محبت میں کھانا کھلاتے ہیں محتاج کو اور یتیم کو

وَّاَسِيۡرًا ۝ اِنَّمَا نُطۡعِمُكُمۡ لِوَجۡهِ اللّٰهِ لَا نُرِيۡدُ

اور قیدی کو (اور کہتے ہیں) ہم تو فقط اللہ کے لیے کھلاتے ہیں نہ تم سے بدلے کے

مِنۡكُمۡ جَزَآءً وَّلَا شُكُوۡرًا ۝ اِنَّا نَخَافُ مِنۡ رَّبِّنَا

خواہشمند ہیں نہ شکر گزاری کے ہم تو اپنے رب سے اس دن کے

يَوۡمًا عَبُوۡسًا قَمۡطَرِيۡرًا ۝ فَوَقٰهُمُ اللّٰهُ

لیے ڈرتے ہیں (جب) منہ بگڑے اور صورتیں اداس ہوں گی اللہ نے بھی انھیں

شَرَّ ذٰلِكَ الۡيَوۡمِ وَلَقّٰهُمۡ نَضۡرَةً وَّسُرُوۡرًا ۝

اس دن کے نقصان سے بچا لیا اور انھیں تازگی اور خوشی عطا کی

وَجَزٰهُمۡ بِمَا صَبَرُوۡا جَنَّةً وَّحَرِيۡرًا ۝ مُّتَّكِـِٕيۡنَ

اور ان کے صبر کے بدلے جنت اور لباسِ ریشم عطا کیا تکیے لگائے

فِيهَا عَلَى الْأَرَآئِكِ ۚ لَا يَرَوْنَ فِيهَا شَمْسًا وَّلَا

وہ جنت میں تخت پر بیٹھے ہوں گے وہاں نہ دھوپ محسوس کریں گے نہ ہی

زَمْهَرِيرًا ○ وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلَالُهَا وَذُلِّلَتْ

شدت کی سردی اور گھنے درختوں کے سائے ان پر جھکے ہوں گے اور میووں کے گچھے

قُطُوفُهَا تَذْلِيلًا ○ وَيُطَافُ عَلَيْهِم بِآنِيَةٍ

ان کے بہت قریب ہر طرح ان کے اختیار میں ہوں گے اور ان کے سامنے چاندی کے ساغر

مِّن فِضَّةٍ وَّأَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيرَا ○ قَوَارِيرَا

اور بلور کے پیالے گردش کرتے ہوں گے بلور بھی (کانچ

مِن فِضَّةٍ قَدَّرُوهَا تَقْدِيرًا ○ وَيُسْقَوْنَ فِيهَا

کے نہیں) چاندی کے جنھیں ٹھیک اندازے سے بنایا گیا ہے اور وہ لوگ جنت میں

كَأْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنجَبِيلًا ○ عَيْنًا فِيهَا

ایسے پیالے پئیں گے جن میں سونٹھ کی آمیزش ہوگی وہاں ایک چشمہ ہے

تُسَمَّىٰ سَلْسَبِيلًا ○ وَيَطُوفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ

جس کا نام سلسبیل ہے اور ان کے سامنے ہمیشہ (ویسے ہی) رہنے والے لڑکے

مُّخَلَّدُونَ إِذَا رَأَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنثُورًا ○

چکر لگاتے ہوں گے تم انھیں دیکھو تو سمجھو گے موتی بکھرے ہوئے ہیں

وَإِذَا رَأَيْتَ ثَمَّ رَأَيْتَ نَعِيمًا وَّمُلْكًا كَبِيرًا ○

اور جب تم دیکھو گے تو ہر طرح کی نعمت اور عظیم الشان سلطنت دیکھو گے

عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ ز

ان کے اوپر سبز ریشم اور اطلس کے لباس ہوں گے

وَّحُلُّوْٓا اَسَاوِرَ مِنْ فِضَّةٍ ج وَسَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ

اور انھیں چاندی کے کنگن پہنائے جائیں گے اور انھیں ان کا پروردگار

شَرَابًا طَهُوْرًا ۝ اِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً

نہایت پاکیزہ مشروب پلائے گا (ارشاد ہوگا) یقیناً یہ تمھارے لیے جزا ہے

وَّكَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا ۝ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ

اور تمھاری کوشش (عملِ خیر) کامیاب ہوئی (اے حبیبؐ) ہم نے تم پر قرآن کو

الْقُرْاٰنَ تَنْزِيْلًا ۝ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا

رفتہ رفتہ نازل کیا تو اپنے رب کے انتظارِ حکم میں صبر کرو اور

تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا ۝ وَاذْكُرِ اسْمَ

اور ان میں سے کسی گنہ گار یا ناشکرے کا کہنا نہ سنو اور اپنے رب کا نام

رَبِّكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝ وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ

لیا کرو صبح کو اور شام کو اور کچھ رات گئے اس کو سجدہ کرو

وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا ۝ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ يُحِبُّوْنَ

اور لمبی رات تک اس کی تسبیح کرو یقیناً یہ لوگ پسند کرتے ہیں

الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ يَوْمًا ثَقِيْلًا ۝

(فوری آرام) دنیا کو اور ایک بھاری دن کو انھوں نے پسِ پشت ڈال دیا ہے

نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَآ اَسْرَهُمْ وَاِذَا شِئْنَا

ہم نے انھیں پیدا کیا اور ان کے جوڑ مضبوط کیئے اور ہم جب چاہیں

بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلًا ۝ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ

ان جیسوں کو ان کی جگہ بدل کر لے آئیں   یقیناً یہ تو نصیحت ہے

فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝ وَمَا

اب جو چاہے اپنے رب کا راستہ اختیار کرے   اور

تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

تم نہیں چاہتے مگر وہی جو اللہ چاہتا ہے   بے شک اللہ

عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ

علیم و حکیم ہے   جس کو چاہے اپنی رحمت میں داخل کرلے

وَالظّٰلِمِيْنَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝

اور ظالموں کے واسطے دردناک عذاب تیار ہے

سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ رحمٰن و رحیم کے نام سے

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ

یقیناً ہم نے آپ کو کوثر (خیر کثیر) عطا کیا   پس اپنے رب کے لیے نماز پڑھتے رہیے

وَانْحَرْ ۝ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝

اور قربانی کرتے رہیے   بیشک آپ کا دشمن ہی بے اولاد رہے گا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

تَبٰرَکَ الَّذِیۡ بِیَدِہِ الۡمُلۡکُ ۫ وَ ہُوَ عَلٰی کُلِّ

بڑی برکت والا ہے وہ (خدا) جسکے قبضہ میں (سارے جہان کی) بادشاہت ہے اور وہ ہر

شَیۡءٍ قَدِیۡرُۨ ۙ ۝ الَّذِیۡ خَلَقَ الۡمَوۡتَ وَ الۡحَیٰوۃَ

چیز پر قادر ہے جس نے موت اور زندگی کو پیدا کیا

لِیَبۡلُوَکُمۡ اَیُّکُمۡ اَحۡسَنُ عَمَلًا ؕ وَ ہُوَ الۡعَزِیۡزُ

تاکہ تمھیں آزمائے کہ تم میں سے کام میں سب سے اچھا کون ہے اور وہ غالب (اور)

الۡغَفُوۡرُ ۙ ۝ الَّذِیۡ خَلَقَ سَبۡعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ؕ

بڑا بخشنے والا ہے جس نے سات آسمان اُوپر تلے بنا ڈالے

مَا تَرٰی فِیۡ خَلۡقِ الرَّحۡمٰنِ مِنۡ تَفٰوُتٍ ؕ فَارۡجِعِ

بھلا تجھے خدا کی آفرینش میں کوئی کسر نظر آتی ہے تو پھر آنکھ اٹھا کر

الۡبَصَرَ ۙ ہَلۡ تَرٰی مِنۡ فُطُوۡرٍ ۝ ثُمَّ ارۡجِعِ الۡبَصَرَ

دیکھ بھلا تجھے کوئی شگاف نظر آتا ہے پھر دوبارہ آنکھ اٹھا کر دیکھ تو

كَرَّتَيۡنِ يَنۡقَلِبۡ اِلَيۡكَ الۡبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ

(ہر بار تیری) نظر ناکام اور تھک کر تیری طرف پلٹ آئے گی

حَسِيۡرٌ ○ وَلَقَدۡ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنۡيَا بِمَصَابِيۡحَ

اور ہم نے نیچے والے (پہلے) آسمان کو (تاروں کے) چراغوں سے زینت دی

وَجَعَلۡنٰهَا رُجُوۡمًا لِّلشَّيٰطِيۡنِ وَاَعۡتَدۡنَا لَهُمۡ

اور ہم نے ان کو شیطانوں کے مارنے کا آلہ بنایا اور ہم نے ان کے لیے تیار کر رکھا ہے

عَذَابَ السَّعِيۡرِ ○ وَلِلَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بِرَبِّهِمۡ

دہکتی ہوئی آگ کا عذاب اور جو لوگ اپنے پروردگار کے منکر ہیں ان کیلئے

عَذَابُ جَهَنَّمَ ؕ وَبِئۡسَ الۡمَصِيۡرُ ○ اِذَآ اُلۡقُوۡا

جہنم کا عذاب ہے اور وہ (بہت) برا ٹھکانا ہے جب وہ لوگ اس میں ڈالے

فِيۡهَا سَمِعُوۡا لَهَا شَهِيۡقًا وَّهِىَ تَفُوۡرُ ۙ○ تَكَادُ

جائیں گے تو اس کی بڑی چیخ سنیں گے اور وہ جوش مار رہی ہوگی بلکہ گویا

تَمَيَّزُ مِنَ الۡغَيۡظِ ؕ كُلَّمَاۤ اُلۡقِىَ فِيۡهَا فَوۡجٌ

مارے جوش کے پھٹ پڑے گی جب اس میں (اُن کا) کوئی گروہ ڈالا جائے گا

سَاَلَهُمۡ خَزَنَتُهَاۤ اَلَمۡ يَاۡتِكُمۡ نَذِيۡرٌ ○

تو اُن سے داروغۂ جہنم پوچھے گا کیا تمہارے پاس کوئی ڈرانے والا (پیغمبر) نہیں آیا تھا

قَالُوۡا بَلٰى قَدۡ جَآءَنَا نَذِيۡرٌ ۙ فَكَذَّبۡنَا وَقُلۡنَا

وہ کہیں گے ہاں ہمارے پاس ڈرانے والا تو ضرور آیا تھا مگر ہم نے اس کو جھٹلا دیا اور کہا کہ

مَا نَزَّلَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ۚ إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا فِي ضَلٰلٍ

خدا نے تو کچھ نازل نہیں کیا تم تو بڑی (گھری) گمراہی میں

كَبِيرٍ ۝ وَقَالُوا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ أَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا

(پڑے) ہو اور (یہ بھی) کہیں گے کہ اگر (اُن کی بات) سنتے یا سمجھتے تب تو (آج)

فِي أَصْحٰبِ السَّعِيرِ ۝ فَاعْتَرَفُوا بِذَنْبِهِمْ

ہم دوزخیوں میں نہ ہوتے غرض وہ اپنے گناہ کا اقرار کرلیں گے

فَسُحْقًا لِأَصْحٰبِ السَّعِيرِ ۝ إِنَّ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ

تو دوزخیوں کو خدا کی رحمت سے دوری ہے بیشک جو لوگ ڈرتے ہیں

رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ ۝

اپنے پروردگار سے بے دیکھے بھالے ان کے لیے مغفرت ہے اور بڑا بھاری اجر ہے

وَأَسِرُّوا قَوْلَكُمْ أَوِ اجْهَرُوا بِهِ ۖ إِنَّهُ عَلِيمٌ

اور تم لوگ اپنی بات چھپا کر کہو یا کھلم کھلا وہ تو دل کے بھیدوں

بِذَاتِ الصُّدُورِ ۝ أَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ۖ وَهُوَ

تک سے خوب واقف ہے بھلا جس نے پیدا کیا وہ بے خبر ہے؟ اور وہ تو

اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ ۝ع هُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ

بڑا باریک بیں اور واقف کار ہے وہی تو ہے جس نے تمہارے لیے

الْأَرْضَ ذَلُولًا فَامْشُوا فِي مَنَاكِبِهَا وَكُلُوا

زمین کو نرم (ہموار) کردیا تو اس کے اطراف و جوانب میں چلو پھرو اور اسکی

مِنْ رِّزْقِهٖ ؕ وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ ○ ءَاَمِنْتُمْ مَّنْ

(دی ہوئی) روزی کھاؤ اور پھر اسی کی طرف قبر سے اٹھ کر جانا ہے کیا تم اس بات سے بیخوف ہو

فِي السَّمَآءِ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمُ الْاَرْضَ فَاِذَا هِيَ

کہ وہ جو آسمان میں (حکومت کرتا) ہے تم کو زمین میں دھنسا دے پھر وہ یکبارگی اُلٹ

تَمُوْرُ ○ اَمْ اَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَآءِ اَنْ يُّرْسِلَ

پلٹ کرنے لگے یا تم اس بات سے بیخوف ہو کہ جو آسمان میں (سلطنت کرتا) ہے تم پر

عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ؕ فَسَتَعْلَمُوْنَ كَيْفَ نَذِيْرِ ○

پتھر بھری آندھی چلائے تو تمھیں عنقریب ہی معلوم ہو جائے گا کہ میرا ڈرانا کیسا ہے

وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ

اور جو لوگ ان سے پہلے تھے انھوں نے جھٹلایا تھا تو (دیکھو) کہ کیسی تھی

نَكِيْرِ ○ اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ

میری ناخوشی کیا انھوں نے اپنے سروں پر چڑیوں کو اڑتے نہیں دیکھا جو پروں کو پھیلائے رہتی

وَّيَقْبِضْنَ ؔ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ اِنَّهٗ

ہیں اور سمیٹ لیتی ہیں کہ خدائے رحمٰن کے سوا انھیں کوئی روکے نہیں رہ سکتا بیشک وہ

بِكُلِّ شَيْءٍۢ بَصِيْرٌ ○ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ

ہر چیز کو دیکھ رہا ہے بھلا ایسا کون ہے جو تمھاری

جُنْدٌ لَّكُمْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ؕ اِنِ

فوج بن کر تمھاری مدد کرے سوائے خدائے رحمٰن کے

الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِيْ غُرُوْرٍ ۚ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ

کافر لوگ تو دھوکے ہی (دھوکے) میں ہیں بھلا خدا اگر اپنی (دی ہوئی)

يَرْزُقُكُمْ اِنْ اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ۚ بَلْ لَّجُّوْا فِيْ عُتُوٍّ

روک لے تو کون ایسا ہے جو تمہیں رزق دے مگر یہ کفار تو سرکشی اور نفرت (کے

وَّنُفُوْرٍ ○ اَفَمَنْ يَّمْشِيْ مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهٖٓ

بھنور) میں پھنسے ہوئے ہیں بھلا جو شخص اوندھا اپنے منہ کے بل چلے

اَهْدٰٓى اَمَّنْ يَّمْشِيْ سَوِيًّا عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○

وہ زیادہ ہدایت یافتہ ہوگا یا وہ شخص جو سیدھا برابر راہِ راست پر چل رہا ہو

قُلْ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ

(اے رسول) آپ فرما دیجئے کہ خدا تو وہی ہے جس نے تم کو نت نیا پیدا کیا اور تمہارے واسطے کان

وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ○

اور آنکھیں اور دل بنائے (مگر) تم تو بہت کم شکر ادا کرتے ہو

قُلْ هُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ

(اے حبیبؐ) کہہ دیجئے کہ وہی تو ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلا دیا اور اسی کے سامنے

تُحْشَرُوْنَ ○ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ

تم جمع کئے جاؤ گے اور کفار کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو (آخر) یہ وعدہ

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○ قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ

کب پورا ہوگا (اے رسولؐ) آپ کہہ دیجئے کہ (اسکا) علم تو بس

اللّٰهِ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ○ فَلَمَّا رَاَوْهُ

خدا کو ہے اور میں تو صرف صاف صاف (عذاب سے) ڈرانے والا ہوں تو جب یہ لوگ اسے

زُلْفَةً سِيْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقِيْلَ هٰذَا

قریب سے دیکھ لیں گے تو (خوف کے مارے) کافروں کے چہرے بگڑ جائیں گے اور ان سے کہا جائیگا یہ وہی ہے

الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ ○ قُلْ اَرَءَيْتُمْ

جس کے تم خواستگار تھے (اے رسول) آپ کہہ دیجیے بھلا دیکھو تو

اِنْ اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ وَمَنْ مَّعِيَ اَوْ رَحِمَنَا ۙ

اگر خدا مجھ کو اور میرے ساتھیوں کو ہلاک کر دے یا ہم پر رحم فرما دے

فَمَنْ يُّجِيْرُ الْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ○

تو کافروں کو دردناک عذاب سے کون پناہ دے گا

قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ

فرما دیجیے کہ وہی (خدا) بڑا رحم کرنیوالا ہے جس پر ہم ایمان لائے اور ہم نے تو اسی پر بھروسہ کر لیا ہے

فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○

تو عنقریب ہی تمھیں معلوم ہو جائے گا کہ کون صریح گمراہی میں پڑا ہے

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ

(اے حبیبؐ) کہہ دیجیے کہ بھلا دیکھو تو اگر تمھارا پانی زمین کے اندر چلا جائے تو کون ایسا ہے

يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ○ ع

جو تمھارے لیے پانی کا چشمہ بہا لائے

سُوْرَۃُ الْوَاقِعَۃِ مَدَنِیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ رحمٰن و رحیم کے نام سے

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَۃُ ۙ لَیْسَ لِوَقْعَتِہَا کَاذِبَۃٌ ۘ

جب واقع ہوجانے والی واقع ہوجائے گی اس کے واقع ہونے میں کوئی جھوٹ نہیں

خَافِضَۃٌ رَّافِعَۃٌ ۙ اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ

وہ پست کرنیوالی (بھی) ہے اور بلند کرنیوالی (بھی) جبکہ زمین ہلائی جائے گی

رَجًّا ۙ وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۙ فَکَانَتْ

ہلایا جانا اور پہاڑ ریزہ ریزہ کردیے جائیں گے ریزہ ریزہ کرنا پھر وہ

ہَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ۙ وَّکُنْتُمْ اَزْوَاجًا ثَلٰثَۃً ؕ

پھیلا ہوا غبار ہوجائیں گے اور تم تین قسم کے ہو جاؤ گے

فَاَصْحٰبُ الْمَیْمَنَۃِ ۙ۬ مَآ اَصْحٰبُ الْمَیْمَنَۃِ ؕ

پس دائیں ہاتھ والے کیا (اچھا نصیبہ) دائیں ہاتھ والوں کا

وَاَصْحٰبُ الْمَشْئَمَۃِ ۙ۬ مَآ اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَۃِ ؕ

اور بائیں ہاتھ والے کیا (بُرا نصیبہ) بائیں ہاتھ والوں کا۔

وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ ۚ اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ۚ

اور آگے بڑھنے والے ہی سب سے آگے ہوں گے وہی (اللہ تعالیٰ کے) مقرب ہوں گے

فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ○ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ○

وہ نعمتوں والی جنتوں میں ہوں گے پہلوں میں سے ایک انبوہِ کثیر ہوگا

وَقَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ○ عَلٰى سُرُرٍ

اور پچھلوں میں سے تھوڑے وہ سونے کی تاروں سے بنے ہوئے

مَّوْضُوْنَةٍ ○ مُّتَّكِـِٕيْنَ عَلَيْهَا مُتَقٰبِلِيْنَ ○

جڑاؤ تختوں پر ہوں گے ان پر (بیٹھے) آمنے سامنے تکیہ لگانے والے ہوں گے

يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ○

اُن پر (خدمت کے لیے) ہمیشہ رہنے والے لڑکے

بِاَكْوَابٍ وَّاَبَارِيْقَ ۙ وَكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ○

آبخوروں اور آفتابوں اور ایسی صاف شراب کے جام لیے ہوئے گردش کریں گے

لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ ○

جس سے انھیں نہ تو سر درد ہوگا اور نہ وہ بہکیں گے

وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ ○ وَلَحْمِ طَيْرٍ

اور میوے جنھیں وہ پسند کریں گے اور پرندوں کا گوشت

مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ○ وَحُوْرٌ عِيْنٌ ○

جس کی وہ خواہش کریں گے اور بڑی بڑی خوبصورت آنکھوں والی حوریں ہوں گی

كَأَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُونِ ۝ جَزَآءًۢ بِمَا

جیسے کہ چھپا کر رکھے ہوئے موتی — یہ بدلہ ہوگا ان اعمال کا جو

كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا

وہ کیا کرتے تھے — وہ اس (جنت) میں نہ بیہودہ گوئی سنیں گے

وَّلَا تَأْثِيمًا ۝ إِلَّا قِيلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ۝

اور نہ گناہ کی بات — سوائے سلام اور سلام کہنے کے

وَأَصْحٰبُ الْيَمِينِ ۝ مَآ أَصْحٰبُ الْيَمِينِ ۝

اور دائیں ہاتھ والے — کیا (اچھا نصیبہ) دائیں ہاتھ والوں کا

فِي سِدْرٍ مَّخْضُودٍ ۝ وَّطَلْحٍ مَّنْضُودٍ ۝

وہ بغیر کانٹوں کی جھکی ہوئی بیریوں میں ہوں گے — اور تہ بہ تہ لگے ہوئے کیلے

وَّظِلٍّ مَّمْدُودٍ ۝ وَّمَآءٍ مَّسْكُوبٍ ۝

اور پھیلے ہوئے سائے — اور بہایا ہوا پانی

وَّفَاكِهَةٍ كَثِيرَةٍ ۝ لَّا مَقْطُوعَةٍ وَّلَا مَمْنُوعَةٍ ۝

اور کثرت سے میوہ — نہ کاٹا گیا اور نہ روکا گیا

وَّفُرُشٍ مَّرْفُوعَةٍ ۝ إِنَّآ أَنْشَأْنٰهُنَّ إِنْشَآءً ۝

اور بلند کئے گئے فرش — یقیناً ہم نے ان (روحوں) کو پیدا کیا پیدا کرنا

فَجَعَلْنٰهُنَّ أَبْكَارًا ۝ عُرُبًا أَتْرَابًا ۝

پس ہم نے ان کو کنواری بنایا — شوہروں کی محبوبائیں (اور انکی) ہمجولیاں

لِّاَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ۝ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ۝

دائیں ہاتھ والوں کے لیے — پہلوں میں سے انبوہ کثیر ہوگا

وَثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ۝ وَاَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۝

اور پچھلوں میں سے بھی انبوہ کثیر ہوگا — اور بائیں ہاتھ والے

مَآ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۝ فِيْ سَمُوْمٍ وَّحَمِيْمٍ ۝

کیا (بُرا نصیبہ) ہوگا بائیں ہاتھ والوں کا — وہ زہریلی گرم ہوا اور کھولتے پانی

وَّظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُوْمٍ ۝ لَّا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ۝

اور سیاہ دھوئیں کے سائے میں ہوں گے — نہ ٹھنڈا ہوگا اور نہ باعزت

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُتْرَفِيْنَ ۝

یقیناً وہ اس سے پہلے دولت مند تھے

وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ ۝ وَكَانُوْا

اور وہ بہت بڑے گناہ پر اصرار کیا کرتے تھے — اور وہ

يَقُوْلُوْنَ ۝ اَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا

کہا کرتے تھے (کہ) کیا جب ہم مرگئے اور مٹی اور ہڈیاں ہو گئے

ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۝ اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ۝

تو کیا ہم ضرور (زندہ کرکے) اٹھائے جائیں گے — کیا ہمارے پہلے باپ دادا بھی

قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ۝ لَمَجْمُوْعُوْنَ ۝

(اے رسولؐ) کہہ دو (کہ) یقیناً پہلے اور پچھلے (لوگ) — سب اکٹھے کیے جائیں گے

اِلٰی مِیۡقَاتِ یَوۡمٍ مَّعۡلُوۡمٍ ۝ ثُمَّ اِنَّکُمۡ اَیُّهَا

ایک جانتے ہوئے دن کے مقررہ وقت پر — پھر یقیناً تم اے

الضَّآلُّوۡنَ الۡمُکَذِّبُوۡنَ ۝ لَاٰکِلُوۡنَ مِنۡ

گمراہو! جھٹلانے والو!

شَجَرٍ مِّنۡ زَقُّوۡمٍ ۝ فَمَالِـُٔوۡنَ مِنۡهَا الۡبُطُوۡنَ ۝

تھوہر کے درخت میں سے کھانے والے — پھر اسی میں سے پیٹوں کو بھرنے والے ہوگے

فَشٰرِبُوۡنَ عَلَیۡهِ مِنَ الۡحَمِیۡمِ ۝ فَشٰرِبُوۡنَ

پھر تم اسی کے اوپر سے کھولتا ہوا پانی پینے والے ہوگے — پس تم پیاسے اونٹوں

شُرۡبَ الۡهِیۡمِ ۝ هٰذَا نُزُلُهُمۡ یَوۡمَ الدِّیۡنِ ۝

کے پینے کی طرح پینے والے ہوگے — جزا و سزا کے دن یہ ان کی مہمانی ہوگی

نَحۡنُ خَلَقۡنٰکُمۡ فَلَوۡلَا تُصَدِّقُوۡنَ ۝ اَفَرَءَیۡتُمۡ

ہم نے ہی تمھیں پیدا کیا — پھر تم کیوں تصدیق نہیں کرتے — پھر کیا تم نے غور کیا

مَّا تُمۡنُوۡنَ ۝ ءَاَنۡتُمۡ تَخۡلُقُوۡنَهٗۤ اَمۡ نَحۡنُ

کہ جو منی تم (رحم میں) ڈالتے ہو — کیا تم اسے پیدا کرتے ہو یا ہم

الۡخٰلِقُوۡنَ ۝ نَحۡنُ قَدَّرۡنَا بَیۡنَکُمُ الۡمَوۡتَ

پیدا کرنے والے ہیں — ہم نے تمھارے درمیان موت کو مقدر کیا

وَمَا نَحۡنُ بِمَسۡبُوۡقِیۡنَ ۝ عَلٰۤی اَنۡ نُّبَدِّلَ اَمۡثَالَکُمۡ

اور ہم اس بات سے عاجز نہیں ہیں — کہ تمھارے ایسے لوگ بدل ڈالیں

وَنُنْشِئَكُمْ فِي مَا لَا تَعْلَمُونَ ۝ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ

اور اس ہیئت میں پیدا کریں جسے تم جانتے نہیں ہو اور یقیناً تم نے پہلی پیدائش کو

الْأُولَىٰ فَلَوْلَا تَذَكَّرُونَ ۝ أَفَرَءَيْتُم مَّا تَحْرُثُونَ ۝

جان لیا پھر تم کیوں نصیحت حاصل نہیں کرتے پھر کیا تم نے اس پر غور کیا جو تم بوتے ہو

ءَأَنتُمْ تَزْرَعُونَهُ أَمْ نَحْنُ الزَّارِعُونَ ۝ لَوْ نَشَاءُ

کیا تم اسے اُگاتے ہو یا ہم اُگانے والے ہیں اگر ہم چاہتے

لَجَعَلْنَاهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُونَ ۝ إِنَّا

تو البتہ اسے ریزہ ریزہ کر دیتے پھر تم باتیں ہی بناتے رہ جاتے کہ یقیناً ہم

لَمُغْرَمُونَ ۝ بَلْ نَحْنُ مَحْرُومُونَ ۝ أَفَرَءَيْتُمُ

تاوان ڈالے گئے ہیں بلکہ ہم محروم (لوگ) ہیں پھر کیا تم نے

الْمَاءَ الَّذِي تَشْرَبُونَ ۝ ءَأَنتُمْ أَنزَلْتُمُوهُ مِنَ

پانی پر غور نہیں کیا جسے تم پیتے ہو کیا تم نے اسے مزن سے نازل کیا

الْمُزْنِ أَمْ نَحْنُ الْمُنزِلُونَ ۝ لَوْ نَشَاءُ جَعَلْنَاهُ

یا ہم نازل کرنے والے ہیں اگر ہم چاہتے تو اسے

أُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُونَ ۝ أَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ

کھاری بنا دیتے پھر تم کیوں شکر نہیں کرتے پھر کیا تم نے آگ پر غور کیا

الَّتِي تُورُونَ ۝ ءَأَنتُمْ أَنشَأْتُمْ شَجَرَتَهَا أَمْ

جسے تم سلگاتے ہو کیا تم نے اس کے درخت کو پیدا کیا یا

نَحْنُ الْمُنْشِئُوْنَ ۝ نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً

ہم پیدا کرنے والے ہیں ہم نے ہی ان (درختوں) کو موجبِ عبرت

وَّمَتَاعًا لِّلْمُقْوِيْنَ ۝ج فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ

اور سرمایۂ دولت بنایا ہے مقوین کے لیے پس تو تسبیح کیے جا اپنے عظمت والے پروردگا

الْعَظِيْمِ ۝ع فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ۝لا وَاِنَّهٗ

کے نام کی پس میں ستاروں کے گرنے کی قسم کھاتا ہوں اور

لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ۝لا اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ۝لا

اگر تم جانتے ہو تو وہ قسم بہت عظمت والی ہے یقیناً وہ عظمت والا قرآن ہے

فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ۝لا لَّا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا

جو پوشیدہ کتاب میں ہے اسے کوئی نہیں چھوتا سوائے (ان کے)

الْمُطَهَّرُوْنَ ۝ط تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

جو پاک کر دیے گئے ہیں (اس کا) اُتارا جانا تمام جہانوں کے پروردگار کی طرف سے ہے

اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ۝لا وَتَجْعَلُوْنَ

پھر کیا تم اس کلام سے سستی کرنے والے ہو اور

رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ۝ فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ

اپنا حصہ یہی لیتے ہو کہ تم جھٹلاتے ہو پھر تم کیوں نہیں (روح کو ایمان کیطرف پلٹا

الْحُلْقُوْمَ ۝لا وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ۝لا وَنَحْنُ

دیتے) جبکہ وہ گلے تک پہنچے اور تم اس وقت دیکھتے ہو اور ہم

أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلَٰكِنْ لَا تُبْصِرُونَ ○ فَلَوْلَا إِنْ

تم سے اس کی طرف زیادہ نزدیک ہیں لیکن تم دیکھتے نہیں پھر اگر

كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِينِينَ ○ تَرْجِعُونَهَا إِنْ كُنْتُمْ

تم کسی کے غلام نہیں ہو تو تم کیوں نہیں اسے لوٹا دیتے اگر تم

صَادِقِينَ ○ فَأَمَّا إِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِينَ ○

سچے ہو پس اگر وہ (مرنے والا) مقربوں میں سے تھا

فَرَوْحٌ وَرَيْحَانٌ ۙ وَجَنَّتُ نَعِيمٍ ○ وَأَمَّا إِنْ

تو (اسکے لیے) راحت اور پاکیزہ روزی اور نعمتوں والی جنت ہو گی اور اگر

كَانَ مِنْ أَصْحَابِ الْيَمِينِ ○ فَسَلَامٌ لَكَ مِنْ

وہ دائیں ہاتھ والوں میں سے تھا تو (اسے کہا جائے گا کہ) تجھ پر

أَصْحَابِ الْيَمِينِ ○ وَأَمَّا إِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِينَ

دائیں ہاتھ والوں کی طرف سے سلام ہے اور اگر وہ جھٹلانے والے

الضَّالِّينَ ○ فَنُزُلٌ مِنْ حَمِيمٍ ○ وَتَصْلِيَةُ

گمراہوں میں سے تھا تو کھولتے ہوئے پانی سے مہمانی ہو گی اور دوزخ کی

جَحِيمٍ ○ إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِينِ ○

آگ میں جلنا یقیناً یہ ضرور یقینی سچ ہے

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ ○

پس تو اپنے عظمت والے پروردگار کے نام کی تسبیح کیے جا

چہار قل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ رحمٰن و رحیم کے نام سے

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا

(اے رسولؐ) کہہ دیجئے اے کافرو! میں اس کی عبادت نہیں کرتا جس کو

تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝

تم پوجتے ہو اور نہ تم اس کی عبادت کرنیوالے ہو جس کی میں عبادت کرتا ہوں

وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ

اور نہ میں اس کی عبادت کرنیوالا ہوں جس کی تم نے پوجا کی اور نہ تم

عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِيْنُكُمْ

اسکی عبادت کرنیوالے ہو جس کی میں عبادت کرتا ہوں تمہارا دین تمہارے لیے ہے

وَلِيَ دِيْنِ ۝

اور میرا دین میرے لیے ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ رحمٰن و رحیم کے نام سے

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝

(اے رسولؐ) کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ یکتا ہے اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے

لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ
نہ اس نے (کسی کو) جنا اور نہ وہ جنا گیا اور نہ کوئی اس کا

كُفُوًا اَحَدٌ ۝
ہمسر ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اللہ رحمٰن و رحیم کے نام سے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ
(اے رسولؐ) کہہ دیجئے کہ میں صبح کے پروردگار کی پناہ لیتا ہوں ہر چیز کے شر سے

مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝
جسے اس نے پیدا کیا اور اندھیری رات کے شر سے جبکہ وہ چھا جائے

وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ
اور گرہوں میں پھونکیں مارنے والیوں کے شر سے اور

شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝
حسد کرنیوالے کے شر سے جب وہ حسد کرے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اللہ رحمٰن و رحیم کے نام سے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ
(اے رسولؐ) فرما دیجئے کہ میں پناہ لیتا ہوں لوگوں کے پروردگار کی لوگوں کے

النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۵ۙ
بادشاہ کی لوگوں کے معبود کی (وسوسہ ڈال کر پیچھے ہٹ جانے والے شیطان)
الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ
خناس کے وسوسوں کے شر سے جو لوگوں کے سینوں میں وسوسہ ڈالتا
النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۶ؑ
رہتا ہے جنوں اور آدمیوں میں سے

سُوْرَةُ التَّكَاثُرِ	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
	اللہ رحمٰن ور رحیم کے نام سے

اَلْهٰىكُمُ التَّكَاثُرُ ۙ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ۭ
تمھیں (مال و دولت) کی کثرت نے غافل بنائے رکھا یہاں تک کہ تم نے قبروں کی زیارت کی
كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۭ
ہرگز نہیں تم عنقریب جان لوگے پھر ہرگز نہیں تم عنقریب جان لوگے
كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْیَقِیْنِ لَتَرَوُنَّ
ہرگز نہیں اگر تم یقینی طور پر جان لو (تو غافل نہ رہو) البتہ تم ضرور دیکھو گے
الْجَحِیْمَ ۙ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَیْنَ الْیَقِیْنِ ۙ ثُمَّ
دوزخ کو پھر البتہ تم اسے یقین کی آنکھ سے دیکھو گے پھر
لَتُسْئَلُنَّ یَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِیْمِ ۸ؑ
البتہ تم سے اس دن نعمتوں کے بارے میں ضرور باز پرس ہوگی

سُورَةُ الْقَدْرِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ رحمٰن و رحیم کے نام سے

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ

یقیناً ہم نے اسے (قرآن) کو شب قدر میں نازل کیا اور آپ کو کس چیز نے بتلایا

مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ

کہ شب قدر کیا چیز ہے شب قدر بہتر ہے

اَلْفِ شَهْرٍ ۝ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا

ہزار مہینوں سے اس میں فرشتے اور روح

بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝ سَلٰمٌ

اپنے پروردگار کے اذن سے ہر معاملہ لے کر اترتے ہیں یہ رات سلامتی ہی سلامتی

هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝

ہے یہاں تک کہ فجر طلوع ہو جائے

نماز میں جلدی کرو قبل اس کے کہ قضا ہو جائے

توبہ میں جلدی کرو قبل اس کے کہ موت آ جائے

آیۃ الکرسی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ۚ اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ۬ۚ

اللہ ہی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہمیشہ زندہ ہے سب کو قائم رکھنے والا

لَا تَاۡخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّ لَا نَوۡمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا

اسے نہ اونگھ آتی ہے نہ نیند اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ

فِی الۡاَرۡضِ ؕ مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یَشۡفَعُ عِنۡدَہٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِہٖ ؕ

زمین میں ہے کون ہے جو اس کے ہاں سفارش کرے مگر اس کے اذن سے

یَعۡلَمُ مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡہِمۡ وَ مَا خَلۡفَہُمۡ ۚ وَ لَا

وہ جانتا ہے جو کچھ ان کے سامنے ہے اور جو کچھ ان کے پیچھے ہے اور وہ

یُحِیۡطُوۡنَ بِشَیۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِہٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ

کسی چیز کا احاطہ نہیں کر سکتے اس کے علم میں سے مگر جو وہ چاہے

وَسِعَ کُرۡسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ ۚ وَ لَا یَـُٔوۡدُہٗ

اس کی کرسی آسمانوں اور زمین کو گھیرے ہوئے ہے اور اسے تھکاتی نہیں

حِفۡظُہُمَا ۚ وَ ہُوَ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ ۝ لَاۤ اِکۡرَاہَ

ان کی حفاظت اور وہ اونچی شان اور عظمت والا ہے کوئی زبردستی نہیں

فِی الدِّیۡنِ ۟ۙ قَدۡ تَّبَیَّنَ الرُّشۡدُ مِنَ الۡغَیِّ ۚ فَمَنۡ

دین میں ہدایت گمراہی سے ظاہر (واضح) ہو چکی پس جو

تیرے حالات میں کس قدر لطیف صنعتیں صرف فرمائی ہیں
جَعَلَكَ مِفْتَاحَ شَهْرٍ حَادِثٍ لِّاَمْرٍ حَادِثٍ
اس نے تجھے نئے مہینے کے نئے معاملات کی کنجی بنایا
فَاَسْئَلُ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكَ وَخَالِقِيْ وَخَالِقَكَ
تو میں اس اللہ سے سوال کرتا ہوں جو میرا اور تیرا پروردگار، میرا اور تیرا خالق
وَمُقَدِّرِيْ وَمُقَدِّرَكَ وَمُصَوِّرِيْ وَمُصَوِّرَكَ
میری اور تیری تقدیر بنانے اور میری اور تیری صورت بنانے والا ہے
اَنْ يُّصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ
کہ وہ رحمت نازل فرمائے محمد و آل محمد علیہم الصلوٰۃ والسلام پر
وَاَنْ يَّجْعَلَكَ هِلَالَ بَرَكَةٍ لَّا تَمْحَقُهَا الْاَيَّامُ
اور تجھے اپنی برکتوں کا چاند بنا دے جن کو زمانہ اور دن نہ مٹا سکیں
وَطَهَارَةٍ لَّا تُدَنِّسُهَا الْاٰثَامُ
تجھے ایسی طہارت کا چاند قرار دے جسے گناہ نجس نہ کر سکیں

هِلَالَ اَمْنٍ مِّنَ الْاٰفَاتِ وَسَلَامَةٍ مِّنَ السَّيِّئَاتِ

ایسا چاند جو آفتوں سے محفوظ اور برائیوں سے سالم ہو

هِلَالَ سَعْدٍ لَّا نَحْسَ فِيْهِ وَيُمْنٍ لَّا نَكَدَ مَعَهٗ

ایسا چاند جس میں سعادتوں کے ساتھ نحوستیں نہ ہوں، برکتیں ہوں زندگی کی تنگیاں نہ ہوں۔

وَيُسْرٍ لَّا يُمَازِجُهٗ عُسْرٌ وَّخَيْرٍ لَّا يَشُوْبُهٗ شَرٌّ

ایسی آسانیاں جو سختیوں کی ملاوٹ سے پاک ہوں، وہ نیکیاں ہوں جن میں شر کا میل نہ ہو

هِلَالَ اَمْنٍ وَّاِيْمَانٍ وَّنِعْمَةٍ

امن و ایمان، نعمت و

وَّاِحْسَانٍ وَّسَلَامَةٍ وَّاِسْلَامٍ

احسان، سلامتی و امن کا چاند

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

خدایا! محمد و آل محمد علیہم الصلوٰۃ والسلام پر رحمت نازل فرما

وَاجْعَلْنَا مِنْ اَرْضٰى مَنْ طَلَعَ عَلَيْهِ وَاَزْكٰى

اور ہمیں ان پسندیدہ ترین آدمیوں میں سے بنا جن پر یہ چاند چمکا ان پاکیزہ ترین

مَنْ نَّظَرَ اِلَيْهِ وَاَسْعَدَ مَنْ

آدمیوں میں سے بنا جنھوں نے اس پر نگاہ ڈالی ان خوش قسمت ترین لوگوں میں سے بنا جو

تَعَبَّدَ لَكَ فِيْهِ وَوَفِّقْنَا فِيْهِ لِلتَّوْبَةِ

اس مہینہ میں تیری عبادت کریں، ہمیں اس ماہ میں توبہ کی توفیق عطا فرما

وَاعْصِمْنَا فِيهِ مِنَ الْحَوْبَةِ وَاحْفَظْنَا فِيهِ

اور ہمیں اس مہینہ میں گناہ سے بچا اور اپنی نافرمانی میں

مِنْ مُّبَاشَرَةِ مَعْصِيَتِكَ وَاَوْزِعْنَا فِيهِ شُكْرَ

مبتلا ہونے سے محفوظ رکھ اور اپنی نعمتوں کا شکر ادا کرنے کا

نِعْمَتِكَ وَاَلْبِسْنَا فِيهِ جُنَنَ الْعَافِيَةِ

موقع فراہم فرما ہمیں عافیت کا لباسِ حفاظت پہنا دے

وَاَتْمِمْ عَلَيْنَا بِاسْتِكْمَالِ طَاعَتِكَ فِيهِ الْمِنَّةَ

اور اس مہینے میں اپنے احسانات اپنی اطاعت کی تکمیل کے ساتھ مرحمت فرما

اِنَّكَ الْمَنَّانُ الْحَمِيدُ وَصَلَّى اللّٰهُ

بلاشبہ تو بڑا احسان کرنے والا اور بہت قابلِ ستائش ہے اور اللہ نے رحمت

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِهِ الطَّيِّبِينَ الطَّاهِرِينَ

نازل فرمائی محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کے پاکیزہ اہل بیت پر

قنوتِ نمازِ جمعہ

اَللّٰهُمَّ اِنَّ عَبِيدًا مِّنْ

اے اللہ تیرے صالح بندوں میں سے

عِبَادِكَ الصَّالِحِينَ قَامُوا بِكِتَابِكَ وَسُنَّةِ

کچھ بندے تیری کتاب اور تیرے نبیؐ کی سنت پر

نَبِيِّكَ فَاجْزِهِمْ عَنَّا خَيْرَ الْجَزَاءِ

قائم رہے۔ ان کو ہماری طرف سے (بھی) بہترین جزا عطا کر

اعمالِ ماہِ رمضان مبارک

دُعائے ہلال

رَبِّیْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ

میرا اور تیرا رب اللہ ہے جو سب جہانوں کا پروردگار ہے

اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهُ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ

یا اللہ! اس چاند کو امن و ایمان ،

وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ وَالْمُسَارَعَةِ اِلٰی

سلامتی اور اسلام اور تیری محبت و رضا کی طرف

مَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْ

بڑھنے کا (نشان) بنا دے یا اللہ! ہمارا یہ مہینہ ہمارے لیے

شَهْرِنَا هٰذَا وَارْزُقْنَا خَیْرَهُ وَعَوْنَهُ

مبارک اور ہمیں اس کی بھلائی اور اس کی امداد مرحمت فرما

وَاصْرِفْ عَنَّا ضُرَّهُ وَشَرَّهُ وَبَلَاۤءَهُ

اور ہم کو اس مہینے کے نقصانات، تکالیف، بلاؤں

وَفِتْنَتَهُ

اور فتنوں سے بچا

رمضان المبارک کا چاند دیکھ کر قرآن پاک یا کسی عالم یا اپنے اہل و عیال کو دیکھا جائے

ایک اور دُعا

روایت ہے کہ چاند دیکھ کر اس دُعا کا پڑھنا ضروریات سے ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَنِیْ وَخَلَقَكَ

اس اللہ کی حمد، جس نے مجھے اور تجھے پیدا کیا

وَقَدَّرَ مَنَازِلَكَ وَجَعَلَكَ مَوَاقِیْتَ لِلنَّاسِ

اور تیری منزلیں معیّن کر دیں اور تجھے لوگوں کے لیے زمانے کا نشان بنایا

اَللّٰھُمَّ اَھِلَّهُ عَلَیْنَا ھِلَالًا مُّبَارَكًا

یا اللہ! یہ چاند دیکھنا برکت کا سبب ہو

اَللّٰھُمَّ اَدْخِلْهُ عَلَیْنَا بِالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ

یا اللہ! یہ چاند ہم پر سلامتی و اسلام،

وَالْیَقِیْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالْبِرِّ وَالتَّقْوٰی

یقین و ایمان، نیکی و تقوٰی

وَالتَّوْفِیْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی

اور ایسی توفیق (عمل کا جامع) ہو جو تجھے پسند اور تیری رضا کے قابل ہو

نیّتِ روزہ

نیّت میں اتنا ہی کافی ہے کہ شب میں یہ ارادہ کرے کہ کل روزہ رکھوں گا (یا رکھوں گی) قربتہً الی اللہ۔ اور یہ بھی لازم ہے کہ روزہ محض حکم خدا کی تعمیل کے لیے رکھے۔ اَحوَط یہ ہے کہ شبِ اوّل میں پورے مہینے کے روزوں کی نیت کر لے اور

پھر ہر رات علیحدہ بھی نیت کرے ، اور اگر نیت کرنا بھول گیا ہو تو اگر زوال سے قبل یاد آجائے تو فوراً نیت کرلے روزہ صحیح رہے گا اور اگر زوال کے بعد یاد آئے تو باقی دن منافیٔ روزہ چیزوں سے پرہیز کرے لیکن روزہ باطل ہوگا۔ البتہ کفارہ واجب نہیں ہوگا۔ صرف قضا کی ادائگی واجب ہوگی

دُعائے افطار

اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ
یا اللہ! تیرے لیے میں نے روزہ رکھا

وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ
تیرے رزق پر افطار کیا اور تجھی پر میں نے بھروسہ کیا

دُعائے ہر شب

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذَا الشَّهْرِ رَمَضَانَ الَّذِیْ
یا اللہ! اس مہینے رمضان کے رب جس میں

اَنْزَلْتَ فِيْهِ الْقُرْاٰنَ وَافْتَرَضْتَ عَلٰى عِبَادِكَ
تونے قرآن نازل کیا اور اپنے بندوں پر اس میں

فِيْهِ الصِّيَامَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ
روزے فرض کیے رحمت نازل فرما محمدؐ اور آلِ محمدؐ پر

وَارْزُقْنِىْ حَجَّ بَيْتِكَ الْحَرَامِ فِىْ عَامِىْ هٰذَا
اور مجھے اپنے محترم گھر (کعبے) کا حج نصیب کر اسی سال

وَفِي كُلِّ عَامٍ وَاغْفِرْ لِي تِلْكَ الذُّنُوبَ الْعِظَامَ

بلکہ ہر سال اور میرے بڑے بڑے گناہ بخش دے

فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُهَا غَيْرُكَ يَا رَحْمٰنُ يَا عَلَّامُ

کہ وہ گناہ تیرے علاوہ کوئی بخشنے والا نہیں اے رحمٰن! اے علّام!

یہ دُعا بھی پڑھی جائے

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْئَلُكَ أَنْ تَجْعَلَ فِيمَا تَقْضِي

یا اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ مجھے بھی ان میں شمار کر جن کے بارے میں

وَتُقَدِّرُ مِنَ الْأَمْرِ الْمَحْتُومِ فِي الْأَمْرِ

تو تضاوت در کے حتمی فیصلے حکمت سے

الْحَكِيمِ مِنَ الْقَضَاءِ الَّذِي لَا يُرَدُّ وَلَا

احکام میں وہ فیصلے کرے گا جنھیں نہ رد کیا جا سکتا ہے اور نہ

يُبَدَّلُ أَنْ تَكْتُبَنِي مِنْ حُجَّاجِ بَيْتِكَ

بدلا جا سکتا ہے۔ یہ کہ مجھے اپنے محترم گھر کے ان حاجیوں میں رکھ دے

الْحَرَامِ الْمَبْرُورِ حَجُّهُمُ الْمَشْكُورِ

جن کے حج پسندیدہ

سَعْيُهُمُ الْمَغْفُورِ ذُنُوبُهُمُ الْمُكَفَّرِ

جن کی سعی مقبول، جن کے گناہ بخشے ہوئے، جن کی بدعملی کے

عَنْ سَيِّئَاتِهِمْ وَاَنْ تَجْعَلَ فِيْمَا تَقْضِيْ

کفارے ادا ہو چکے اور یہ کہ مجھے قضا و قدر کے وقت

وَتُقَدِّرُ اَنْ تُطِيْلَ عُمْرِيْ فِيْ خَيْرٍ وَعَافِيَةٍ

یوں قرار دے کہ میری عمر طویل ، بھلائی ، تندرستی کے ساتھ رہے

وَتُوَسِّعَ فِيْ رِزْقِيْ وَتَجْعَلَنِيْ مِمَّنْ تَنْتَصِرُ

اور میری روزی میں وسعت ہو ، مجھے ان لوگوں میں قرار دے جو تیرے

بِهٖ لِدِيْنِكَ وَلَا تَسْتَبْدِلْ بِيْ غَيْرِيْ

دین کی مدد کرنے والے ہیں اور میری جگہ میرے غیر کو نہ دے

یہ دُعا بھی پڑھی جائے

اَللّٰهُمَّ بِرَحْمَتِكَ فِي الصّٰلِحِيْنَ فَاَدْخِلْنَا

یا اللہ! مجھے اپنی رحمت سے نیک عمل لوگوں میں داخل کرنا

وَفِيْ عِلِّيِّيْنَ فَارْفَعْنَا وَبِكَاْسٍ مِّنْ

اور جنت کے بلند درجوں میں جگہ دینا ، اور سلسبیل کے

مَّعِيْنٍ مِّنْ عَيْنٍ سَلْسَبِيْلٍ فَاسْقِنَا

صاف و شفاف پانی کے چشمے کے پیالے سے سیراب کرنا

وَمِنَ الْحُوْرِ الْعِيْنِ بِرَحْمَتِكَ فَزَوِّجْنَا

اور اپنی رحمت کے صدقے مجھے حورِ عین کا ساتھی بنانا

وَمِنَ الْوِلْدَانِ الْمُخَلَّدِيْنَ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ

اور چمکتے موتی جیسے ، سدا زندہ رہنے والے نوعمر خادموں کو

مَّكْنُوْنٌ فَاَخْدِمْنَا وَمِنْ ثِمَارِ الْجَنَّةِ

ہماری خدمت میں دینا اور جنت کے پھلوں ،

وَلُحُوْمِ الطَّيْرِ فَاَطْعِمْنَا وَمِنْ ثِيَابِ

پرندوں کے گوشت کو خوراک میں دینا اور

السُّنْدُسِ وَالْحَرِيْرِ وَالْاِسْتَبْرَقِ فَاَلْبِسْنَا

سُندس (جنت) کا کپڑا اور ریشم و استبرق کے خلعت عطا کرنا

وَلَيْلَةَ الْقَدْرِ وَحَجَّ بَيْتِكَ الْحَرَامِ وَقَتْلًا

اور شب قدر و حج بیت اللہ اور راہِ حق میں قتل

فِيْ سَبِيْلِكَ فَوَفِّقْ لَنَا وَصَالِحَ الدُّعَاۤءِ

ہونے کی توفیق عطا فرما ، اور صالح دعاؤں

وَالْمَسْئَلَةِ فَاسْتَجِبْ لَنَا وَاِذَا جَمَعْتَ

اور سوالوں کو پورا کر اور جب

الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَارْحَمْنَا

اولین و آخرین کو قیامت کے دن جمع کرنا تو ھم پر رحم فرمانا

وَبَرَاۤءَةً مِّنَ النَّارِ فَاكْتُبْ لَنَا وَفِيْ

اور جہنم کی آگ سے آزادی دینا اور

جَهَنَّمَ فَلَا تَغُلَّنَا وَفِي عَذَابِكَ وَهَوَانِكَ

دوزخ میں زنجیروں سے نہ جکڑنا ، عذاب و رسوائی میں

فَلَا تَبْتَلِنَا وَمِنَ الزَّقُّومِ وَالضَّرِيعِ فَلَا

مبتلا نہ فرمانا ، تھوہر اور بدبودار پانی نہ

تُطْعِمْنَا وَمَعَ الشَّيَاطِينِ فَلَا تَجْعَلْنَا

پلوانا اور شیطانوں کے ساتھ نہ رکھنا ،

وَفِي النَّارِ عَلَى وُجُوهِنَا فَلَا تَكُبَّنَا وَمِنْ

ہمیں چہروں کے بل آگ میں نہ ڈھکیلنا ، اور

ثِيَابِ النَّارِ وَسَرَابِيلِ الْقَطِرَانِ فَلَا تُلْبِسْنَا

آگ کے پیراہن اور زیر جامے نہ پہنانا

وَمِنْ كُلِّ سُوْءٍ يَا لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ

اے وہ معبود کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہمیں ہر برائی سے

بِحَقِّ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ فَنَجِّنَا

بحق لا الٰہ الا انت نجات دینا

(اے خدا) تو ہمارے پوشیدہ اور ظاہر کو جانتا ہے۔

تو ہمارے گناہوں کو معاف فرما کیونکہ تیرے سوا

گناہ معاف کرنے والا کوئی نہیں۔

دُعائے سَحَر

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ بَهَآئِكَ بِاَبْهَاهُ وَكُلُّ
یا اللہ! میں تیرے نور بالائے نور سے سوال کرتا ہوں اور تیرا تو

بَهَآئِكَ بَهِیٌّ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِبَهَآئِكَ كُلِّهٖ
ہر نور نور ہے ، یا الٰہی! میں تیرے نورِ کامل سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ جَمَالِكَ بِاَجْمَلِهٖ وَكُلُّ
یا اللہ! میں تیرے جمال بالائے جمال کے ذریعے سے سوال کرتا ہوں اور تیرا ہر

جَمَالِكَ جَمِیْلٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِجَمَالِكَ كُلِّهٖ
جمال بڑا جمال ہے ، الٰہی! میں تیرے کامل جمال کے واسطے سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ جَلَالِكَ بِاَجَلِّهٖ وَكُلُّ
یا اللہ! میں تیرے اس جلال کے ذریعے سے سوال کرتا ہوں جو بہت بڑا جلال ہے اور

جَلَالِكَ جَلِیْلٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِجَلَالِكَ كُلِّهٖ
تیرا ہر جلال بڑا جلال ہے ، الٰہی! میں تیرے جلالِ کامل کے ذریعے سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ عَظَمَتِكَ بِاَعْظَمِهَا وَكُلُّ
یا اللہ! میں تیری عظمت اور بڑی عظمت کے ذریعے سے سوال کرتا ہوں اور تیری

عَظَمَتِكَ عَظِیْمَةٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِعَظَمَتِكَ كُلِّهَا
ہر عظمت عظیم ہے الٰہی! میں تیری عظمتِ کامل کے ذریعے سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّىۡ اَسْئَلُكَ مِنْ نُوْرِكَ بِاَنْوَرِهٖ وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیرے نورِ انور سے سوال کرتا ہوں اور تیرا ہر

نُوْرِكَ نَيِّرٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّىۡ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِكَ كُلِّهٖ

نور بالائے نور ہے الٰہی! میں تیرے نورِ کامل سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّىۡ اَسْئَلُكَ مِنْ رَحْمَتِكَ بِاَوْسَعِهَا وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیری وسیع ترین رحمت سے سوال کرتا ہوں اور تیری

رَحْمَتِكَ وَاسِعَةٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّىۡ اَسْئَلُكَ بِرَحْمَتِكَ كُلِّهَا

ہر رحمت وسیع ترین ہے الٰہی! میں تیری رحمتِ کاملہ سے مانگتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّىۡ اَسْئَلُكَ مِنْ كَلِمٰتِكَ بِاَتَمِّهَا وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیرے کامل ترین کلمات سے سوال کرتا ہوں اور تیرے سب

كَلِمٰتِكَ تَآمَّةٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّىۡ اَسْئَلُكَ بِكَلِمٰتِكَ كُلِّهَا

کلمے کامل ترین ہیں الٰہی! میں تیرے کامل کلمات سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّىۡ اَسْئَلُكَ مِنْ كَمَالِكَ بِاَكْمَلِهٖ وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیرے کمالِ اکمل سے سوال کرتا ہوں اور تیرا ہر

كَمَالِكَ كَامِلٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّىۡ اَسْئَلُكَ بِكَمَالِكَ كُلِّهٖ

کمال کامل ترین ہے الٰہی! میں تیرے کمالِ اکمل سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّىۡ اَسْئَلُكَ مِنْ اَسْمَآئِكَ بِاَكْبَرِهٖ وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیرے ناموں میں سب سے بڑے نام سے سوال کرتا ہوں اور تیرے

أَسْمَائِكَ كَبِيرَةٌ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ بِأَسْمَائِكَ كُلِّهَا

سب نام بہت بڑے ہیں الٰہی! میں تیرے سب ناموں کے ذریعہ سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ مِنْ عِزَّتِكَ بِأَعَزِّهَا وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیری عزت بالائے عزت سے سوال کرتا ہوں اور تیری ہی

عِزَّتِكَ عَزِيزَةٌ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ بِعِزَّتِكَ كُلِّهَا

عزت سب سے بالا ہے الٰہی! میں تیری عزتِ کاملہ سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ مِنْ مَشِيَّتِكَ بِأَمْضَاهَا وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیری اس مشیت سے سوال کرتا ہوں جو سب سے زیادہ جاری ہے اور

مَشِيَّتِكَ مَاضِيَةٌ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ بِمَشِيَّتِكَ كُلِّهَا

تیری ہر مشیت جاری ہے الٰہی! میں تیری مشیت کاملہ سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ مِنْ قُدْرَتِكَ بِالْقُدْرَةِ الَّتِيْ

یا اللہ! میں تیری اس قدرت سے سوال کرتا ہوں جس کی

اسْتَطَلْتَ بِهَا عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَكُلُّ قُدْرَتِكَ

بناء پر تو ہر چیز پر قادر ہے اور تیری ہر قدرت

مُسْتَطِيلَةٌ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ بِقُدْرَتِكَ كُلِّهَا

غالب ہے الٰہی! میں تیری قدرتِ کاملہ سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ مِنْ عِلْمِكَ بِأَنْفَذِهٖ وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیرے نافذ ترین علم سے سوال کرتا ہوں اور

عِلْمُكَ نَافِذٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِعِلْمِكَ كُلِّهِ
تیرا ہر علم نافذ ہے الٰہی! میں تیرے علم کامل سے سوال کرتا ہوں
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ قَوْلِكَ بِاَرْضَاهُ وَكُلُّ
یا اللہ! میں تیرے اس قول سے سوال کرتا ہوں جو سب سے زیادہ پسندیدہ ہے اور تیرا
قَوْلِكَ رَضِیٌّ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِقَوْلِكَ كُلِّهِ
ہر قول پسندیدہ ہے الٰہی! میں تیرے قول کامل سے سوال کرتا ہوں
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ مَّسَآئِلِكَ بِاَحَبِّهَا
یا اللہ! میں تیرے پسندیدہ مسائل میں سے سوال کرتا ہوں
اِلَیْكَ وَكُلُّ مَسَآئِلِكَ اِلَیْكَ حَبِیْبَةٌ
اور تیرے سب مسائل پسندیدہ ہیں
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِمَسَآئِلِكَ كُلِّهَا
الٰہی! میں تیرے مسائل کاملہ سے سوال کرتا ہوں
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ شَرَفِكَ بِاَشْرَفِهِ وَكُلُّ
یا اللہ! میں تیرے شرف بالائے شرف سے سوال کرتا ہوں اور
شَرَفِكَ شَرِیْفٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِشَرَفِكَ كُلِّهِ
تیرا ہر شرف بلند و برتر ہے الٰہی! میں تیرے شرف کامل سے سوال کرتا ہوں
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ سُلْطَانِكَ بِاَدْوَمِهِ وَكُلُّ
یا اللہ! میں تیری کامل بادشاہی سے سوال کرتا ہوں اور تیری ہر قسم کی

سُلْطٰنِكَ دَآئِمٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِسُلْطٰنِكَ كُلِّهٖ

سلطنت دائمی ہے الٰہی! میں تیری کامل بادشاہی سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ مُّلْكِكَ بِاَفْخَرِهٖ وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیرے نفیس ترین مُلک سے سوال کرتا ہوں اور تیرا پورا

مُلْكِكَ فَاخِرٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِمُلْكِكَ كُلِّهٖ

مُلک نفیس ترین ہے الٰہی! میں تیرے ملکِ کامل کے ذریعے سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ عُلُوِّكَ بِاَعْلَاهُ وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیری بلند ترین بلندی کے صدقے میں مانگتا ہوں اور تیری ہر

عُلُوِّكَ عَالٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِعُلُوِّكَ كُلِّهٖ

بلندی انتہائی بلند ہے الٰہی! میں تیری کامل بلندی کے واسطے سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ مَّنِّكَ بِاَقْدَمِهٖ وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیرے قدیم ترین احسان کے واسطے سے مانگتا ہوں اور تیرا ہر

مَنِّكَ قَدِيْمٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِمَنِّكَ كُلِّهٖ

احسان بہت قدیم ہے الٰہی! میں تیرے احسانِ کامل کے وسیلہ سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ اٰيٰتِكَ بِاَكْرَمِهَا وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیری آیتوں میں سب سے معزز آیت کے وسیلے سے سوال کرتا ہوں اور تیری ہر

اٰيٰتِكَ كَرِيْمَةٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاٰيٰتِكَ كُلِّهَا

آیت انتہائی مکرم ہے الٰہی! میں تیری سب آیتوں کے ذریعے سے سوال کرتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِمَآ اَنْتَ فِیْهِ مِنَ الشَّاْنِ

یا اللہ! میں، تیری ہر شانِ یکتائی اور

وَالْجَبَرُوْتِ وَاَسْئَلُكَ بِكُلِّ شَاْنٍ وَّحْدَهٗ

اور جبروت منفرد کی بنا پر

وَجَبَرُوْتٍ وَّحْدَهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِمَا

دعا کرتا ہوں الٰہی! میں دعا کرتا ہوں کہ

تُجِیْبُنِیْ حِیْنَ اَسْئَلُكَ فَاَجِبْنِیْ یَآ اَللّٰهُ

جب میں دعا کروں تو قبول کرلے لہٰذا اے اللہ میری دعا قبول فرما

مختصر دعائے سحر

یَا مَفْزَعِیْ عِنْدَ كُرْبَتِیْ وَیَا غَوْثِیْ عِنْدَ شِدَّتِیْ

اے میرے دکھ میں میرے فریاد رس! اے میری سختیوں میں میری داد کو پہنچنے والے

اِلَیْكَ فَزِعْتُ وَبِكَ اسْتَغَثْتُ وَبِكَ لُذْتُ

میں تجھ سے فریاد کرتا ہوں، تجھ سے داد مانگتا ہوں اور تجھی سے پناہ کی درخواست ہے،

لَآ اَلُوْذُ بِسِوَاكَ وَلَآ اَطْلُبُ الْفَرَجَ

تیرے غیر سے پناہ نہیں لوں گا۔ اور تیرے سوا کسی سے کشائش طلب

اِلَّا مِنْكَ فَاَغِثْنِیْ وَفَرِّجْ عَنِّیْ

نہ کروں گا میری فریاد کو پہنچ میرے غم کو دور کردے

يَا مَنْ يَقْبَلُ الْيَسِيْرَ وَيَعْفُوْ عَنِ الْكَثِيْرِ

اے کم سے کم تر عمل خیر کو قبول اور زیادہ سے زیادہ گناہوں کو معاف کرنے والے

اِقْبَلْ مِنِّي الْيَسِيْرَ وَاعْفُ عَنِّي الْكَثِيْرَ

میرے حقیر عمل کو قبول فرما ــــــ اور میرے بہت سے گناہوں کو بخش دے

اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ

بلاشبہ تو بہت زیادہ بخشنے والا اور بہت زیادہ رحم کرنے والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اِيْمَانًا تُبَاشِرُ بِهٖ قَلْبِيْ

یا اللہ! میں تجھ سے وہ ایمان مانگتا ہوں جس سے دل کو فرحت ہو

وَيَقِيْنًا صَادِقًا حَتّٰى اَعْلَمَ اَنَّهٗ لَنْ يُّصِيْبَنِيْ

اور ایسا سچا یقین کہ مجھے علم و یقین ہوجائے کہ مجھے ہرگز کچھ نہیں مل سکتا

اِلَّا مَا كَتَبْتَ لِيْ وَرَضِّنِيْ مِنَ الْعَيْشِ

مگر وہ جو تو نے میرے مقدر میں لکھ دیا ہے اور زندگانی دنیا میں جو میرے نصیب میں

بِمَا قَسَمْتَ لِيْ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

ہے اس پر مجھے راضی کر دے اے رحم کرنے والوں میں سب سے بڑے رحم کرنے والے

يَا عُدَّتِيْ فِيْ كُرْبَتِيْ وَيَا صَاحِبِيْ فِيْ شِدَّتِيْ

اے تکلیفوں کے وقت میرے سہارے ، میری سختیوں میں میرے ساتھی ،

وَيَا وَلِيِّيْ فِيْ نِعْمَتِيْ وَيَا غَايَتِيْ فِيْ رَغْبَتِيْ

میری نعمتوں کے والی ، میری خواہشوں کی انتہا

أَنْتَ السَّاتِرُ عَوْرَتِي وَالْآمِنُ رَوْعَتِي
توہی میری کمزوریاں چھپانے والا ، توہی میرے خوف کو اطمینان سے بدلنے والا ،
وَالْمُقِيلُ عَثْرَتِي فَاغْفِرْ لِي خَطِيئَتِي
میری ٹھوکروں کو معاف کرنے والا ہے میری خطائیں معاف فرما دے
يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ
اے ارحم الراحمین

ماہِ رمضان میں ہر نماز کے بعد کی دُعا

يَا عَلِيُّ يَا عَظِيمُ يَا غَفُورُ يَا رَحِيمُ
اے بلند ذات اے عظمت کے مالک اے بہت بخشنے والے اے بہت رحم کرنے والے
أَنْتَ الرَّبُّ الْعَظِيمُ الَّذِي لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ
توہی وہ عظیم رب ہے جس کی مثال کوئی چیز نہیں
وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ وَهٰذَا شَهْرٌ عَظَّمْتَهُ
وہ بہت سننے والا بیحد صاحب نظر ہے اور یہ مہینہ وہ ہے جسے تو نے عظمت دی
وَكَرَّمْتَهُ وَشَرَّفْتَهُ وَفَضَّلْتَهُ عَلَى الشُّهُورِ
اسے مکرم کیا ، اسے شرف دیا اور تو نے ہی اسے تمام مہینوں پر فضیلت دی
وَهُوَ الشَّهْرُ الَّذِي فَرَضْتَ صِيَامَهُ عَلَيَّ
اسی مہینے میں تو نے مجھ پر روزے واجب کیے

وَهُوَ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْٓ اَنْزَلْتَ فِیْهِ الْقُرْاٰنَ

اسی ماہِ رمضان میں تو نے قرآن نازل فرمایا ہے

هُدًی لِّلنَّاسِ وَبَیِّنَاتٍ مِّنَ الْهُدٰی وَالْفُرْقَانِ

جو لوگوں کے لیے ہدایت، ہدایت کی واضح دلیلیں اور حق و باطل کا امتیاز ہے

وَجَعَلْتَ فِیْهِ لَیْلَةَ الْقَدْرِ وَجَعَلْتَهَا خَیْرًا مِّنْ

اسی (مہینے) میں تو نے شب قدر رکھی اور اسے ہزار مہینوں سے بہتر

اَلْفِ شَهْرٍ فَیَا ذَا الْمَنِّ وَلَا یُمَنُّ عَلَیْكَ

بنایا، پس اے صاحبِ احسان کہ تجھ پر احسان نہیں کیا جاسکتا

مُنَّ عَلَیَّ بِفَكَاكِ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ فِیْمَنْ

مجھ پر احسان فرما، جہنم سے میری گردن کو آزاد کرکے، ممنونِ احسان

تَمُنُّ عَلَیْهِ وَاَدْخِلْنِی الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِكَ

لوگوں کی طرح، اور اپنی رحمت سے مجھے جنت میں داخل فرما

یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

اے رحم کرنے والوں میں سب سے بڑے مہربان

اعمالِ شبِ قدر

شبِ قدر میں دو رکعت نماز بجا لائیے۔ اور ہر رکعت میں سورۂ الحمد اور سات مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھے اور فارغ ہونے کے بعد

ستّر مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ کہے۔ حق تعالیٰ اس کو اور اس کے والدین کو بخش دے گا، اور غسل ان تینوں شبوں میں سنّت مؤکّدہ ہے۔ امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ قرآن لے اور کھولے اور اپنے منہ کے سامنے رکھے اور کہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِكِتَابِكَ الْمُنْزَلِ وَمَا فِیْهِ وَفِیْهِ اسْمُكَ الْاَكْبَرُ وَاَسْمَآئُكَ الْحُسْنٰى وَمَا يُخَافُ وَيُرْجٰى اَنْ تَجْعَلَنِيْ مِنْ عُتَقَائِكَ مِنَ النَّارِ وَتَقْضِيَ حَوَآئِجِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ پس اپنی حاجت خدا سے طلب کرے اور قرآن مجید لے اور سر پر رکھے اور کہے: اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ هٰذَا الْقُرْاٰنِ وَبِحَقِّ مَنْ اَرْسَلْتَهٗ بِهٖ وَبِحَقِّ كُلِّ مُؤْمِنٍ مَدَحْتَهٗ فِيْهِ وَبِحَقِّكَ عَلَيْهِمْ فَلَآ اَحَدَ اَعْرَفُ بِحَقِّكَ مِنْكَ

پس دس مرتبہ کہے بِكَ يَا اَللّٰهُ دس مرتبہ بِمُحَمَّدٍ دس مرتبہ بِعَلِيٍّ دس مرتبہ بِفَاطِمَةَ دس مرتبہ بِالْحَسَنِ دس مرتبہ بِالْحُسَيْنِ دس مرتبہ بِعَلِيِّ ابْنِ الْحُسَيْنِ دس مرتبہ بِمُحَمَّدِ ابْنِ عَلِيٍّ دس مرتبہ بِجَعْفَرِ

ابْنِ مُحَمَّدٍ دس مرتبہ بِمُوْسٰی ابْنِ جَعْفَرٍ دس مرتبہ بِعَلِیِّ ابْنِ مُوْسٰی دس مرتبہ بِمُحَمَّدِ ابْنِ عَلِیٍّ دس مرتبہ بِعَلِیِّ ابْنِ مُحَمَّدٍ دس مرتبہ بِالْحَسَنِ ابْنِ عَلِیٍّ دس مرتبہ بِالْحُجَّۃِ عَلَیْہِ السَّلَامُ کہے۔

پس جو حاجت رکھتا ہے طلب کرے اور زیارت امام حسین علیہ السلام ان تینوں شبوں میں سنّتِ مؤکدہ ہے اور ہر شب میں خصوصاً ۲۳ ویں شب میں (۱۰۰) رکعت نماز پڑھنا سنّت ہے اور ہر دو رکعت کے بعد سلام کہے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ حمد ایک مرتبہ قُلْ ھُوَاللّٰہُ اَحَدٌ پڑھے۔ اگر نماز ہائے قضا عمری ہوں تو بہتر ہے کہ اُن کو ادا کرے اور انیسویں شب کے مخصوص اعمال یہ ہیں کہ (۱۰۰) مرتبہ کہے اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ اور (۱۰۰) مرتبہ اَللّٰھُمَّ الْعَنْ قَتَلَۃَ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ

انیسویں شب کے اعمال میں دعائے ہر شب کے علاوہ سورۂ عنکبوت اور ۲۳ ویں شب سورۂ روم پڑھے۔ دوسری روایت یہ ہے کہ ۲۳ ویں شب کو ہزار بار سورۂ قدر پڑھے اور سورۂ حٰمٓ و دخان اور جوشن کبیر اور دعائے صحیفۂ کاملہ بھی اس شب میں پڑھنا سنّت ہے۔

نمازِ عیدین

نیّت : دو رکعت نمازعید الفطر یا عید الاضحٰے پڑھتا ہوں ، سنّت قربۃً الی اللہ

پہلی رکعت میں سورۃ حمد کے بعد یہ سورۃ پڑھے :

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

سَبِّحِ اسۡمَ رَبِّکَ الۡاَعۡلَی ۙ﴿۱﴾ الَّذِیۡ خَلَقَ
تسبیح کیجیے اپنے رب کے نام کی جو سب سے برتر ہے جس نے پیدا کیا

فَسَوّٰی ۪ۙ﴿۲﴾ وَ الَّذِیۡ قَدَّرَ فَہَدٰی ۪ۙ﴿۳﴾
پھر ٹھیک بنایا اور جس نے اندازہ ٹھہرایا پھر راہ دکھائی

وَ الَّذِیۡۤ اَخۡرَجَ الۡمَرۡعٰی ۪ۙ﴿۴﴾ فَجَعَلَہٗ غُثَآءً اَحۡوٰی ؕ﴿۵﴾
اور جس نے اُگایا چارا پھر کر دیا اس کو خشک چورا سیاہ

سَنُقۡرِئُکَ فَلَا تَنۡسٰۤی ۙ﴿۶﴾ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰہُ ؕ
البتہ ہم پڑھا دیں گے آپ کو پھر آپ نہ بھولیں گے مگر جو اللہ چاہے

اِنَّہٗ یَعۡلَمُ الۡجَہۡرَ وَ مَا یَخۡفٰی ؕ﴿۷﴾ وَ نُیَسِّرُکَ
بیشک وہ جانتا ہے ہر ظاہر اور مخفی بات کو ____ اور ہم آسان کر دیں گے آپ پر

لِلْيُسْرٰى ۝ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ۝
چلنے آسان طریقہ پر پس آپ نصیحت کیجے اگر نفع دے نصیحت
سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ۝ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ۝
نصیحت حاصل کرے گا جو ڈرتا ہے اور الگ رہے گا اس سے بڑا بدنصیب
الَّذِىْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ۝ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ
جو داخل ہوگا سخت آگ میں پھر نہ تو وہ مرے گا
فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۝ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۝
اس میں اور نہ جیے گا بیشک کامیاب ہوا جو پاک رہا
وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ۝ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ
اور یاد کیا نام اپنے رب کا پھر نماز پڑھی بلکہ تم تو ترجیح دیتے ہو
الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝
زندگی دنیا کو حالانکہ آخرت کہیں بہتر اور زیادہ پائیدار ہے
اِنَّ هٰذَا لَفِى الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ۝ صُحُفِ
بیشک یہی ہے پہلے صحیفوں میں (یعنی)
اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ۝
ابراہیمؑ اور موسیٰؑ کے صحیفوں میں

دوسری رکعت میں سورۃ حمد کے بعد یہ سورۃ پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ۝ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ۝

قسم ہے سورج کی اور اس کی دھوپ کی		اور چاند کی جب وہ اس کے پیچھے آئے

وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا ۝ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰهَا ۝

اور دن کی جب وہ اس کو روشن کر دے		اور رات کی جب کہ وہ اسکو ڈھانپ لے

وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا ۝ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰهَا ۝

اور آسمان کی اور اس کی جس نے اسے بنایا		اور زمین کی اور اس کی جس نے اسے بچھایا

وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا ۝ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا

اور جان کی اور اسکی جس نے اسے درست کیا		پس اسے بتا دی اس کی نافرمانی

وَتَقْوٰهَا ۝ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا ۝ وَقَدْ

اور اس کی پرہیزگاری		کہ کامیاب ہوا وہی جس نے اسے پاک رکھا		اور

خَابَ مَنْ دَسّٰهَا ۝ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰهَآ ۝

محروم رہا وہی جس نے اس کو ناپاک رکھا		جھٹلایا تھا ثمود نے اپنی سرکشی سے

اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰهَا ۝ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ

جب کہ اٹھا ان میں کا بڑا بدبخت		پس کہا ان سے اللہ کے رسول نے (کہ بچو)۔

نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ۝ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا

اللہ کی اونٹنی اور اسکی پانی پینے کی باری (سے)۔		پس انھوں نے جھٹلایا اس کو پھر کاٹ ڈالا اسکو

فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْبِهِمْ فَسَوّٰهَا ۝

تو ہلاکت نازل کی ان پر ان کے رب نے ان کے گناہوں کے بدلے پھر برابر کر دیا ان کو

وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ۝

اور وہ نہیں ڈرتا اس کے انجام سے

پہلی رکعت میں ۵ تکبیریں کہہ کر ۵ قنوت پڑھے۔ دوسری رکعت میں ۴ تکبیریں کہہ کر ۴ قنوت پڑھے۔ ہر تکبیر کے بعد حسبِ ذیل دعائے قنوت پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اَهْلَ الْكِبْرِيَاءِ وَالْعَظَمَةِ وَاَهْلَ

اے اللہ! بڑائیوں اور عظمت والے،

الْجُوْدِ وَالْجَبَرُوْتِ وَاَهْلَ الْعَفْوِ وَالرَّحْمَةِ

سخاوت اور ہیبت والے، بخشش اور رحمت والے

وَاَهْلَ التَّقْوٰى وَالْمَغْفِرَةِ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ

تقویٰ اور بخشش والے میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

هٰذَا الْيَوْمِ الَّذِيْ جَعَلْتَهٗ لِلْمُسْلِمِيْنَ عِيْدًا

اس دن کے واسطے سے جس کو تو نے مسلمانوں کے لیے عید بنایا

وَّلِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ ذُخْرًا

اور محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے ذخیرہ

وَّشَرَفًا وَّكَرَامَةً وَّمَزِيْدًا اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى

شرف بزرگی اور اضافہ (اجر) کا ذریعہ قرار دیا کہ تو رحمت نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تُدْخِلَنِیْ فِیْ
محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اور مجھے ہر اس بھلائی میں داخل
کُلِّ خَیْرٍ اَدْخَلْتَ فِیْهِ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ
فرما جس میں تو نے محمدؐ و آلِ محمدؐ کو داخل کیا
وَاَنْ تُخْرِجَنِیْ مِنْ کُلِّ سُوْٓءٍ اَخْرَجْتَ مِنْهُ
اور مجھے ہر اس برائی سے نکال دے جس سے تو نے
مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ صَلَوٰتُكَ عَلَیْهِ وَعَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ
حضرت محمدؐ و آلِ محمدؐ کو نکالا آپؐ پر اور اُن سب پر تیری رحمت ہو
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ خَیْرَ مَا سَئَلَكَ بِهٖ
اے اللہ! میں تجھ سے اس افضل شے کا سوال کرتا ہوں جس کا
عِبَادُكَ الصَّالِحُوْنَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِمَّا اسْتَعَاذَ
تیرے صالح بندوں نے سوال کیا اور تجھ سے ایسی چیزوں کی معافی چاہتا ہوں
مِنْهُ عِبَادُكَ الْمُخْلَصُوْنَ
جن سے تیرے مخلص بندوں نے معافی چاہی۔

دُعائے قربانی

وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ
میں نے اپنا رُخ اس کی طرف کرلیا جس نے
فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا مُّسْلِمًا
آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا، ہر شے سے بے تعلق اور فرماں بردار بن کر

وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ اِنَّ صَلٰوتِيْ وَنُسُكِيْ
اور میں مشرکوں میں سے نہیں ہوں — بے شک میری نماز اور میری عبادتیں
وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ لَا
اور میری زندگی اور میری موت۔ جہانوں کے پالنے والے اللہ کے لیے ہے جس کا
شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ
شریک نہیں اور مجھے اسی کا حکم دیا گیا ہے اور میں فرماں برداروں میں سے ہوں
اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ
اے اللہ تیری طرف سے اور تیرے ہی لیے ۔ اللہ کے نام سے اور اللہ بزرگ تر ہے

کہہ کر ذبح کرے۔ اس کے بعد اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّيْ کہے اور اگر چند آدمیوں نے مل کر قربانی کی تو اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنَّا کہے ۔ اگر کسی دوسرے شخص کی طرف سے ہے تو اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْهُ کہے۔ اگر کئی افراد کی طرف سے ہے تو اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْهُمْ۔ بہتر یہ ہے کہ هُمْ یا مِنَّا کی جگہ ان لوگوں کا نام لیا جائے جن کی طرف سے قربانی ہے۔

کیا میں حقِّ زہرا (خمس) ادا کر رہا ہوں ؟

دُعائے یوم عاشورہ

سلامتی سال کے لیے یہ دُعا عاشورہ کے دن دس مرتبہ پڑھی جائے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ الْحُسَیْنِ وَجَدِّهٖ

یا اللہ! میں تجھ سے امام حسین (علیہ السّلام)، ان کے نانا،

وَاَبِیْهِ وَاُمِّهٖ وَاَخِیْهِ فَرِّجْ عَنِّیْ مَآاَنَافِیْهِ

ان کے والد، ان کی والدہ اور ان کے بھائی کے حق کا واسطہ دیکر دعا کرتا ہوں کہ میں جس

بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

حالت میں ہوں اس سے نجات دے۔ تیری رحمت کا واسطہ اے ارحم الراحمین

برائے سلامتی سال

یہ دُعا بھی عاشورہ کے دن دو مرتبہ پڑھی جائے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

یا اللہ! رحمت نازل فرما محمد (صلی اللہ علیہ آلہ وسلم) اور آلِ محمدؐ پر

وَّسَلِّمْ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ

اور سلام ہو تمام انبیاء و مرسلین پر

سُبْحٰنَ اللّٰهِ مِلْاَ الْمِیْزَانِ وَمُنْتَهَی الْعِلْمِ

"سبحان اللہ" ترازو کی پوری تول علم کی انتہا

وَمَبْلَغَ الرِّضَا وَزِنَةَ الْعَرْشِ وَسَعَةَ الْكُرْسِيِّ
(اللہ کی) رضا کی آخری حد ، عرش کے وزن اور کرسی کی وسعت کے برابر
لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ
نہ کوئی جائے پناہ نہ کوئی نجات کا ٹھکانہ سوائے اللہ کی ذات کے
سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَدَدَ الشَّفْعِ وَالْوَتْرِ
"سبحان اللہ" شفع و وتر ،
وَعَدَدَ كَلِمٰتِهِ التَّآمَّاتِ كُلِّهَا
کلماتِ تامات کے اعدادِ کامل کے برابر
اَسْئَلُهُ السَّلَامَةَ بِرَحْمَتِهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ
میں اللہ کی رحمت سے سلامتی کا سوال کرتا ہوں کوئی قوت و طاقت
اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَهُوَ حَسْبِيْ
اللہ کے سوا نہیں ہے وہ بلند اور عظمت والا ہے وہ (اللہ) میرے لیے کافی ہے
وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ
اور وہ بہترین کارساز ہے وہ بہترین مولا اور بہترین مددگار ہے
وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ
اور اللہ نے رحمت نازل فرمائی محمد (صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) اور ان کی اولاد پر
وَسَلَّمَ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ
اور سلام ہو تمام نبیوں اور رسولوں پر

وَاقْضِ حَاجَاتِیْ اَللّٰهُمَّ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ

اور میری حاجتوں کو دنیا و آخرت میں پورا فرما

وَطَوِّلْ عُمْرِیْ فِیْ طَاعَتِكَ وَرِضَاكَ

اور اپنی اطاعت اور رضا جوئی میں میری عمر لمبی کر دے

بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

تجھے تیری رحمت کا واسطہ اے ارحم الراحمین!

زیارت وارث

عاشور کا دن ختم ہوتے وقت یہ زیارت پڑھیں

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا وَارِثَ اٰدَمَ صِفْوَةِ اللّٰهِ

آپ پر سلام اے حضرت آدم صفی اللہ کے وارث

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا وَارِثَ نُوْحٍ نَبِیِّ اللّٰهِ

آپ پر سلام اے حضرت نوح نبی اللہ کے وارث

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا وَارِثَ اِبْرَاهِیْمَ خَلِیْلِ اللّٰهِ

آپ پر سلام اے حضرت ابراہیم خلیل اللہ کے وارث

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا وَارِثَ مُوْسٰی كَلِیْمِ اللّٰهِ

آپ پر سلام اے حضرت موسیٰ کلیم اللہ کے وارث

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا وَارِثَ عِیْسٰی رُوْحِ اللّٰهِ

آپ پر سلام اے حضرت عیسیٰ روح اللہ کے وارث

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُحَمَّدٍ حَبِيبِ اللّٰهِ
آپ پر سلام اے محمد مصطفیٰؐ حبیب خدا کے وارث
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عَلِيٍّ اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ
آپ پر سلام اے امیرالمومنین علی مرتضیٰؑ کے وارث
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ الْحَسَنِ
آپ پر سلام اے رسول اللہ کے نواسے
الشَّهِيدِ سِبْطِ رَسُولِ اللّٰهِ
حسنؑ شہید کے وارث
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بْنَ الْبَشِيرِ النَّذِيرِ
آپ پر سلام اے فرزندِ بشیرؐ و نذیرؐ ،
وَابْنَ سَيِّدِ الْوَصِيِّينَ
فرزندِ سردارِ اوصیاء
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بْنَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ
آپ پر سلام اے فرزندِ فاطمہؑ زہراء
سَيِّدَةِ نِسَآءِ الْعٰلَمِينَ
جو تمام جہانوں کی عورتوں کی سردار ہیں
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَآ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ
آپ پر سلام اے ابو عبداللہ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خِيَرَةَ اللّٰهِ وَابْنَ خِيَرَتِهٖ

آپ پر سلام اے پسندیدۂ خدا و فرزندِ پسندیدۂ خدا

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ثَارَ اللّٰهِ وَابْنَ ثَارِهٖ

آپ پر سلام اے خوں بہائے خدا و فرزندِ خوں بہائے خدا

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْوِتْرُ الْمَوْتُوْرُ

آپ پر سلام اے وہ ذات جس کے خون کا بدلہ باقی ہے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْاِمَامُ الْهَادِي الزَّكِيُّ

آپ پر سلام اے امام ہادی پاک

وَعَلٰى اَرْوَاحٍ حَلَّتْ بِفِنَائِكَ وَاَقَامَتْ

اور ان روحوں پر (سلام) جو آپ کے حضور میں حاضر اور آپ کے پڑوس

فِيْ جِوَارِكَ وَوَفَدَتْ مَعَ زُوَّارِكَ

میں آکر ٹھہریں اور آپ کے زوّاروں کے ساتھ آئیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ مِنِّيْ مَا بَقِيْتُ وَبَقِيَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ

میرا سلام ہو آپ پر جب تک میں باقی ہوں اور دن رات باقی ہیں

فَلَقَدْ عَظُمَتْ بِكَ الرَّزِيَّةُ وَجَلَّ الْمُصَابُ

آپ کی مصیبت اور آپ کا غم

فِي الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَفِيْ اَهْلِ

اہلِ ایمان پر اور مسلمانوں پر اور تمام

السَّمٰوٰتِ اَجْمَعِيْنَ وَفِيْ سُكَّانِ الْاَرَضِيْنَ

آسمان والوں اور تمام زمین کے مکینوں پر بہت سخت ہوا

فَاِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ

اِنّا لِلّٰہ و اِنّا اِلَیہِ رَاجِعُون

وَصَلَوٰةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ وَتَحِيَّاتُهٗ عَلَيْكَ

اور اللہ کی رحمتیں، برکات اور تحیات ہوں آپ پر

وَعَلٰى اٰبَآئِكَ الطَّيِّبِيْنَ الْمُنْتَجَبِيْنَ

اور آپ کے طیب ومنتخب آباؤ اجداد پر

وَعَلٰى ذُرَارِيْهِمِ الْهُدَاةِ الْمَهْدِيِّيْنَ

اور آپ کی ہدایت کرنے والی اور ہدایت یافتہ اولادِ پاک پر

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَوْلَايَ وَعَلَيْهِمْ وَعَلٰى رُوْحِكَ

سلام ہو اے مولا! آپ پر اور ان سب پر، آپ کی روح پاک پر

وَعَلٰى اَرْوَاحِهِمْ وَعَلٰى تُرْبَتِكَ وَعَلٰى تُرْبَتِهِمْ

اور ان سب کی پاک ارواح پر، آپ کی تربت اور ان سب کی پاک تربتوں پر

اَللّٰهُمَّ لَقِّهِمْ رَحْمَةً وَّرِضْوَانًا وَّرَوْحًا وَّرَيْحَانًا

یا اللہ! ان سب کو اپنی رحمت ورضا، راحت ومسرت سے سرفراز فرما

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَوْلَايَ يَآ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ

آپ پر سلام اے مولا! اے ابو عبداللہ

يَا بْنَ خَاتَمِ النَّبِيِّينَ وَابْنَ سَيِّدِ الْوَصِيِّينَ

اے فرزندِ خاتم الانبیاء اے فرزندِ سید الاوصیاء

وَيَا بْنَ سَيِّدَةِ نِسَاۤءِ الْعٰلَمِيْنَ

اے تمام عورتوں کی سردار خاتون کے فرزند

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهِيْدُ يَا بْنَ الشَّهِيْدِ

آپ پر سلام اے شہید، شہید کے فرزند،

يَاۤ اَخَا الشَّهِيْدِ يَاۤ اَبَا الشُّهَدَاۤءِ

شہید کے بھائی، شہیدوں کے والد

اَللّٰهُمَّ بَلِّغْهُ عَنِّيْ فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ وَفِيْ هٰذَا الْيَوْمِ

یا اللہ! امام کو میری طرف سے اسی گھڑی، آج ہی کے دن

وَفِيْ هٰذَا الْوَقْتِ وَفِيْ كُلِّ وَقْتٍ تَحِيَّةً كَثِيْرَةً وَّسَلَامًا

اسی وقت بلکہ ہر وقت بکثرت سلام اور تحیات پہنچا دے

سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

آپ پر اللہ کا سلام اور اللہ کی رحمت اور برکتیں ہوں

يَا بْنَ سَيِّدِ الْعٰلَمِيْنَ وَعَلَى الْمُسْتَشْهَدِيْنَ مَعَكَ

اے تمام جہانوں کے سردار کے فرزند اور آپ کے ساتھ شہید ہونے والوں پر (سلام)

سَلَامًا مُّتَّصِلًا مَّا اتَّصَلَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ

یہ سلام یوں لگاتار و مسلسل ہو جیسے رات اور دن کا تسلسل

اَلسَّلَامُ عَلَى الْحُسَيْنِ ابْنِ عَلِيٍّ الشَّهِيْدِ

حسینؑ ابن علیؑ شہید پر سلام

اَلسَّلَامُ عَلٰى عَلِيِّ ابْنِ الْحُسَيْنِ الشَّهِيْدِ

فرزندِ امام حسین شہید پر سلام

اَلسَّلَامُ عَلٰى عَبَّاسِ ابْنِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ الشَّهِيْدِ

عباس ابن امیرالمومنین شہید پر سلام

اَلسَّلَامُ عَلَى الشُّهَدَآءِ مِنْ وُّلْدِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ

اولادِ امیرالمومنینؑ کے شہیدوں پر سلام

اَلسَّلَامُ عَلَى الشُّهَدَآءِ مِنْ وُّلْدِ الْحَسَنِ

اولادِ امام حسنؑ کے شہیدوں پر سلام

اَلسَّلَامُ عَلَى الشُّهَدَآءِ مِنْ وُّلْدِ الْحُسَيْنِ

اولادِ امام حسینؑ کے شہیدوں پر سلام

اَلسَّلَامُ عَلَى الشُّهَدَآءِ مِنْ وُّلْدِ جَعْفَرٍ وَّعَقِيْلٍ

اولادِ جعفرؑ و عقیلؑ کے شہیدوں پر سلام

اَلسَّلَامُ عَلٰى كُلِّ مُسْتَشْهَدٍ

امام عالی مقام کے ساتھ جو شہید ہوئے

مَّعَهُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

ان تمام مومنوں پر سلام

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ

یا اللہ ! محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور آلِ محمد پر رحمت ہو

وَّبَلِّغْهُمْ عَنِّیْ تَحِيَّةً كَثِيْرَةً وَّسَلَامًا

ان سب پر میری طرف سے بہت بہت تحیات و سلام ہوں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَحْسَنَ اللّٰهُ

آپ پر سلام یا رسول اللہ ! اللہ آپ کے

لَكَ الْعَزَآءَ فِیْ وَلَدِكَ الْحُسَيْنِ

فرزند حسینؑ کا غم آپ کے لیے قابلِ برداشت بنائے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا فَاطِمَةُ اَحْسَنَ اللّٰهُ

آپ پر سلام اے فاطمہ زہرا اللہ آپ کے

لَكِ الْعَزَآءَ فِیْ وَلَدِكِ الْحُسَيْنِ

فرزند حسین کا غم آپ کے لیے قابلِ برداشت بنائے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَآ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَحْسَنَ اللّٰهُ

آپ پر سلام اے امیر المومنین اللہ آپ کے

لَكَ الْعَزَآءَ فِیْ وَلَدِكَ الْحُسَيْنِ

فرزند حسین کا غم آپ کے لیے قابلِ برداشت بنائے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَآ اَبَا مُحَمَّدِنِ الْحَسَنِ اَحْسَنَ اللّٰهُ

آپ پر سلام اے ابو محمد حسن مجتبیٰ اللہ آپ کے

لَكَ الْعَزَآءَ فِیْ اَخِيْكَ الْحُسَيْنِ

بھائی حسین کا غم آپ کے لیے قابلِ برداشت بنائے

يَا مَوْلَایَ يَآ اَبَا عَبْدِ اللهِ اَنَا ضَيْفُ اللهِ

میرے مولا! اے ابو عبد اللہ! میں اللہ کا مہمان

وَضَيْفُكَ وَجَارُ اللهِ وَجَارُكَ وَلِكُلِّ ضَيْفٍ

اور آپکا مہمان ہوں میں اللہ کے حضور اور آپکے حضور میں ہوں اور مہمان

وَّجَارٍ قِرًى وَّقِرَایَ فِیْ هٰذَا الْوَقْتِ

اور حاضر باش کا حق مہمانی ہوتا ہے اور میرا حق مہمانی اس وقت یہ ہے

اَنْ تَسْئَلَ اللهَ سُبْحَانَهٗ اَنْ يَّرْزُقَنِیْ

کہ آپ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ سے دعا کریں کہ وہ مجھے

فَكَاكَ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ اِنَّهٗ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ

جہنم کی آگ سے آزادی عطا کرے بیشک وہ دُعا کا بہت سننے والا

قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ

صاحبِ قرب اور قبول کرنے والا ہے

زندگانی کرو علیؑ کی طرح
جاں سے گزرو حسینؑ کی مانند

(اسرار اعظمی)

نماز آیات

یہ نماز چاند اور سورج کو گرہن لگنے سے یا زلزلہ یا سُرخ آندھی ، شدید تاریکی ، غیر معمولی برق و رعد اور تمام حوادثِ آسمانی سے واجب ہوتی ہے جو عموماً باعثِ خوف ہوں ، خواہ وہ شخص خود نہ ڈرے ۔ چاند گرہن اور سورج گرہن کی نماز کا وقت گرہن کے شروع سے بالکل چھوٹ جانے تک ہے۔ بلکہ احوط یہ ہے کہ اتنی تاخیر نہ کرے کہ چھوٹنا شروع ہو جائے اور زلزلہ اور دیگر آسمانی حوادث جو خوفناک ہوں ان کی نماز آخر عمر تک ادا کرنے کی نیت سے ہو گی ۔ چاند گرہن اور سورج گرہن سے اگر بروقت مُطلّع ہو گیا ہو اور عمداً یا سہواً نماز نہ پڑھی ہو تو اس کی قضا بجا لانا واجب ہو گی ، اگرچہ پورا گرہن نہ ہو۔ لیکن اگر بالکل چھوٹ جانے تک مطلع نہ ہوا ہو بلکہ بعد میں اطلاع ہوئی تو پورا پورا گرہن ہو تو قضا بجا لانا واجب ہو گی ورنہ قضا نہ ہو گی اور نماز آیات کو جماعت کے ساتھ پڑھنا جائز ہے ۔

یہ نماز دو رکعت ہے ۔ پہلی رکعت میں پانچ رکوع ، دو قنوت اور

دو سجدے اور دوسری رکعت میں پانچ رکوع ، تین قنوت اور دو سجدے ہیں۔ تفصیل اس کی یوں ہے کہ نماز کی نیت کرے مثلاً سورج گرہن کی نماز پڑھتا / پڑھتی ہوں اور ساتھ ہی تکبیرۃ الاحرام یعنی اللہ اکبر کہے ۔ اس کے بعد سورۃ الحمد اور ایک دوسرا سورہ جو یاد ہو پڑھے دعائے قنوت پڑھے اور اللہ اکبر کہہ کر ذکرِ رکوع کے بعد اللہ اکبر کہہ کر پھر کھڑا ہو اور سورۃ الحمد اور جو سورۃ چاہے پڑھے اور دعائے قنوت پڑھے اور اللہ اکبر کہہ کر دوسرے رکوع میں جائے۔ ذکرِ رکوع کے بعد اللہ اکبر کہہ کر پھر کھڑا ہو اور سورۃ الحمد اور جو سورۃ چاہے پڑھے اور اللہ اکبر کہہ کر تیسرے رکوع میں جائے ۔ ذکرِ رکوع کے بعد اللہ اکبر کہہ کر پھر کھڑا ہو اور سورہ الحمد اور کوئی دوسرا سورہ جو یاد ہو پڑھے اور دعائے قنوت پڑھے اور اللہ اکبر کہہ کر چوتھے رکوع میں جائے ۔ ذکرِ رکوع کے بعد اللہ اکبر کہہ کر پھر کھڑا ہو اور اسی طرح سورہ الحمد اور دوسرا سورہ پڑھے۔ پھر اللہ اکبر کہہ کر پانچواں رکوع کرے ۔ ذکرِ رکوع کے بعد اللہ اکبر کہہ کر پھر کھڑا ہو اور سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ کہہ کر سجدے میں جائے۔ دو سجدے کرنے کے بعد دوسری رکعت کے لئے اُٹھ کھڑا ہو اور اسی طریق میں دوسری رکعت پانچ رکوعات کے ساتھ بجالائے

اور سجدے اور تشہد اور سلام پڑھ کر نماز ختم کرے۔ دوسری رکعت میں پہلے رکوع میں جانے سے پہلے، تیسرے رکوع میں جانے سے پہلے اور پانچویں رکوع میں جانے سے پہلے دعائے قنوت پڑھے۔ اس حساب سے دونوں رکعتوں میں دس رکوع ہو جائیں گے۔ نمازِ آیات کی یہ صورت دوسری صورتوں سے افضل ہے۔

ایک اور طریق سے بھی نمازِ آیات پڑھنا جائز ہے اور وہ یہ ہے کہ پہلی رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد قُلْ هُوَ اللّٰهُ کے قصد سے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کہے اور سجدع میں جائے۔ ذکرِ رکوع کرے پھر سیدھا کھڑا ہو کر قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ کہہ کر رکوع میں جائے۔ پھر کھڑے ہو کر اَللّٰهُ الصَّمَدُ کہے اور رکوع میں جائے۔ پھر کھڑا ہو کر لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ کہے اور رکوع میں جائے۔ پھر سیدھا کھڑا ہو کر وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ط کہہ کر رکوع میں جائے۔ پھر سیدھا کھڑے ہو کر سجدے میں جائے۔ دونوں سجدے بجا لا کر دوسری رکعت کے لیے کھڑا ہو جائے۔ اسی طریق سے دوسری رکعت بجا لائے اور تشہد اور سلام پڑھ کر نماز تمام کرے۔

نماز حضور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

روایت میں ہے کہ جو شخص اس نماز کو بجا لائے اس کے گناہ بخش دیے جاتے ہیں، وہ جو بھی حاجت طلب کرے وہ روا ہوگی۔ یہ نماز دو رکعت ہے۔ ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد اور سورۃ القدر سو مرتبہ، پھر رکوع میں سورہ القدر پندرہ مرتبہ، پھر رکوع سے سر اٹھانے کے بعد پندرہ مرتبہ، پھر سجدۂ اوّل میں پندرہ مرتبہ، پھر سجدہ سے سر اٹھانے کے بعد پندرہ مرتبہ، پھر سجدۂ دوم میں پندرہ مرتبہ پڑھے۔ اسی ترکیب سے دوسری رکعت بجا لاکر تشہد و سلام پڑھ کر نماز ختم کرے اور یہ دُعا پڑھے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّنَا وَرَبُّ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِیْنَ

نہیں لائق عبادت سوائے اللہ کے جو ہمارا اور ہمارے پہلے آباء کا پروردگار ہے

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اِلٰھًا وَّاحِدًا وَّنَحْنُ لَہٗ مُسْلِمُوْنَ

نہیں لائق عبادت سوائے اللہ معبودِ واحد کے اور ہم اسے تسلیم کرنے والے ہیں

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لَا نَعْبُدُ اِلَّآ اِیَّاہُ مُخْلِصِیْنَ

نہیں لائق عبادت سوائے اللہ کے ہم اسی کی خاص عبادت کرتے ہیں

لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا

وہی مالک جزا ہے اگرچہ مشرکین کو ناگوار ہو نہیں لائق عبادت سوائے

اللّٰهُ وَحْدَهٗ وَحْدَهٗ اَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ

اللہ ایک کے، وہ ذاتِ یکتا جس نے اپنا وعدہ پورا کیا اپنے بندے کی مدد کی

وَاَعَزَّ جُنْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ. فَلَهُ

اپنے لشکر کو غلبہ عطا کیا اور گروہوں کو اکیلے شکست دی اسی کی

الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

حکمرانی ہے اور اسی کے لیے ہر خوبی ہے اور وہ ہر شے پر قادر ہے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ

اے اللہ آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان کو منور کرنیوالے

فَلَكَ الْحَمْدُ وَاَنْتَ الْحَقُّ وَوَعْدُكَ الْحَقُّ وَقَوْلُكَ

تیرے لیے ہر خوبی ہے تو برحق ہے تیرا وعدہ برحق ہے تیرا فرمان

الْحَقُّ وَاِنْجَازُكَ حَقٌّ وَّالْجَنَّةُ حَقٌّ وَّالنَّارُ حَقٌّ

برحق ہے جنت برحق ہے اور جہنم برحق ہے

اَللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ

اے اللہ میں نے تجھے تسلیم کیا تجھ پر ایمان لایا تجھ پر میں نے بھروسہ کیا

وَبِكَ خَاصَمْتُ وَاِلَيْكَ حَاكَمْتُ يَا رَبِّ

تیرے لیے دشمنی کی اور تجھے حاکم تسلیم کیا اے پروردگار

يَا رَبِّ يَا رَبِّ اغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ

اے پالنے والے اے اللہ میرے اگلے پچھلے

وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ أَنْتَ إِلٰهِيْ لَا إِلٰهَ

ظاہر و پوشیدہ سب گناہ مجھے معاف کردے تو میرا معبود ہے لائق عبادت

إِلَّا أَنْتَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ

سوائے تیرے کوئی نہیں محمد وآلِ محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) پر رحمتِ کاملہ فرما

وَّاغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَتُبْ عَلَيَّ إِنَّكَ أَنْتَ

اور مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھ پر نظرکرم فرما بیشک تو

التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

بہت توبہ قبول کرنیوالا رحم کرنے والا ہے

حضرت علیؑ نے فرمایا

"طلوعِ فجر سے لے کر طلوعِ شمس تک مسجد میں بیٹھ کر اللہ سبحانہٗ کا ذکر کرنا رزق کی فراہمی کے لیے زمین کے اطراف میں گردش کرنے سے زیادہ تیز تر ہے۔"

نماز حضرت جعفر طیار علیہ السلام

یہ نماز اکسیرِ اعظم اور کبریتِ احمر کا حکم رکھتی ہے اور کثیر و معتبر روایات سے اس کی بے حد فضیلت و عظمت بیان ہوئی ہے۔ آئمہ معصومین علیہم السلام سے منقول ہے کہ جو شخص اس نماز کو بجالائے خداوندِ عالم اس کے گناہوں کو بخش دیتا ہے۔ اس نماز کے بجالانے کا افضل وقت روز جمعۃ المبارک ہے۔

یہ نماز چار رکعت بہ دو سلام ہے۔ اس کی ترکیب یہ ہے کہ پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد ایک مرتبہ سورہ الزال

سُوْرَةُ الزِلْزَالِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ رحمٰن و رحیم کے نام سے

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۝ وَاَخْرَجَتِ

جبکہ زمین سخت زلزلے سے ہلائی جائے گی اور زمین

الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ۝ وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَالَهَا ۝

اپنے بوجھ نکال دے گی اور انسان کہے گا کہ اسے کیا ہو گیا ہے

يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ۝ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى
اس دن وہ اپنی خبریں بیان کرے گی کیونکہ تیرے پروردگار نے اسے

لَهَا ۝ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا ۙ۵
حکم دیا ہوگا اس دن لوگ جدا جدا ہوکر (قبروں سے) نکل پڑیں گے

لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ۝ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ
تاکہ انھیں ان کے اعمال دکھا دیے جائیں پس جو کوئی ذرہ برابر بھی نیکی کرے گا

خَيْرًا يَّرَهٗ ۝ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ
وہ اسے دیکھ لے گا اور جو کوئی ذرہ بھر برائی کرے گا

شَرًّا يَّرَهٗ ۝ اور دوسری رکعت میں الحمد کے بعد ایک مرتبہ سورۃ العادیات
وہ اسے دیکھ لے گا

سُوْرَةُ الْعٰدِيٰتِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اللہ رحمٰن و رحیم کے نام سے

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ۝ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ۝
قسم ہے تیز دوڑنے والے ہانپتے ہوئے گھوڑوں کی پھر پتھر پر سم مار کر چنگاریاں نکالنے والوں کی

فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا ۝ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۝
پھر صبح کے وقت غارت کرنے والوں کی پس انھوں نے اسکے ساتھ غبار اٹھایا

فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۙ اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ

پھر انھوں نے (کافروں کے) ایک گروہ کو درمیان میں لے لیا یقیناً انسان اپنے رب کے لیے

لَكَنُوْدٌ ۚ وَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ ۚ وَاِنَّهٗ

البتہ ناشکرا ہے اور یقیناً وہ اس پر البتہ گواہ بھی ہے اور یقیناً وہ

لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ؕ اَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا

مال کی محبت میں البتہ سخت ہے پھر کیا وہ نہیں جانتا جبکہ

بُعْثِرَ مَا فِى الْقُبُوْرِ ۙ وَحُصِّلَ مَا فِى الصُّدُوْرِ ۙ

جو کچھ قبروں میں ہے نکالا جائے گا اور جو کچھ سینوں میں ہے حاصل کر لیا جائے گا

اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيْرٌ ۧ تیسری رکعت میں الحمد کے بعد سورۃ النصر ایک بار

یقیناً ان کا پروردگار اس دن ان کی پوری پوری خبر رکھنے والا ہوگا

سُوْرَةُ النَّصْرِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

اللہ رحمٰن و رحیم کے نام سے

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۙ وَرَاَيْتَ النَّاسَ

جب اللہ تعالیٰ کی مدد اور فتح آئے گی اور تو لوگوں کو دیکھے گا کہ

يَدْخُلُوْنَ فِىْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۙ فَسَبِّحْ

وہ اللہ تعالیٰ کے دین میں فوج فوج ہو کر داخل ہوتے ہیں پس آپ

بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ اِنَّهٗ
حمد کے ساتھ اپنے پروردگار کی تسبیح کیجیے اور اس سے بخشش طلب کیجیے یقیناً وہ
كَانَ تَوَّابًا ۠
بہت رجوع کرنے والا ہے

اور چوتھی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ توحید ایک دفعہ پڑھے لیکن ہر ایک رکعت میں سورہ الحمد اور معیّن سورہ پڑھنے کے بعد ۱۵ دفعہ تسبیحاتِ اربعہ یعنی سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ پڑھے۔ پھر یہی تسبیحات دس مرتبہ رکوع میں، پھر رکوع سے سر اٹھانے کے بعد دس مرتبہ، سجدۂ اولیٰ میں دس مرتبہ سجدہ سے سر اٹھانے کے بعد دس مرتبہ، سجدۂ ثانی میں دس مرتبہ، دوسرے سجدہ سے سر اٹھانے کے بعد دس مرتبہ پڑھے۔ اس طرح ہر رکعت میں ان تسبیحات کا مجموعہ پچھتر ہوگا۔ اس نماز کو ہفتے میں ایک مرتبہ ورنہ مہینے میں ایک بار پڑھنے کی تاکید آئی ہے

نمازِ جنابِ امیرالمومنین علیہ السلام

جنابِ شیخ و سیّد نے جنابِ صادق آلِ محمد علیہ السلام سے روایت

کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ جو چار رکعت نماز امیرالمومنین علیہ السلام بجالائے وہ گناہوں سے اس طرح پاک ہو جاتا ہے جس طرح وہ روز پیدائش پاکیزہ تھا۔ اور اس کی تمام حاجتیں برآتی ہیں۔ یہ نماز چار رکعت ہے جو دو دو کرکے پڑھی جاتی ہے۔ ہر رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد سورۃ توحید پچاس مرتبہ پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد تسبیح امیرالمومنین پڑھے اور وہ یہ ہے

سُبْحٰنَ مَنْ لَّا تَبِیْدُ مَعَالِمُهٗ سُبْحٰنَ

پاک ہے وہ ذات جس کے آثار نہیں مٹتے پاک ہے وہ ذات

مَنْ لَّا تَنْقُصُ خَزَآئِنُهٗ سُبْحٰنَ مَنْ لَّا

جس کے خزانے کم نہیں ہوتے پاک ہے وہ ذات جس کی

اضْمِحْلَالَ لِفَخْرِهٖ سُبْحٰنَ مَنْ لَّا يَنْفَدُ مَا

کبریائی میں کمزوری نہیں پاک ہے وہ ذات جس کے ذخیرے

عِنْدَهٗ سُبْحٰنَ مَنْ لَّا انْقِطَاعَ لِمُدَّتِهٖ

ختم نہیں ہوتے پاک ہے وہ ذات جس کی مدت ختم نہیں ہوتی

سُبْحٰنَ مَنْ لَّا يُشَارِكُ اَحَدًا فِیْٓ اَمْرِهٖ

پاک ہے وہ ذات جس کا کوئی شریک کار نہیں

سُبْحٰنَ مَنْ لَّا اِلٰهَ غَيْرُهٗ ط

پاک ہے وہ ذات جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں

نماز استغاثہ بحضور فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا

ہر مشکل کے حل کے لیے دو رکعت نماز ادا کرنے کے بعد تسبیح جناب زہراؑ پڑھیں۔ اس کے بعد سجدے میں سر رکھ سو مرتبہ کہیں یَا مَوْلَاتِیْ یَا فَاطِمَةُ اَغِیْثِیْنِیْ پھر دائیں طرف سجدے میں سر رکھ کر سو دفعہ یہی ذکر پڑھیں۔ پھر سیدھا سجدہ گاہ پر سر رکھ کر سو دفعہ یہی ذکر پڑھے۔ پھر بائیں طرف سجدہ گاہ پر سر رکھ کر سو دفعہ یہی ذکر پڑھے۔ پھر سیدھا سر رکھ کر یہی ذکر دو سو دس (۲۱۰) مرتبہ پڑھیں۔ پھر جو حاجتیں ہیں وہ اللہ سے مانگیں، انشاء اللہ پوری ہوں گی

نماز مغفرت

جناب صادق آلِ محمدؑ علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ جو شخص دو رکعت نماز اس ترکیب سے بجا لائے کہ ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ توحید ساٹھ مرتبہ تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو معاف فرمائے گا۔

نماز حضرت فاطمۃ الزہرا علیہا السلام

روایت میں ہے کہ نماز جناب سیدہ دو رکعت ہے جو حضرت جبرئیل نے تعلیم فرمائی تھی۔ اس کی ترکیب یہ ہے کہ پہلی رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد سو مرتبہ سورہ قدر اور دوسری رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد سو مرتبہ سورہ توحید پڑھے۔ نماز سے فارغ ہو کر یہ دعا پڑھے۔

سُبْحٰنَ ذِی الْعِزِّ الشَّامِخِ الْمُنِیْفِ سُبْحٰنَ

پاک ہے وہ ذات جو عزت و بلندی اور شرافت و بزرگی کی حامل ہے پاک ہے

ذِی الْجَلَالِ الْبَاذِخِ الْعَظِیْمِ سُبْحٰنَ ذِی

وہ ذات جو صاحب جلال و عظمت ہے پاک ہے وہ ذات جو

الْمُلْكِ الْفَاخِرِ الْقَدِیْمِ سُبْحٰنَ مَنْ لَبِسَ

فخر و قدامت والا حکمران ہے پاک ہے وہ ذات جو

الْبَهْجَةَ وَالْجَمَالَ سُبْحٰنَ مَنْ تَرَدّٰی

صاحب شان و جمال ہے پاک ہے وہ ذات جو

بِالنُّوْرِ وَالْوَقَارِ سُبْحٰنَ مَنْ یَّرٰی اَثَرَ النَّمْلِ

صاحب نور و وقار ہے پاک ہے وہ جو چیونٹی کے نشان قدم

فِی الصَّفَا سُبْحٰنَ مَنْ یَّرٰی وَقْعَ الطَّیْرِ فِی الْھَوَآءِ

تک دیکھتا ہے۔ پاک ہے وہ جو ہوا میں پرندوں کی بلند اُڑان تک دیکھتا ہے

سُبْحٰنَ مَنْ ھُوَ ھٰکَذَا لَا ھٰکَذَا غَیْرُہٗ ط

پاک ہے وہ جو ایسا ہی ہے اور کوئی ایسا نہیں

سیّد علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ براویتِ دیگر مندرجہ بالا دعا کے بعد مشہور تسبیح جناب سیّدہؑ (۳۴ مرتبہ سبحان اللہ، ۳۳ مرتبہ الحمدللہ، ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر) پڑھے۔ اس کے بعد ۳ مرتبہ محمدؐ و آلِ محمدؐ پر صلوات بھیجے۔

نمازِ امام زمانہ عجل اللہ فرجہ

یہ نماز دو رکعت ہے۔ پہلی رکعت میں سورۃ الحمد تلاوت کرتے وقت جب آیہ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پر پہنچیں تو اسے سو مرتبہ کہیں اور آخری مرتبہ سورہ کو تمام کریں۔ اور اس کے بعد سورہ توحید ایک مرتبہ پڑھیں۔ دوسری رکعت بھی اسی طریقے سے بجالائیں اور نماز ختم کرنے کے بعد کھڑے ہوکر یہ دُعا رجوعِ قلب سے پڑھیں۔ اِن شاء اللہ جملہ امورِ عظیمہ میں

کامیابی ہوگی۔ تصفیۂ قلب، تزکیۂ نفس، اطمینان، روحانیت و نورانیت کے درجہ پر فائز ہوں گے۔ یہ نماز عجیب و غریب اسرار کی حامل ہے۔ شب جمعہ آخرِ شب یہ نماز پڑھنی چاہیے۔ ورنہ ہر ایک شب پڑھی جاسکتی ہے۔

اَللّٰهُمَّ عَظُمَ الْبَلَاۤءُ وَبَرِحَ الْخَفَاۤءُ وَانْكَشَفَ

بارِالٰہا! بلائیں بڑھ گئی ہیں گناہ جو پوشیدہ تھے ظاہر ہو گئے ہیں پردہ کھُل

الْغِطَاۤءُ وَضَاقَتِ الْاَرْضُ بِمَا وَسِعَتِ السَّمَاۤءُ

گیا ہے اور زمین باوجود آسمان کی وسعت کے تنگ ہو گئی ہے

وَاِلَيْكَ يَا رَبِّ الْمُشْتَكٰى وَعَلَيْكَ الْمُعَوَّلُ فِى

اے پالنے والے! تجھ سے اپنی شکایت کرتا ہوں اور تکلیف و مصیبت کے وقت

الشِّدَّةِ وَالرَّخَاۤءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ

تجھ سے ہی مدد کا خواستگار ہوں پروردگار! تو محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اپنی

مُحَمَّدِنِ الَّذِيْنَ اَمَرْتَنَا بِطَاعَتِهِمْ وَعَجِّلِ

رحمتِ کاملہ نازل فرما جن کی اطاعت کا ہمیں تو نے ہی حکم دیا ہے بارِالٰہا! تو

اَللّٰهُمَّ فَرَجَهُمْ بِقَاۤئِمِهِمْ وَاَظْهِرْ اِعْزَازَهٗ

ان کے قائم (آلِ محمدؐ) کے ساتھ ان کی کشائش میں تعجیل فرما اور ان کے اعزاز و منزلت کو ظاہر فرما

يَا مُحَمَّدُ يَا عَلِيُّ يَا مُحَمَّدُ اِكْفِيَانِىْ

اے محمد مصطفےٰؐ اور اے علی مرتضےٰؑ آپ حضرات میری کفایت فرمائیے

فَاِنَّکُمَا کَافِیَایَ یَا مُحَمَّدُ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ

یقیناً آپ کی کفایت میرے لیے کافی ہے اے محمدؐ مصطفٰے اور اے علیؑ

یَا مُحَمَّدُ اُنْصُرَانِیْ فَاِنَّکُمَا نَاصِرَایَ

مرتضٰے میری نصرت فرمائیے کیونکہ آپ ہی میرے ناصر و مددگار ہیں

یَا مُحَمَّدُ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا مُحَمَّدُ اِحْفَظَانِیْ

اے محمدؐ مصطفٰے اور اے علیؑ مرتضٰے میری حفاظت کیجیے

فَاِنَّکُمَا حَافِظَایَ یَا مَوْلَایَ یَا صَاحِبَ الزَّمَانِ

یقیناً آپ ہی میرے محافظ و معین ہیں اے میرے آقا و مولا اے شہنشاہِ زمانہ

یَا مَوْلَایَ یَا صَاحِبَ الزَّمَانِ یَا مَوْلَایَ یَا صَاحِبَ

اے میرے آقا و مولا اے شہنشاہِ زمانہ اے میرے آقا و مولا اے

الزَّمَانِ اَلْغَوْثَ اَلْغَوْثَ اَلْغَوْثَ اَدْرِکْنِیْ

شہنشاہِ زمانہ اے فریاد رس اے فریاد رس اے فریاد رس میری فریاد کو پہنچیے

اَدْرِکْنِیْ اَدْرِکْنِیْ اَلْاَمَانَ اَلْاَمَانَ اَلْاَمَانَ

میری نصرت، امداد کیجیے اور اپنی پناہ میں رکھیے تاکہ جمیع آفات سے مامون رہوں

نمازِ ہدیۂ والدین

حقیقت الامر یہ ہے کہ والدین کی فرماں برداری واجب اور ان کی

رضامندی وخوشنودی بہترین طاعات سے ہے۔ ان کو ناراض رکھنا گناہِ کبیرہ ہے۔ پس لازم ہے کہ انسان اپنے ماں باپ کے لیے اعمالِ خیر بجالائے اور ان کی مغفرت و درجاتِ عالیہ کے لیے دُعا کرے اور نمازیں پڑھے۔ کم از کم ہر شب جمعہ والدین کے لیے دو رکعت نماز اس ترکیب سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں ایک مرتبہ سورہ الحمد اور دس مرتبہ پڑھے۔

رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ

اے میرے پروردگار مجھے اور میرے والدین اور مومنین کو حساب کے دن معاف فرمانا

اور دوسری رکعت میں ایک بار سورہ الحمد اور دس مرتبہ پڑھے۔

رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَیْتِیَ

اے میرے پروردگار مجھے اور میرے والدین کو اور جو میرے گھر میں داخل ہوا

مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ط

مومن ہوکر اور مومنین و مومنات سب کو بخش دے

نماز ختم کرنے کے بعد دس مرتبہ کہے۔

رَبِّ ارْحَمْهُمَا کَمَا رَبَّیٰنِیْ صَغِیْرًا ط

اے میرے پروردگار ان دونوں (میرے والدین) پر رحم فرما جنھوں نے مجھے چھوٹے سے کو پالا تھا

نماز غفیلہ

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص نمازِ غفیلہ بجا لائے اور طلبِ حاجت کرے تو خداوندِ عالم اس کی حاجات بر لائے گا۔ یہ نماز عزّت و سلامتی کے گھر (یعنی جنّت) کا وارث بناتی ہے۔ یہ نماز مغرب اور عشاء کے درمیان پڑھی جاتی ہے۔ یہ نماز اداکرنا مغرب کی ۴ رکعت نافلہ میں شامل ہے۔ نمازِ غفیلہ کے بعد مزید دو رکعت نافلہ پڑھ لے تو یہ دونوں نماز ملاکر چار رکعت نافلہ مغرب پوری ہو جاتی ہے۔

ترکیب: یہ نماز دو رکعت ہے۔ پہلی رکعت میں سورۂ حمد کے بعد سورۂ الانبیاء کی درج ذیل آیات (نمبر ۸۷، ۸۸) پڑھے۔

وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ

اور مچھلی والے (یونسؑ) کو جب کہ وہ چلا گیا غصہ میں آکر پس اس نے خیال کیا کہ

نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِى الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ

ہم اس کو پکڑ نہ سکیں گے۔ پس اس نے پکارا اندھیروں میں کہ نہیں کوئی معبود۔

اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

سوائے تیرے پاک ہے تو بیشک میں ہوا ظلم کرنے والوں میں سے

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ۭ وَكَذٰلِكَ

پس قبول کرلی ہم نے اس کی دُعا اور نجات دی ہم نے اسے اس غم سے اور اسی طرح

نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

ہم نجات دیا کرتے ہیں ایمان والوں کو

دوسری رکعت میں سورہ حمد کے بعد سورۃ الانعام درج ذیل آیت (نمبر ۵۹) پڑھے:

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ

اور اسی کے پاس ہیں غیب کی کنجیاں ان کے بارے میں اس کے سوا کوئی نہیں جانتا

وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ

اور وہ جانتا ہے جو کچھ خشکی اور تری میں ہے اور نہیں گرتا کوئی

وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ

پتّا مگر وہ اسے جانتا ہے اور نہ کوئی دانہ ہے زمین کے

الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ

اندھیروں میں، نہ کوئی تر نہ خشک مگر وہ

كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝

کتابِ مبین میں موجود ہے

پھر قنوت کے بعد رکوع اور سجدہ ادا کرے اور تشہد و سلام پڑھ کر نماز ختم کرے۔ قنوت میں دونوں ہاتھوں کو بلند کرکے یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِمَفَاتِحِ الْغَیْبِ الَّتِیْ

اے اللہ میں تجھ سے ان مفاتح غیب کے ذریعہ سوال کرتا ہوں

لَایَعْلَمُھَآ اِلَّا اَنْتَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی

جن کو تیرے سوا کوئی نہیں جانتا کہ تو رحمت نازل فرمائے

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَنْ تَفْعَلَ بِیْ کَذَا وَکَذَا

محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اور میرے ساتھ ...... یہ معاملہ فرما

یہاں حاجت مانگیے اور پھر یہ پڑھے :

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ وَلِیُّ نِعْمَتِیْ

اے اللہ! تو مجھے نعمتیں دینے والا ہے

وَالْقَادِرُ عَلٰی طَلِبَتِیْ تَعْلَمُ حَاجَتِیْ وَاَسْئَلُکَ

اور میرے مطالبہ پر قادر ہے میری حاجت کو جانتا ہے میں سوال کرتا ہوں

بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ عَلَیْہِ وَعَلَیْہِمُ السَّلَامُ

تجھ سے محمدؐ و آلِ محمد (ان پر اور ان کی آل پر سلام ہو) کے حق کا واسطہ دے کر

لَمَّا قَضَیْتَھَا لِیْ

کہ تو میری حاجت کو پورا کردے

اس کے بعد اپنی حاجت طلب کرے کیونکہ روایت میں ہے کہ جو شخص اس نماز کو بجالائے اور اپنی حاجت اللہ تعالیٰ سے مانگے گا خداوندِ عالم اسے عطا فرمائے گا۔

دُعائے توبہ

أَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ

بخشش چاہتا ہوں اس خدا سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں

الْحَيُّ الْقَيُّومُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ

وہ زندہ ہے قائم رہنے والا ہے بخشنے والا مہربان ہے

ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ

صاحب جلالت و اکرام ہے مجھے اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے

وَأَسْأَلُهُ أَنْ يُصَلِّيَ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ

اور اس سے خواہش کرتا ہوں کہ وہ رحمت نازل کرے محمدؐ و آل محمدؐ پہ

وَأَنْ يَتُوبَ عَلَيَّ تَوْبَةَ عَبْدٍ ذَلِيلٍ خَاضِعٍ

اور یہ کہ اس بندۂ ذلیل کی توبہ کو قبول کرلے جو عاجز

خَاشِعٍ فَقِيرٍ مِسْكِينٍ مُسْتَكِينٍ

خوف کھانے والا محتاج بے نوا زاری کرنے والا ہے

لَا يَمْلِكُ لِنَفْسِهِ نَفْعًا وَلَا ضَرًّا وَلَا مَوْتًا

اور جو اپنے لیے کسی چیز کا مالک نہیں ہے نہ کسی سود و زیاں اور نہ موت و

وَلَا حَيٰوةً وَلَا نُشُورًا

حیات اور نہ ہی دوبارہ زندہ ہونے کا

دُعائے بسم اللہ خیر الاسماء

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ

اللہ کے نام سے جو بہترین نام ہے

بِسْمِ اللّٰہِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ

اللہ کے نام سے جو زمین و آسمان کا پروردگار ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَایَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ سُمٌّ وَّلَادَآءٌ

اللہ کے نام سے جس کے نام کے ہوتے ہوئے نہ کوئی زہر اثر کرسکتا ہے نہ مرض آسکتا ہے

بِسْمِ اللّٰہِ اَصْبَحْتُ وَعَلَی اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ

اللہ کے نام سے میں نے صبح کی اور اللہ پر بھروسہ کرتا ہوں

بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی قَلْبِیْ وَنَفْسِیْ

بسم اللہ میرے قلب و جاں میں ہے

بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی دِیْنِیْ وَعَقْلِیْ

بسم اللہ میرے دین اور عقل پر (لکھا) ہے

بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی اَہْلِیْ وَمَالِیْ

بسم اللہ میرے بال بچوں اور میرے مال کا نقش ہے

بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى مَآ اَعْطَانِىْ رَبِّىْ

بسم اللہ جو کچھ میرے پروردگار نے مجھے عطا کیا

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَىْءٌ

اوہ بسم اللہ جس کے ہوتے ہوئے زمین و آسمان کی کوئی چیز

فِى الْاَرْضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

نقصان نہیں پہنچا سکتی اور وہی (اللہ) بہت سننے اور جاننے والا ہے

اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّىْ حَقًّا لَآ اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا

اللہ، اللہ، میرا رب اور حق ہے میں کسی کو اس کا شریک نہیں مانتا

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَعَزُّ

اللہ اکبر، اللہ بہت بڑا ہے، اللہ بڑی کبریائی کا مالک ہے وہ بہت طاقت

وَاَجَلُّ مِمَّآ اَخَافُ وَاَحْذَرُ عَزَّ جَارُكَ

اور بہت زیادہ شان والا ہے ہر اس سے جس سے میں خوف کھاتا اور ڈرتا ہوں

وَجَلَّ ثَنَآؤُكَ وَتَقَدَّسَتْ اَسْمَآؤُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ

اور تیرے نام بہت پاکیزہ ہیں اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں

اَللّٰهُمَّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِىْ وَمِنْ شَرِّ

یا اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں اپنی ذات کے شر سے، ہر سخت گیر

كُلِّ سُلْطَانٍ شَدِيْدٍ وَّمِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ

حاکم کے شر سے ہر نافرمان شیطان کے شر سے

وَمِنْ شَرِّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ وَّمِنْ شَرِّ قَضَآءِ
ہر جابر سرکش کے شر سے ہر برے فیصلے کے

السُّوْٓءِ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَآبَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا
شر سے اور ہر اس جاندار و متحرک مخلوق کے شر سے جس کی پیشانی (تقدیر) تیرے قبضہ میں ہے

اِنَّكَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ
بیشک تو صراطِ مستقیم کا مالک ہے اور تو ہی ہر چیز

شَيْءٍ حَفِيْظٌ اِنَّ وَلِيِّيَ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ
کا محافظ ہے بیشک اللہ ہی والی و مولا ہے جس نے قرآن پاک

الْكِتٰبَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ فَاِنْ
نازل کیا ہے اور وہ نیک عمل لوگوں کو پسند کرتا ہے پھر اگر تم لوگ اس سے

تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
منہ موڑتے ہو تو (حبیبؐ) تم کہہ دو میرے لیے اللہ کافی ہے ۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں

عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ
اسی پر میں نے توکل کیا ہے اور وہ عرش عظیم کا پروردگار ہے

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ
بہت جلد اللہ ان کے مقابلے میں تمہارے لیے کافی ہوگا اور وہی بہت سننے والا

الْعَلِيْمُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ
بہت جاننے والا ہے اور کوئی قوت و طاقت ، بلند و برتر اللہ کے بغیر نہیں

الْعَظِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ

اور اللہ نے رحمت کی اپنی مخلوق میں سب سے بہتر

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ

محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور ان کی پاک اولاد پر

دُعا بوقتِ ہر صبح

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن ورحیم اللہ کے نام سے

تَحَصَّنْتُ بِذِى الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ

میں نے مُلک و ملکوت والے کے قلعہ (حفاظت) میں قلعہ نشینی حاصل کرلی

وَاعْتَصَمْتُ بِذِى الْعِزِّ وَالْجُوْدِ وَالْجَبَرُوْتِ

میں نے قوت وسخاوت والے سے وابستگی اختیار کرلی

تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِىْ لَا يَمُوْتُ

میں نے اس ذاتِ زندہ پر بھروسہ کیا جسے موت نہیں چھو سکتی

دَخَلْتُ فِىْ حِفْظِ اللّٰهِ وَفِىْ حِرْزِ اللّٰهِ وَفِىْ

میں اللہ کی حفاظت میں داخل ہوگیا، میں اللہ کی حراست میں ہوں، اور

اَمَانِ اللّٰهِ مِنْ شَرِّ الْبَرِيَّةِ اَجْمَعِيْنَ

اللہ کی امان میں ہوں تمام مخلوقات کے شر سے

کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَلَا حَوْلَ

کاف ہا یا ع ص حا میم ع س ق اور کوئی قوت و

وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ

طاقت نہیں ہے مگر بزرگ و برتر اللہ کے واسطے اور اللہ نے رحمت کی

عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ

اپنی بہترین مخلوق محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور ان کی آل پاک پر

دُعائے بسم اللہ و بِاللہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَمِنَ اللّٰهِ وَاِلَى اللّٰهِ

اللہ کے نام سے اور اللہ کے سہارے اور اللہ سے شروع اور اللہ پر ختم

وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ اَسْلَمْتُ نَفْسِيْ

اور اللہ کی راہ میں یا اللہ! میں نے اپنا نفس تیرے سپرد کیا

وَاِلَيْكَ وَجَّهْتُ وَجْهِيْ وَاِلَيْكَ فَوَّضْتُ اَمْرِيْ

میں نے اپنا رُخ تیری طرف کر لیا میں نے اپنے معاملات تجھے سونپ دیے

وَاِلَيْكَ اَلْجَاْتُ ظَهْرِيْ فَاحْفَظْنِيْ بِحِفْظِ

اور تجھے اپنا پشت پناہ بنا لیا اب تو ہی مجھے میرے ایمان کے ساتھ

الْإِيْمَانِ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِيْ وَعَنْ

محفوظ رکھ سامنے سے پیچھے سے

يَمِيْنِيْ وَعَنْ شِمَالِيْ وَمِنْ فَوْقِيْ وَمِنْ تَحْتِيْ

دائیں سے بائیں سے اُوپر نیچے سے (ہرسمت سے)

وَمَا مِنْ قَبْلِيْ وَادْفَعْ عَنِّيْ بِحَوْلِكَ

اور جو مجھ سے پہلے ہوا (اسکے شر سے بھی مجھے محفوظ رکھ) اور اپنی قوت و قدرت کے شر

وَقُوَّتِكَ فَإِنَّهُ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

مجھ سے ہر شر کو دور کر دے کیونکہ ہر قسم کی قوت و طاقت صرف اللہ کے ذریعے سے ہے

الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

جو بلند و بالا ہے

دُعائے حفظ از آفات

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ اَمَامِيْ

میرے سامنے حضرت محمد مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں

وَفَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَوٰتُ اللّٰهِ عَلَيْهَا

اور بنت رسولؐ حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام میرے اوپر سایہ فگن ہیں

فَوْقَ رَاْسِيْ وَاَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيُّ ابْنُ

اور امیر المومنین حضرت علی ابن

اَبِیْ طَالِبٍ وَصِیِّ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَوٰتُ اللّٰہِ
ابی طالب علیہ الصلوٰۃ والتسلیم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے
وَسَلَامُہٗ عَلَیْہِ یَمِیْنِیْ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ
وصی میری دائیں طرف ہیں میری بائیں طرف امام حسنؑ امام حسینؑ
وَعَلِیٌّ وَّمُحَمَّدٌ وَّجَعْفَرٌ وَّمُوْسٰی وَعَلِیٌّ
امام علیؑ و محمدؑ ، امام جعفرؑ و موسیٰؑ و علیؑ
وَّمُحَمَّدٌ وَّعَلِیٌّ وَالْحَسَنُ وَالْحُجَّۃُ الْمُنْتَظَرُ
و محمدؑ و علیؑ و حسنؑ و امام مہدی آخر الزمان ہیں
صَلَوٰتُ اللّٰہِ وَسَلَامُہٗ عَلَیْہِمْ عَنْ شِمَالِیْ
سب حضرات پر اللہ کے درود و سلام ہوں میری پشت پناہی کے لیے
وَاَبُوْذَرٍ وَّسَلْمَانُ وَمِقْدَادُ وَحُذَیْفَۃُ
ابوذرؓ و سلمانؓ و مقدادؓ و حذیفہؓ
وَعَمَّارُ اَصْحٰبُ رَسُوْلِ اللّٰہِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمْ
و عمارؓ اصحاب رسولؐ اللہ رضی اللہ عنہم
مِنْ وَّرَآئِیْ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ عَلَیْہِمُ السَّلَامُ حَوْلِیْ
میرے پیچھے ہیں اور ملائکہ علیہم السلام میرے ارد گرد ہیں
وَاللّٰہُ رَبِّیْ تَعَالٰی شَانُہٗ وَتَقَدَّسَتْ اَسْمَآؤُہٗ
اور میرا رب اللہ تعالیٰ شانہٗ ہے اور اس کے نام پاکیزہ ہیں

مُحِيطٌۢ بِي وَحَافِظِي وَحَفِيظِي

اس کی ذات مجھے گھیرے میں لیے ہوئے ہے وہی میرا حافظ و محافظ ہے

وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيطٌ بَلْ هُوَ

اور اللہ ان (دشمنوں) کے عقب سے احاطہ کئے ہوئے ہے بلکہ وہ

قُرْاٰنٌ مَّجِيدٌ فِي لَوْحٍ مَّحْفُوظٍ

قرانِ مجید لوحِ محفوظ میں ہے

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ

پس اللہ ہی بہترین حفاظت کرنے والا اور وہی سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنیوالا ہے

دُعائے طولِ عمر

یہ بھی روایت میں ہے کہ جو شخص اس دُعا کو پڑھنے کی پابندی کرے اس کی عمر طویل ہوتی ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ صِحَّةً وَّتَقْوٰى وَطُوْلَ

یا اللہ! میں تجھ سے صحت اور تقویٰ اور اچھے

عُمُرٍ فِي حُسْنِ عَمَلٍ وَّرِزْقٍ وَّاسِعٍ

اعمال کے ساتھ طولِ عمر اور ایسی خوشحال روزی کی دُعا کرتا ہوں

لَا تُعَذِّبْنِيْ عَلَيْهِ

جس سے مجھ پر عذاب نہ ہو

دُعائے حاجات

یہ دُعا حاجت پوری ہونے، بلائیں دُور کرنے، اہم موقعوں پر مددگاری سختیوں سے چھٹکارا پانے، ہلاکت سے بچنے، دشمنوں کو دفع کرنے، رنج وغم سے نجات پانے کے لیے صبح وشام پڑھیں۔ یہ دُعا جناب علامہ میر محمد باقر داماد مرحوم ومغفور کے قلم سے لکھی ہوئی دیکھی اور اس سے نقل ہوئی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

تَحَصَّنْتُ بِذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ

مَیں نے مُلک و ملکوت (دنیا کی روح وحقیقت) کے قلعہ میں پناہ حاصل کر لی ہے

وَاعْتَصَمْتُ بِذِی الْعِزَّةِ وَالْعَظَمَةِ

اور مَیں عزت وعظمت

وَالْهَيْبَةِ وَالْقُدْرَةِ وَالْجَلَالِ وَالْجَمَالِ

ہیبت و قدرت، جلال و جمال

وَالْكَمَالِ وَالْكِبْرِيَاۤءِ وَالْجُوْدِ وَالْجَبَرُوْتِ

کمال و کبریائی اور سخاوت و قوت کے مالک سے وابستہ ہو گیا ہوں

وَتَوَكَّلْتُ عَلَى الْمَلِكِ الْحَيِّ الَّذِیْ لَا يَنَامُ

مَیں نے بھروسہ کر لیا ہے اس حقیقی بادشاہ پر جو زندہ جاوید ہے جسے نیند چھو نہیں گئی

وَلَا یَمُوْتُ دَخَلْتُ فِیْ حِرْزِ اللّٰہِ وَفِیْ کَنَفِ
نہ فنا اس کے پاس آسکتی ہے میں اللہ کی حفاظت ، اللہ کی حمایت
اللّٰہِ وَفِیْ اَمْنِ اللّٰہِ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ
اور اللہ کے امن میں داخل ہوگیا واسطہ ہے حق "کاف ہا یا ع ص" کا اور واسطہ ہے
حٰمٓ عٓسٓقٓ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ
حق "حامیم ع س ق" کا اور بہت جلد اللہ تجھے ان لوگوں سے بچالے گا ، وہ بہت
السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ بِسْمِ اللّٰہِ بَابُنَا تَبَارَکَ
بہت سننے اور بہت جاننے والا ہے "بسم اللہ" ہمارا دروازہ "تبارک الذی"
حِیْطَانُنَا یٰسٓ سَقْفُنَا کٓھٰیٰعٓصٓ کِفَایَتُنَا
ہماری چاردیواری "یٰس" ہماری چھت "کاف ہا یا ع ص" ہماری کفالت
حٰمٓ عٓسٓقٓ حِمَایَتُنَا فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ
"حامیم ع س ق" ہماری حمایت کرنے والے ہیں بہت جلد اللہ تیری ان سے حفاظت کرے گا
وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ حِصَارُہٗ
اور وہ بہت سننے اور بہت جاننے والا ہے "لا الٰہ الا اللہ" اس کا حصار
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ قُفْلُہٗ وَمِسْمَارُہٗ
"محمد رسول اللہ" اس کا قفل اور کنجی
وَعَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰہِ بَابُہٗ
اور "علی ولی اللہ" اس کا دروازہ ہے

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے روایت ہے کہ جو شخص یہ دُعا روزانہ دو مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے چار ہزار گناہ کبیرہ بخش دیتا ہے۔ سکراتِ موت، قبر کے دباؤ اور قیامت کی ہولناکیوں سے نجات دیتا ہے۔ شیطان اور اس کے ساتھیوں کے شر سے حفاظت ہوتی ہے۔ قرض ادا ہوتا رنج وغم دور ہوتا ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔ دُعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

اَعْدَدْتُ لِكُلِّ هَوْلٍ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

میں نے ذخیرہ کرلیا ہے ہر خوف کے لیے "لا الٰہ الا اللہ"

وَلِكُلِّ هَمٍّ وَّغَمٍّ مَا شَآءَ اللّٰهُ وَلِكُلِّ

اور ہر رنج وغم کے لیے "ما شاء اللہ" اور ہر

نِعْمَةٍ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلِكُلِّ رَخَآءٍ وَّشِدَّةٍ

نعمت کے لیے "الحمد للہ" اور خوشحالی اور تنگدستی کے لیے

اَلشُّكْرُ لِلّٰهِ وَلِكُلِّ اُعْجُوْبَةٍ سُبْحٰنَ اللّٰهِ

"الشکر للہ" ہر تعجب خیز موقع کے لیے سبحٰن اللہ

وَلِكُلِّ ذَنْبٍ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَلِكُلِّ مُصِيْبَةٍ

اور گناہ کے وقت اَستغفِرُ اللہ اور ہر مصیبت کے لیے

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ

"اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْن"

وَلِكُلِّ ضِيْقٍ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَلِكُلِّ

اور ہر پریشان حالی میں حَسْبِيَ اللّٰه اور قضا و قدر

قَضَآءٍ وَّقَدَرٍ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ وَلِكُلِّ

کے ہر مرحلے میں تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰه اور ہر

عَدُوٍّ اِعْتَصَمْتُ بِاللّٰهِ وَلِكُلِّ طَاعَةٍ وَّ

دشمن کے مقابلے میں اِعْتَصَمْتُ بِاللّٰه اور ہر فرماں برداری اور

مَعْصِيَةٍ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

نافرمانی کے بعد لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه الْعَلِيِّ الْعَظِيْم

نیز یہ بھی روایت میں ہے کہ جب بھی کوئی رنج و غم ہو تو ستر مرتبہ یہ دُعا پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

يَآ اللّٰهُ يَا مُحَمَّدُ يَا فَاطِمَةُ يَا صَاحِبَ الزَّمَانِ

یا اللہ یا محمّد یا فاطمہؑ اے امامِ زمانہ

اَدْرِكْنِيْ وَلَا تُهْلِكْنِيْ

میری مدد کیجیے مجھے ہلاک نہ ہونے دیجیے

نمازِ حاجت

حاجت برآنے کے لیے وہ نماز ہے جس کو صلوٰۃ المضطر بھی کہتے ہیں۔ یہ نماز عجیب وغریب اثر رکھتی ہے اور بے انتہا فوائد کے علاوہ ایسی جگہ سے اسبابِ کشود نمودار ہوتے ہیں جہاں کا انسان کو گمان بھی نہ ہو

ترکیب: یہ نماز بالکل نماز فجر کی طرح دو دو رکعت کرکے پڑھی جاتی ہے۔ البتہ پہلی رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد دوسری سورۃ نہ پڑھیں بلکہ ۲۵ مرتبہ اُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ اور دوسری رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد ۲۵ مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ اور تیسری رکعت میں بعد سورۃ الحمد ۲۵ مرتبہ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ اور چوتھی رکعت میں بعد سورۃ الحمد ۲۵ مرتبہ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھے اور سلام دے کر ۲۵ مرتبہ درود شریف پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنا مطلب عرض کرے۔ انشاءاللہ مراد پوری ہوگی

تعقیباتِ نماز

تعقیب نمازِ فجر

پہلی دُعا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

اَصْبَحْتُ اَللّٰهُمَّ مُعْتَصِمًا بِذِمَامِكَ الْمَنِيْعِ

یا اللہ! میں اس حالت میں صبح کر رہا ہوں کہ تیرے مضبوط وعدے سے وابستہ ہوں

اَلَّذِیْ لَا یُطَاوَلُ وَلَا یُحَاوَلُ مِنْ شَرِّ كُلِّ

جس پر نہ دست درازی کی جا سکتی ہے نہ اسے موڑا جا سکتا ہے۔ ہر غالب آنے

غَاشِمٍ وَّطَارِقٍ مِّنْ سَآئِرِ مَا خَلَقْتَ

والے (دشمن) اور رات کو آنے والی (مصیبت) تمام اس مخلوق سے جسے تو نے پیدا کیا

وَمَنْ خَلَقْتَ مِنْ خَلْقِكَ الصَّامِتِ وَالنَّاطِقِ

اور تیری جاندار یا بے جان مخلوق میں جو بھی تو خلق کرے

فِیْ جُنَّةٍ مِّنْ كُلِّ مَخُوْفٍ بِلِبَاسٍ سَابِغَةٍ حَصِیْنَةٍ

ہر خوفناک چیز کے لیے ڈھال، مضبوط اور کشادہ لباس (زرہ بکتر)

وَّهِیَ وِلَآءُ اَهْلِ بَیْتِ نَبِیِّكَ عَلَیْهِ وَعَلَیْهِمُ السَّلَامُ

وہ محبت ہے تیرے نبیؐ کے اہلِ بیت کی سلام ہو نبیؐ اور اہلِ بیت پر

مُحْتَجِبًا مِّنْ كُلِّ قَاصِدٍ لِّيْ اِلَى اَذِيَّةٍ

اُن کے رشتے سے وابستہ اور ان کے حق کا اقرار کر کے ہر اس چیز سے جو مجھے دکھ پہنچانے

بِجِدَارٍ حَصِيْنِ الْاِخْلَاصِ فِى الْاِعْتِرَافِ

کا ارادہ کرے خلوص کے قلعے کی مضبوط دیوار

بِحَقِّهِمْ وَالتَّمَسُّكِ بِحَبْلِهِمْ مُّوْقِنًا اَنَّ

کی اوٹ میں ہوں میرا یہ مکمل عقیدہ ہے کہ

الْحَقَّ لَهُمْ وَمَعَهُمْ وَفِيْهِمْ وَبِهِمْ

حق ان کے لیے ، ان کے ساتھ ، ان کے پاس اور انہی کے ذریعہ مل سکتا ہے

اُوَالِىْ مَنْ وَّالَوْا وَاُعَادِىْ مَنْ عَادَوْا وَاُجَانِبُ

ان کے دوستوں کا دوست ، ان کے دشمنوں کا دشمن ہوں اور ان سے پہلو بچا کر

مَنْ جَانَبُوْا فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

رہتا ہوں جو اُن سے پہلو بچاتے ہیں رحمت فرما محمد و آلِ محمد پر

وَاَعِذْنِىْ اللّٰهُمَّ بِهِمْ مِّنْ شَرِّ كُلِّ مَآ اَتَّقِيْهِ

اور اے اللہ مجھے ان کے صدقے میں ہر اس شر سے بچا جس سے میں بچنا چاہتا ہوں

يَا عَظِيْمُ حَجَزْتُ الْاَعَادِىْ عَنِّىْ بِبَدِيْعِ

اے عظیم (اللہ) میں نے اپنے دشمنوں کو آسمان و زمین کے بے مثال

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِنَّا جَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ

خالق کے ذریعے روک دیا ہم نے ان کے سامنے

اَیْدِیْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰهُمْ

دیوار اور ان کے پیچھے دیوار بنا دی پھر اوپر سے انھیں ڈھانپ دیا ہے

فَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ

اب وہ دیکھ نہیں سکتے

دوسری دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

اَصْبَحْتُ بِاللّٰهِ مُؤْمِنًا عَلٰی دِیْنِ مُحَمَّدٍ وَّسُنَّتِهٖ

میں نے صبح کی ایمان باللہ اور محمد مصطفٰے کے دین اور ان کی سنت پر

وَدِیْنِ عَلِیٍّ وَّسُنَّتِهٖ وَدِیْنِ الْاَوْصِیَآءِ وَسُنَّتِهِمْ

اور دینِ علیؑ اور ان کے طریقہ اور دینِ اوصیاء (نبی) اور ان کے طریقوں پر

اٰمَنْتُ بِسِرِّهِمْ وَعَلَانِیَتِهِمْ وَشَاهِدِهِمْ

میں ان کے ظاہر ان کے باطن، ان کے موجود ان کے غائب سب پر ایمان

وَغَآئِبِهِمْ وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِمَّا اسْتَعَاذَ مِنْهُ

رکھتا ہوں اور اللہ کی پناہ مانگتا ہوں اس سے جس سے پناہ مانگی

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَعَلِیٌّ عَلَیْهِ السَّلَامُ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ آلہ وسلم اور علی علیہ السلام

وَالْاَوْصِیَآءُ وَاَرْغَبُ اِلَی اللّٰهِ فِیْمَا رَغِبُوْٓا اِلَیْهِ

اور انکے جانشینوں نے اور اسی طرح اللہ کی طرف متوجہ ہوں جیسے وہ متوجہ ہوئے

وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

بزرگ و برتر اللہ کے سوا کوئی قوت و طاقت کا مالک نہیں

تیسری دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ خَيْرَ الصَّبَاحِ وَخَيْرَ الْمَسَآءِ

یا اللہ! میں تجھ سے صبح کی بھلائی اور شام کی بھلائی

وَخَيْرَ الْقَضَآءِ وَخَيْرَ الْقَدْرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ

اور قضا و قدر کی بہتری کا طلبگار ہوں

شَرِّ الصَّبَاحِ وَمِنْ شَرِّ الْمَسَآءِ وَمِنْ شَرِّ الْقَضَآءِ

صبح و شام ، قضا و قدر کی تکلیفوں

وَمِنْ شَرِّ الْقَدْرِ وَمِنْ شَرِّ مَا جَرٰى بِهِ الْقَلَمُ

اور قلمِ تقدیر سے جاری ہونے والی مشکلوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں

اَللّٰهُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ وَلَا تُهْلِكْنَا

یا اللہ! ہمیں اپنے غضب سے قتل اور اپنے عذاب سے ہلاک

بِعَذَابِكَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِكَ وَاغْفِرْلَنَا وَارْحَمْنَا

نہ فرمانا اور ہمیں عذاب سے پہلے معاف کرنا ، بخش دینا

وَلِاٰبَآءِنَا وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

اور ہمارے آباء و اجداد ، تمام مومنین و مومنات

وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ	اَللّٰهُمَّ يَا خَفِيَّ
مسلمان مردوں عورتوں اور ہم سب پر رحم فرما	یا اللہ! اے پنہاں
الْاَلْطَافِ نَجِّنَا بِفَضْلِكَ مِمَّا نَحْذَرُ وَنَخَافُ	
لطف کرنیوالے ہمیں اپنے فضل وکرم سے نجات دے (اس سے) جس سے ہم ڈرتے ہیں	
وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ	
اور رحمت نازل فرمائی اللہ نے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور ان کی آل سب پر	
بِرَحْمَتِكَ يَاۤ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ	
تجھے تیری رحمت کا واسطہ اے سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے	

ایک اور دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ	
اللہ کے نام سے، اللہ کے سہارے اور اللہ نے رحمت کی محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)	
وَّاٰلِهٖ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْۤ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ	
اور ان کی آل پر اور میں اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کرتا ہوں یقیناً اللہ	
بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ فَوَقٰهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا	
بندوں کے معاملات پر پوری نظر رکھتا ہے اللہ نے اسے لوگوں کی سازشوں سے محفوظ رکھا	
لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ	
تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک و پاکیزہ ہے میں ہی ظالموں میں سے تھا	

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ

ہم نے اس کی دُعا قبول کی اور اسے غم سے نجات دی اور اسی طرح

نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ○ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ

ہم مومنوں کو نجات دیتے ہیں ہمارے لیے اللہ کافی ہے اور وہی بہترین

الْوَكِيْلُ ○ فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ

کارساز ہے وہ لوگ اللہ کی نعمتوں اور اس کے فضل میں چلے گئے

لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ مَاشَآءَ اللّٰهُ لَاحَوْلَ

انھیں کوئی تکلیف نہیں ہوگی جو اللہ چاہتا ہے (وہی حق ہے) اللہ کے بغیر

وَلَاقُوَّةَ اِلَّابِاللّٰهِ ○ مَاشَآءَ اللّٰهُ لَامَاشَآءَ النَّاسُ

کوئی قوت وطاقت نہیں ہے جو اللہ چاہے نہ وہ جسے انسان چاہے

مَاشَآءَ اللّٰهُ وَلَوْكَرِهَ النَّاسُ حَسْبِيَ الرَّبُّ مِنَ

جو اللہ چاہے خواہ اسے لوگ بُرا ہی کیوں نہ مانیں روزی دینے والا مجھے روزی پانے

الْمَرْبُوْبِيْنَ ○ حَسْبِيَ الْخَالِقُ مِنَ الْمَخْلُوْقِيْنَ ○

والوں سے کافی ہے مخلوق کی بجائے مجھے خالق ہی کافی ہے

حَسْبِيَ الرَّازِقُ مِنَ الْمَرْزُوْقِيْنَ ○ حَسْبِيَ اللّٰهُ

رزق دینے والا مجھے رزق لینے والوں سے کافی ہے میرے لیے اللہ

رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ○ حَسْبِيْ مَنْ هُوَحَسْبِيْ

تمام جہانوں کا پروردگار ہی کافی ہے میرے لیے وہی کافی ہے جو میرے لیے کافی ہے

حَسْبِیْ مَنْ لَّمْ یَزَلْ حَسْبِیْ حَسْبِیْ مَنْ کَانَ مُنْذُ

میرے لیے وہی کافی ہے جو ہمیشہ کافی رہے گا جو میری پہلی سانس سے میرے لیے

کُنْتُ لَمْ یَزَلْ حَسْبِیْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰـہَ

کافی ہے وہ ہمیشہ کافی رہے گا میرے لیے اللہ کافی ہے اس کے علاوہ

اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۝

کوئی معبود نہیں اسی پر میں بھروسہ کرتا ہوں اور وہی عرش عظیم کا رب ہے

دُعائے صباح حضرت امیرالمؤمنینؑ کی دُعا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

اَللّٰھُمَّ یَا مَنْ دَلَعَ لِسَانَ الصَّبَاحِ بِنُطْقِ تَبَلُّجِہٖ

یا اللہ! اے وہ (ذاتِ اقدس) جس نے زبانِ صبح کو تابانیوں کی گویائی سے نمایاں کیا

وَسَرَّحَ قِطَعَ اللَّیْلِ الْمُظْلِمِ بِغَیَاھِبِ تَلَجْلُجِہٖ

اور اندھیری رات کے ٹکڑوں کو اس کی تاریک حیرانیوں سمیت رخصت کیا

وَاَتْقَنَ صُنْعَ الْفَلَکِ الدَّوَّارِ فِیْ مَقَادِیْرِ تَبَرُّجِہٖ

اور چکر کھاتے آسمانی زینت کی فنکاری کو اس کے برجوں کی حدوں میں مضبوط کر دیا

وَشَعْشَعَ ضِیَآءَ الشَّمْسِ بِنُوْرِ تَاَجُّجِہٖ

اور سورج کی چمک دار روشنی کو نور کی تڑپ سے اور زیادہ منور کر دیا

يَا مَنْ دَلَّ عَلٰى ذَاتِهٖ بِذَاتِهٖ

اے وہ ! جس نے اپنے وجود پر اپنے وجود سے رہنمائی فرمائی

وَتَنَزَّهَ عَنْ مُجَانَسَةِ مَخْلُوْقَاتِهٖ وَجَلَّ

جو اپنی مخلوقات کے ہم جنس ہونے سے پاک اور اپنی

عَنْ مُلَائَمَةِ كَيْفِيَّاتِهٖ يَا مَنْ قَرُبَ مِنْ

کیفیتوں کی ترکیب سے بلند ہے اے وہ ! جو خیالات کے

خَوَاطِرِ الظُّنُوْنِ وَبَعُدَ عَنْ مُلَاحَظَةِ الْعُيُوْنِ

تصورات سے قریب اور آنکھوں کے مشاہدے سے دُور ہے

وَعَلِمَ بِمَا كَانَ قَبْلَ اَنْ يَّكُوْنَ

جو ہونے والی چیزوں کو ہونے سے پہلے جان چکا

يَا مَنْ اَرْقَدَنِيْ فِيْ مِهَادِ اَمْنِهٖ وَاَمَانِهٖ

اے وہ ! جس نے مجھے اپنے امن و امان کے گھوارہ میں سُلایا

وَاَيْقَظَنِيْ اِلٰى مَا مَنَحَنِيْ بِهٖ مِنْ مِّنَنِهٖ وَاِحْسَانِهٖ

اور اپنے احسان وکرم کی بخششوں سے جگایا

وَكَفَّ اَكُفَّ السُّوْٓءِ عَنِّيْ بِيَدِهٖ وَسُلْطَانِهٖ

اور مجھے نقصان پہنچانے والے ہاتھوں کو اپنے دستِ قدرت و اختیار سے مجھ تک آنے سے روکا

صَلِّ اللّٰهُمَّ عَلَى الدَّلِيْلِ اِلَيْكَ فِي اللَّيْلِ الْاَلْيَلِ

خداوندا ! اس پر رحمت نازل فرما جو (کفر کی) بیحد اندھیری راتوں میں تیری طرف رہنمائی کرنے والا

وَالْمَاسِكِ مِنْ اَسْبَابِكَ بِحَبْلِ الشَّرَفِ الْاَطْوَلِ

اور تیرے سہاروں میں معزز ترین اور بہت طویل رشتے سے وابستہ ہے

وَالنَّاصِعِ الْحَسَبِ فِیْ ذُرْوَةِ الْكَاهِلِ الْاَعْبَلِ

جو ممتاز و بلند ترین و خالص ترین نور کا مالک

وَالثَّابِتِ الْقَدَمِ عَلٰی زَحَالِيْفِهَا فِی الزَّمَنِ الْاَوَّلِ

اور گزشتہ زمانہ میں رہنمائی کی لغزش خیز منزلوں پر ثابت قدم رہنے والا ہے

وَعَلٰی اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الْاَبْرَارِ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ

اور اس کی پسندیدہ، منتخب و نیک عمل اولاد پر (رحمت نازل فرما)

وَافْتَحِ اللّٰهُمَّ لَنَا مَصَارِيْعَ الصَّبَاحِ بِمَفَاتِيْحِ

بارِ الٰہا! ہمارے لیے رحمت و کامیابی کی کنجیوں سے صبح کے دروازے

الرَّحْمَةِ وَالْفَلَاحِ وَاَلْبِسْنَا اللّٰهُمَّ مِنْ

کھول دے الٰہی! ہمیں

اَفْضَلِ خِلَعِ الْهِدَايَةِ وَالصَّلَاحِ وَاَغْرِسِ اللّٰهُمَّ

ہدایت و صلاح کے بہترین خلعت پہنا دے خداوندا!

بِعَظَمَتِكَ فِیْ شِرْبِ جَنَانِیْ يَنَابِيْعَ الْخُشُوْعِ

میرے دل کی نہروں میں اپنے خوف کے چشموں کی دھاریں بہا دے

وَاَجْرِ اللّٰهُمَّ لِهَيْبَتِكَ مِنْ اٰمَاقِیْ زَفَرَاتِ الدُّمُوْعِ

پروردگار! میری آنکھوں سے اپنی ہیبت کے مسلسل آنسوؤں کو رواں کر دے

وَادِّبِ اللّٰھُمَّ نَزَقَ الْخُرْقِ مِنِّیْ بِاَزِمَّۃِ الْقُنُوْعِ

مالک! میری نادانی کے زور کو قناعت کی باگ ڈور سے باقاعدہ کر دے

اِلٰھِیْ اِنْ لَّمْ تَبْتَدِئْنِی الرَّحْمَۃُ مِنْکَ بِحُسْنِ التَّوْفِیْقِ

الٰہی! اگر تیری رحمت نے بہترین توفیق سے میرے لیے پہل نہ کی

فَمَنِ السَّالِکُ بِیْٓ اِلَیْکَ فِیْ وَاضِحِ الطَّرِیْقِ

تو دین کے واضح راستوں میں میرے ساتھ کون چلے گا

وَاِنْ اَسْلَمَتْنِیْ اَنَاتُکَ لِقَآئِدِ الْاَمَلِ وَالْمُنٰی

اور اگر تیری بے توجہی نے مجھے امید و آرزو کے رہنما کے سپرد کر دیا

فَمَنِ الْمُقِیْلُ عَثَرَاتِیْ مِنْ کَبَوَاتِ الْھَوٰی

تو خواہشات کے پتھروں سے میری ٹھوکروں کو کون معاف کرے گا

وَاِنْ خَذَلَنِیْ نَصْرُکَ عِنْدَ مُحَارَبَۃِ النَّفْسِ وَالشَّیْطٰنِ

اور اگر شیطان و نفس کے معرکہ میں تیری نصرت نے مجھے چھوڑ دیا

فَقَدْ وَکَلَنِیْ خِذْلَانُکَ اِلٰی حَیْثُ النَّصَبِ وَالْحِرْمَانِ

تو گویا تیری بے تعلقی نے مجھے اس حالت کے سپرد کر دیا جہاں مشکل اور ناکامی ہوگی

اِلٰھِیْ اَتَرَانِیْ مَآ اَتَیْتُکَ اِلَّا مِنْ حَیْثُ الْاٰمَالِ

الٰہی! کیا بات یہ ہے کہ میں تمناؤں ہی کی وجہ سے حاضر ہوا ہوں

اَمْ عَلِقْتُ بِاَطْرَافِ حِبَالِکَ اِلَّا حِیْنَ

یا میں تیرے اسباب کے رشتوں سے فقط اس لیے وابستہ ہوا کہ

بَاعَدَتْنِیْ ذُنُوْبِیْ عَنْ دَارِ الْوِصَالِ فَبِئْسَ

میرے گناہوں نے مجھے منزلِ وصل سے دور کر دیا۔ (اگر ایسا ہے تو) میرے

الْمَطِیَّةُ الَّتِی امْتَطَتْ نَفْسِیْ مِنْ هَوَاهَا

دل نے اپنی خواہشوں کو بدترین سواری بنایا

فَوَاهًا لَهَا لِمَا سَوَّلَتْ لَهَا مِنْ ظُنُوْنِهَا وَمُنَاهَا

اور اس کی خیال آفرینیوں اور تمنّا خیزیوں پر نفرین

وَتَبًّا لَهَا لِجُرْأَتِهَا عَلٰی سَیِّدِهَا وَمَوْلٰهَا

اور اسے اپنے آقا و مالک کے خلاف جرأت پر لعنت

اِلٰهِیْ قَرَعْتُ بَابَ رَحْمَتِكَ بِیَدِ رَجَائِیْ

الٰہی! میں نے تیری رحمت کے دروازے کو اپنی امید کے ہاتھ سے کھٹکھٹایا

وَهَرَبْتُ اِلَیْكَ لَاجِئًا مِّنْ فَرْطِ اَهْوَائِیْ

اور اپنی حد سے بڑھی ہوئی تمناؤں کی بنا پر تیری بارگاہ میں بھاگ آیا ہوں

وَعَلَّقْتُ بِاَطْرَافِ حِبَالِكَ اَنَامِلَ وَلَائِیْ

اور میں نے تیری رسیوں کے سرے اپنی محبت کی انگلیوں سے تھام لیے ہیں

فَاصْفَحِ اللّٰهُمَّ عَمَّا كُنْتُ اَجْرَمْتُهٗ مِنْ زَلَلِیْ

پروردگار! میں نے اپنی لغزشوں اور خطاؤں کے سلسلہ میں جو کچھ کیا ہے ان سے

وَخَطَائِیْ وَاَقِلْنِیْ اللّٰهُمَّ مِنْ صَرْعَةِ رِدَائِیْ

چشم پوشی فرما اور جن ہلاکتوں نے مجھے گرایا ہے ان سے نجات عطا فرما

وَعُسْرَتِیْ وَبَلَآئِیْ فَاِنَّكَ سَيِّدِیْ وَمَوْلَایَ

اس لیے کہ تو میرا مالک و آقا

وَمُعْتَمَدِیْ وَرَجَآئِیْ وَغَایَةُ مُنَایَ فِیْ

بھروسہ اور امید اور تو ہی میرے مطلب و مقصد کی انتہا خواہ

مُنْقَلَبِیْ وَمَثْوَایَ اِلٰهِیْ كَيْفَ تَطْرُدُ

میں سفر میں ہوں یا وطن میں خداوندا! تو اس مسکین کو کیسے

مِسْكِيْنًا اِلْتَجَاَ اِلَيْكَ مِنَ الذُّنُوْبِ هَارِبًا

نکال دے گا جو گناہوں سے بھاگ کر تجھ سے پناہ لینے آیا ہو

اَمْ كَيْفَ تُخَيِّبُ مُسْتَرْشِدًا قَصَدَ اِلٰى جَنَابِكَ سَاعِيًا

یا اس ہدایت مانگنے والے کو کیسے ناکام کردے گا جو تیرے حضور میں دوڑتا ہوا آیا ہو

اَمْ كَيْفَ تَرُدُّ ظَمْاٰنَ وَرَدَ اِلٰى حِيَاضِكَ شَارِبًا

یا اس شخص کو کیسے پیاسا لوٹا دے گا جو تیرے حوض کرم پر سیراب ہونے کے لیے حاضر ہوا ہو

كَلَّا وَحِيَاضُكَ مُتْرَعَةٌ فِیْ ضَنْكِ الْمُحُوْلِ

نہیں، نہیں! تیرے کرم کے چشمے قحط کی تنگیوں میں بھی ابل رہے ہیں

وَبَابُكَ مَفْتُوْحٌ لِلطَّلَبِ وَالْوُغُوْلِ

اور تیری عطا کے دروازے سوال اور داخلے کے لیے کھلے ہیں

وَاَنْتَ غَايَةُ الْمَسْئُوْلِ وَنِهَايَةُ الْمَاْمُوْلِ

تو سوالات کی انتہا اور امیدوں کی آخری حد ہے

اِلٰهِیْ هٰذِهٖ اَزِمَّةُ نَفْسِیْ قَدْ عَقَلْتُهَا

الٰہی! یہ میرے دل کی باگ ڈوریں تیری مشیت کی

بِعِقَالِ مَشِیَّتِكَ وَهٰذِهٖ اَعْبَاۗءُ ذُنُوْبِیْ

رسیوں سے باندھ دی ہیں اور یہ میرے گناہوں کا بوجھ ہے جسے

دَرَءْتُهَا بِرَاْفَتِكَ وَرَحْمَتِكَ وَهٰذِهٖ اَهْوَاۗئِیْ

میں نے تیری رحمت و معافی سے دُور کر دیا ہے اور یہ میری گمراہ کن خواہشات

الْمُضِلَّةُ وَكَلْتُهَا اِلٰی جَنَابِ عَطْفِكَ وَلُطْفِكَ

ہیں جن کو میں نے تیرے لطف و عنایت کے سپرد کر دیا ہے

فَاجْعَلِ اللّٰهُمَّ صَبَاحِیْ هٰذَا نَازِلًا عَلَیَّ

لہٰذا پروردگار! میری اس صبح کو میرے اوپر

بِضِیَاۗءِ الْهُدٰی وَالسَّلَامَةِ فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا

ہدایت کا نور اور دین و دنیا کی سلامتی بنا کر نازل فرما

وَمَسَاۗئِیْ جُنَّةً مِّنْ كَیْدِ الْعِدٰی وَوِقَایَةً

اور میری رات کو دشمن کی مکاریوں اور خواہشات کی

مِّنْ مُّرْدِیَاتِ الْهَوٰی اِنَّكَ قَادِرٌ عَلٰی مَا تَشَاۗءُ

ہلاکت خیزیوں کے لیے ڈھال بنا کیونکہ تو ہر مشیت میں آزاد ہے

تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَاۗءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاۗءُ

تو جسے چاہتا ہے مُلک دیتا ہے اور جس سے چاہتا ہے مُلک واپس لے لیتا ہے

وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ

جسے چاہے عزت دے سکتا ہے جسے چاہے ذلیل کر سکتا ہے

بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

ہر قسم کی نیکی تیرے قبضے میں ہے بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے

تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ

راتوں کو دنوں میں اور دنوں کو راتوں میں داخل کرتا ہے

وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ

مُردے سے زندہ اور زندہ سے مُردہ برآمد کرتا ہے

وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

اور جسے چاہتا ہے بے حساب روزی عطا فرماتا ہے کوئی اللہ نہیں سوائے تیرے

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ جَلَّ ثَنَآؤُكَ

خداوندا! تو پاک ہے اور تیری ہی حمد ہے تیری تعریف بہت بڑی ہے

مَنْ ذَا يَعْرِفُ قُدْرَتَكَ فَلَا يَخَافُكَ

کون ہے جو تیری قدرت کو جان لے اور پھر بھی تجھ سے نہ ڈرے

وَمَنْ ذَا يَعْلَمُ مَآ اَنْتَ فَلَا يَهَابُكَ

کون ہے جو یہ جان لے کہ تو کون ہے اور پھر بھی تجھ سے مرعوب نہ ہو

اَلَّفْتَ بِقُدْرَتِكَ الْفِرَقَ وَفَلَقْتَ بِرَحْمَتِكَ

تو نے اپنی قدرت سے بکھری ہوئی چیزوں کو یکجا کیا تو نے ہی اپنی رحمت سے نورِ سحر کو

الْفَلَقِ وَاَنَرْتَ بِكَرَمِكَ دَيَاجِيَ الْغَسَقِ

نمایاں کیا تو نے ہی اپنے کرم سے تاریک راتوں کو منور کیا

وَاَنْهَرْتَ الْمِيَاهَ مِنَ الصُّمِّ الصَّيَاخِيدِ عَذْبًا

تو نے ہی ٹھوس پتھروں سے میٹھے اور نمکین پانی کی نہریں بہائیں

وَّاُجَاجًا وَّاَنْزَلْتَ مِنَ الْمُعْصِرَاتِ مَآءً ثَجَّاجًا

اور بادلوں سے آب رواں برسایا

وَّجَعَلْتَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لِلْبَرِيَّةِ سِرَاجًا وَّهَّاجًا

اور دنیا کے لیے چاند سورج کو چمکتا چراغ بنایا

مِنْ غَيْرِ اَنْ تُمَارِسَ فِيمَا ابْتَدَاْتَ بِهٖ لُغُوبًا

پھر یہ کہ جو کچھ بھی تو نے شروع کیا اس میں تجھے نہ کوئی تکان ہوئی نہ مشق کی

وَّلَا عِلَاجًا فَيَا مَنْ تَوَحَّدَ بِالْعِزِّ وَالْبَقَآءِ

ضرورت پڑی تو اے عزت و بقا میں یگانہ!

وَقَهَرَ عِبَادَهٗ بِالْمَوْتِ وَالْفَنَآءِ صَلِّ عَلٰى

اور اے اپنے بندوں پر موت و فنا کے ذریعہ غالب رحمت نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الْاَتْقِيَآءِ وَاسْمَعْ نِدَآئِي

محمد مصطفےٰ اور ان کی پاک پرہیزگار اولاد پر میری پکار سُن لے

وَاسْتَجِبْ دُعَآئِي وَحَقِّقْ بِفَضْلِكَ اَمَلِي وَرَجَآئِي

میری دعا قبول فرمالے اور اپنے فضل سے میری تمناؤں اور امیدوں کو ثابت کر دے

يَا خَيْرَ مَنْ دُعِيَ لِكَشْفِ الضُّرِّ وَالْمَامُوْلِ

اے تکلیفوں کو دُور کرنے کے لیے سب سے بہتر پکارے جانے والے! اور ہر مشکل و آسانی

لِكُلِّ عُسْرٍ وَّيُسْرٍ بِكَ اَنْزَلْتُ حَاجَتِيْ

میں امید کی منزل میں نے اپنی حاجتیں تیری بارگاہ میں پیش

فَلَا تَرُدَّنِيْ مِنْ سَنِيِّ مَوَاهِبِكَ خَائِبًا

کر دیں اب انھیں قیمتی عطیّوں سے ناکام نہ رکھنا

يَا كَرِيْمُ يَا كَرِيْمُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اے کریم! اے کریم! تجھے اپنی رحمت کا واسطہ اے ارحم الراحمین

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ

اور اللہ اپنی بہترین مخلوق محمدؐ اور ان کی سب آلؑ پر رحمت نازل کرے

پھر سجدے میں جائے اور کہے

اِلٰهِيْ قَلْبِيْ مَحْجُوْبٌ وَّنَفْسِيْ

میرے اللہ! میرے دل پر پردہ، میرا نفس

مَعْيُوْبٌ وَّعَقْلِيْ مَغْلُوْبٌ وَّهَوَائِيْ غَالِبٌ

عیب دار، میری عقل بیکار، ہوس مجھ پر مسلّط،

وَّطَاعَتِيْ قَلِيْلٌ وَّمَعْصِيَتِيْ كَثِيْرٌ وَّلِسَانِيْ

اطاعت کم اور گناہ زیادہ ہیں۔ میری زبان

مُقِرٌّ بِالذُّنُوْبِ فَكَيْفَ حِيْلَتِيْ يَا سَتَّارَ

گناہوں کا اقرار کر رہی ہے اب میری تدبیر کیا ہو اے عیبوں پر پردہ

الْعُیُوْبِ وَیَا عَلَّامَ الْغُیُوْبِ وَیَا کَاشِفَ

ڈالنے والے ، اے غیبوں کے بہت جاننے والے ، اے تکلیفوں کو دُور

الْکُرُوْبِ اِغْفِرْ ذُنُوْبِیْ کُلَّهَا بِحُرْمَةِ

کر دینے والے میرے سب گناہ معاف کردے محمدؐ و آلِ محمدؐ

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ یَا غَفَّارُ یَا غَفَّارُ یَا غَفَّارُ

کی عظمت کے صدقے میں اے غفار اے غفار اے غفار

بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ؕ

تجھے تیری رحمت کا واسطہ اے ارحم الراحمین

تعقیب نماز ظہر

پہلی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا اِیْمَانًا صَادِقًا وَّلِسَانًا ذَاكِرًا

یا اللہ! ہمیں کامل ایمان ، ذکر کرنے والی زبان

وَقَلْبًا خَاشِعًا وَّبَدَنًا صَابِرًا وَّعِلْمًا نَّافِعًا

عاجزی و خلوص ظاہر کرنے والا دِل ، قوتِ برداشت رکھنے والا جسم ، نفع بخش علم ،

وَرِزْقًا وَّاسِعًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا وَّتَوْبَةً نَّصُوْحًا

کشادہ روزی ، قابلِ قبول عمل ، پُرخلوص توبہ

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ

اور اللہ تعالیٰ حضرت محمدؐ اور آپؐ کی تمام اولادؑ پر رحمت نازل فرمائے

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ط

تجھے اپنی رحمت کا واسطہ اے ارحم الراحمین

دوسری دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْاَرَضِيْنَ السَّبْعِ

یا اللہ! ساتوں آسمانوں اور ساتوں زمینوں کے مالک

وَمَا فِيْهِنَّ وَمَا بَيْنَهُنَّ وَمَا تَحْتَهُنَّ

جو زمین و آسمان کے درمیان اور جو ان کے نیچے ہے

وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَرَبَّ جَبْرَئِيْلَ

اور عرش عظیم کے مالک ، جبرائیل

وَمِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَرَبَّ السَّبْعِ

و میکائیل و اسرافیل کے مالک "سبع مثانی"

الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَرَبَّ مُحَمَّدٍ

(الفاتحہ) اور قرآن عظیم کے مالک محمدِ مصطفےٰ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ

خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مالک

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اَسْئَلُكَ
رحمت نازل فرما محمدؐ و آلِ محمدؐ پر میں سوال کرتا ہوں

بِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ الَّذِیْ بِهٖ تَقُوْمُ السَّمٰوٰتُ
تیرے اسمِ اعظم کے صدقہ جس کی بدولت زمین و آسمان قائم ہیں

وَالْاَرْضُ وَبِهٖ تُحْیِ الْمَوْتٰی وَتَرْزُقُ الْاَحْیَآءَ
اور تو اسی کے ذریعہ مُردے زندہ کرتا اور زندوں کو روزی دیتا ہے

وَتُفَرِّقُ بَیْنَ الْمُجْتَمِعِ وَتَجْمَعُ بَیْنَ
مجتمع کو متفرق اور متفرق لوگوں کو یکجا

الْمُتَفَرِّقِ وَبِهٖ اَحْصَیْتَ عَدَدَ الْاٰجَالِ
کرتا ہے اور اسی سے مدتوں (عمروں) کی تعداد

وَوَزْنَ الْجِبَالِ وَكَیْلَ الْبِحَارِ اَسْئَلُكَ
پہاڑوں کا وزن اور سمندروں کی ناپ کا علم ظاہر ہوتا ہے میں سوال کرتا ہوں

یَا مَنْ هُوَ كَذٰلِكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ
اے وہ ذات کہ ایسی ہی ہے (جیسے حمد میں کہا گیا) رحمت نازل فرما محمدؐ و

وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَفْعَلَ بِیْ كَذَا وَكَذَا
آلِ محمدؐ پر اور میرے حق میں ....[1] برلا

تیسری دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

[1] یہاں اپنی حاجات بیان کرے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ

عظیم و بُردبار اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمُ

عرش کے مالک اللہ کریم کے سوا کوئی معبود نہیں

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ

تمام حمد و ثنا تمام جہانوں کے پروردگار کے لیے ہے یا اللہ! میں

اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ

تیری رحمت کے اسباب اور تیری مغفرت کے منازل کا سوال کرتا ہوں

وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ

ہر نیکی سے فائدہ حاصل کرنے اور ہر گناہ سے بچنے کی دُعا کرتا ہوں

اِثْمٍ اَللّٰهُمَّ لَا تَدَعْ لِیْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ

یا اللہ! میرا کوئی گناہ ایسا نہ رہے جسے تو نے معاف نہ کر دیا ہو

وَلَا كَرْبًا اِلَّا كَشَفْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ

کوئی تکلیف ایسی نہ ہو جسے تو نے دُور نہ کر دیا ہو، کوئی ایسی فکر نہ ہو جسے تو غلط نہ کر دے

وَلَا سُقْمًا اِلَّا شَفَيْتَهٗ وَلَا عَيْبًا اِلَّا سَتَرْتَهٗ

کوئی بیماری ایسی نہ ہو جسے تو شفا میں نہ بدل دے، کوئی ایسا عیب نہ رہے جسے تو نے چھپا نہ دیا ہو

وَلَا رِزْقًا اِلَّا بَسَطْتَهٗ وَلَا خَوْفًا اِلَّآ اٰمَنْتَهٗ

کوئی ایسی روزی نہ ہو جو تو نے پھیلا نہ دی ہو، کوئی ایسا خوف نہ رہے جو تو اطمینان سے نہ بدل دے

وَلَا سُوْۤءَ اِلَّا صَرَفْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِيَ

کوئی ایسا نقصان نہ رہے جو تو ختم نہ کر دے کوئی ایسی حاجت نہ ہو

لَكَ رِضًا وَّلِيْ فِيْهَا صَلَاحٌ اِلَّا قَضَيْتَهَا

جس میں تیری رضا اور میری بھلائی ہو (اور) تو اسے پورا نہ کر دے

يَاۤ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ اٰمِيْنَ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ

اے ارحم الراحمین! قبول فرما اے تمام جہانوں کے پروردگار!

تعقیب نماز عصر

پہلی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْۤ اَسْئَلُكَ الطَّيِّبَاتِ وَتَرْكَ

یا اللہ! میں تجھ سے پاکیزہ چیزوں کے حصول اور ناپسندیدہ چیزوں

الْمُنْكَرَاتِ وَفِعْلَ الْخَيْرَاتِ اَنْ تَغْفِرَ لَنَا

کو چھوڑنے اور اچھے کام کرنے کی توفیق کی دعا مانگتا ہوں تو ہمیں بخش دے

وَتَرْحَمَنَا وَتَتُوْبَ عَلَيْنَا وَتَوَفَّنَا غَيْرَ

ہم پر رحم کر، ہماری توبہ قبول فرما اور ہمیں اپنی رحمت پر غلط فہمی

مَفْتُوْنٍ بِرَحْمَتِكَ يَاۤ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

کی حالت میں موت نہ دے اے ارحم الراحمین!

دوسری دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ

میں مغفرت طلب کرتا ہوں اس اللہ سے جسکے سوا کوئی معبود نہیں وہ زندہ اور قائم ہے

الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

رحمٰن ہے رحیم ہے جلال اور بزرگیوں کا مالک ہے

وَاَسْئَلُهٗ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيَّ تَوْبَةَ عَبْدٍ

اور میں اسی اللہ سے سوال کرتا ہوں کہ وہ میری توبہ کو اس

ذَلِيْلٍ خَاضِعٍ فَقِيْرٍ بَآئِسٍ مِّسْكِيْنٍ

ذلیل، عاجز و فقیر مجبور، مسکین

مُّسْتَكِيْنٍ مُّسْتَجِيْرٍ لَّا يَمْلِكُ لِنَفْسِهٖ

لاچار، پناہ طلب کرنے والے بندے کی توبہ قرار دے۔ جو اپنے لیے نہ تو

نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا وَّلَا مَوْتًا وَّلَا حَيٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا

نفع و نقصان کا مالک ہو نہ موت اور زندگی کا اور نہ دوبارہ زندہ ہونے کا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ نَّفْسٍ لَّا تَشْبَعُ

اے اللہ! میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں اس نفس سے جو کبھی سیر نہ ہو

وَمِنْ قَلْبٍ لَّا يَخْشَعُ وَمِنْ دُعَآءٍ لَّا يُسْمَعُ

اس دل سے جس میں عاجزی نہ ہو اور اس دُعا سے جس کی شنوائی نہ ہو

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْیُسْرَ بَعْدَ الْعُسْرِ

یا اللہ! میں تجھ سے مشکل کے بعد آسانی،

وَالْفَرَجَ بَعْدَ الْکَرْبِ وَالرَّخَآءَ بَعْدَ الشِّدَّةِ

دُکھوں کے بعد کشائش اور سختی کے بعد آرام کی دُعا کرتا ہوں

اَللّٰھُمَّ مَا بِنَا مِنْ نِّعْمَةٍ فَمِنْکَ وَحْدَکَ

یا اللہ! ہمارے پاس جو نعمت بھی ہے تیری دی ہوئی ہے تو واحد و یکتا ہے

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ

تیرے سوا کوئی معبود نہیں میں تجھ سے مغفرت مانگتا اور تجھ سے توبہ کرتا ہوں

تیسری دُعا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

پاک ہے اللہ، حمد اللہ کے لیے ہے، اللہ کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں

وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ

اور اللہ سب سے بڑا ہے کوئی قوت و طاقت نہیں مگر بزرگ و

الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ سُبْحَانَ اللّٰہِ بِالْغُدُوِّ

برتر عظمت کے مالک اللہ کے سہارے اللہ کی تسبیح ہے صبح و

وَالْاٰصَالِ سُبْحَانَ اللّٰہِ بِالْعَشِیِّ وَالْاِبْکَارِ

شام اللہ کی تسبیح ہے رات کے آنے اور صبح کے ہونے تک

فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ

پاک ہے اللہ جب تم شام کرو اور جب صبح کرو

وَلَهُ الْحَمْدُ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا

اس کی حمد ہے آسمانوں اور زمین میں اور شام کے وقت

وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ

اور جب تم دوپہر کرو پاک ہے تمہارا پروردگار لوگوں کی ہر صفت

عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ

وثنا سے وہ عزت واقتدار کا مالک ہے، اور سلام ہے (اللہ کے) رسولوں پر

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ سُبْحٰنَ

اور حمد ہے تمام جہانوں کے پروردگار کی پاک ہے

ذِى الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ سُبْحٰنَ ذِى الْعِزَّةِ

مُلک وملکوت کا مالک پاک ہے عزت و

وَالْجَبَرُوْتِ سُبْحٰنَ الْحَيِّ الَّذِىْ لَا يَمُوْتُ

جبروت کا مالک پاک ہے وہ مالکِ زندگی جسے موت نہیں

سُبْحٰنَ الْقَآئِمِ الدَّآئِمِ سُبْحٰنَ الْحَيِّ الْقَيُّوْمِ

پاک ہے قائم و دائم پاک ہے حیّ وقیوم

سُبْحٰنَ الْعَلِيِّ الْاَعْلٰى سُبْحٰنَهٗ وَتَعَالٰى

پاک ہے بلند و برتر پاک ہے اور بلند مرتبہ

سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ

اسکی بہت تسبیح اسکی بہت پاکیزگی بیان کی جاتی ہے وہ ہمارا رب ہے اور

الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوحِ اَللّٰهُمَّ اِنَّ ذَنْبِيْٓ اَمْسٰى

ملائکہ (فرشتے) روح کا مالک ہے یا اللہ! میرا گناہ

مُسْتَجِيْرًا بِعَفْوِكَ وَخَوْفِيْٓ اَمْسٰى مُسْتَجِيْرًا

تیرے عفو (درگزر) کی پناہ چاہتا ہے اور میرا خوف تیری بے نیازی کی پناہ

بِغِنَاكَ وَذُلِّيْٓ اَمْسٰى مُسْتَجِيْرًا بِعِزِّكَ

چاہتا ہے اور میری ذلت (رسوائی) تیری عزت (اقتدار) کی پناہ چاہتی ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

یا اللہ! رحمت نازل فرما محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) و آلِ محمد پر

وَاغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْٓ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

میری مغفرت کر اور مجھ پر رحم کر بے شک تو بہت زیادہ حمد اور بزرگی کا مالک ہے

اَللّٰهُمَّ تَمَّ نُوْرُكَ فَهَدَيْتَ فَلَكَ الْحَمْدُ

یا اللہ! تیرا نور کامل ہے لہٰذا تو ہدایت کرتا ہے پس تیری حمد

وَعَظُمَ حِلْمُكَ فَعَفَوْتَ فَلَكَ الْحَمْدُ

تیرا حلم (بردباری) عظیم ہے اس لیے تو معاف کر دیتا ہے پس تیری حمد

وَجْهُكَ رَبَّنَآ اَكْرَمُ الْوُجُوْهِ وَجَاهُكَ

اے ہمارے پروردگار! تیری ذات تمام ذاتوں سے زیادہ کریم اور تیری شان تمام

اَعْظَمُ الْجَاهِ وَعَطِيَّتُكَ اَفْضَلُ الْعَطَاۤءِ	
شانوں سے بالا ہے اور تیری عطا سب عطاؤں سے افضل ہے	
تُطَاعُ رَبَّنَا فَتَشْكُرُ وَتُعْصٰى فَتَغْفِرُ	
ہمارے مالک تیری فرماں برداری کی جائے تو قبول کرتا ہے اور نافرمانی کی جائے تو بخش دیتا ہے	
وَتُجِيْبُ الْمُضْطَرَّ وَتَكْشِفُ الضُّرَّ وَتُنْجِيْ	
تو پریشان حال کی دُعا سنتا ہے اس کی پریشانی دور کرتا ہے تو بے چینی	
مِنَ الْكَرْبِ وَتُغْنِي الْفَقِيْرَ وَتَشْفِي السَّقِيْمَ	
سے نجات دیتا ہے تو محتاج کو غنی اور بیمار کو تندرست کر دیتا ہے	
وَلَا يُجَازِيْ اٰلَاۤءَكَ اَحَدٌ يَاۤ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ	
تیرے احسانوں کا بدلہ کوئی بھی نہیں دے سکتا اے ارحم الراحمین !	

تعقیب نماز مغرب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے	پہلی دُعا
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْۤ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ	
یا اللہ ! میں تجھ سے تیری رحمت کے اسباب	
وَعَزَاۤئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ	
اور مغفرت کے مقامات اور (تمام) گناہوں سے بچنے	

وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ

اور ہر اچھائی (نیکی) سے حصہ پانے، جہنم

وَمِنْ كُلِّ بَلِيَّةٍ وَّالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالرِّضْوَانِ

اور ہر بلا سے بچنے اور جنت حاصل کرنے

فِىْ دَارِ السَّلَامِ وَجِوَارِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

اور تیرے نبی محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور ان کی پاک

عَلَيْهِمُ السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ مَا بِنَا مِنْ نِّعْمَةٍ فَمِنْكَ

اولاد علیہم السلام کی قربت کی دعا کرتا ہوں یا اللہ! ہمارے پاس جو نعمت ہے، وہ تیری دین ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ

تیرے سوا کوئی معبود نہیں میں تجھ سے مغفرت مانگتا اور تجھ سے توبہ کرتا ہوں

دوسری دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

اَللّٰهُمَّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ سَالِمِيْنَ

یا اللہ! ہمیں سلامتی کے ساتھ آگ سے پناہ دے

وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ اٰمِنِيْنَ

ہمیں سلامتی اور امن کے ساتھ جنت میں داخل کر

وَتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ وَاَلْحِقْنَا بِالصَّالِحِيْنَ

ہمیں بحالتِ مسلمان موت دینا اور نیک عمل بندوں کے ساتھ رکھنا

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ

اور اللہ تعالیٰ حضرت محمدؐ اور آپؐ کی تمام اولادؑ پر رحمت نازل فرمائے

بِفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

تجھے تیرے فضل اور رحمت کا واسطہ اے ارحم الراحمین!

تعقیب نماز عشاء

پہلی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

اَللّٰهُمَّ عَافِنَا مِنْ كُلِّ بَلَآءِ الدُّنْيَا

یا اللہ! ہمیں دُنیا کی ہر بلا سے بچا

وَاصْرِفْ عَنَّا شَرَّ الدُّنْيَا وَشَرَّ الْاٰخِرَةِ

اور دنیا اور آخرت کے ہر نقصان سے ہم کو دُور کر دے

وَارْزُقْنَا خَيْرَ الدُّنْيَا وَخَيْرَ الْاٰخِرَةِ

اور ہمیں دُنیا اور آخرت کی بھلائی دے

بِفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

تجھے تیرے فضل و رحمت کا واسطہ اے ارحم الراحمین!

دُوسری دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰى

اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) و آل محمد کے حق کا واسطہ اپنی رحمت نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّلَا تُؤْمِنَّا مَكْرَكَ

محمد و آل محمد پر ہمیں اپنی تدبیر (عذاب و گرفت) سے بیخوف ہونے دینا

وَلَا تُنْسِنَا ذِكْرَكَ وَلَا تَكْشِفْ عَنَّا سِتْرَكَ

ہمیں اپنا ذکر نہ بھولنے دینا ، ہم پر سے اپنا پردہ نہ ہٹنے دینا ،

وَلَا تَحْرِمْنَا فَضْلَكَ وَلَا تُحِلَّ عَلَيْنَا غَضَبَكَ

ہمیں اپنے فضل سے محروم نہ رکھنا ، ہم پر اپنا غضب نہ اُترنے دینا ،

وَلَا تُبَاعِدْنَا مِنْ جِوَارِكَ وَلَا تَنْقُصْنَا مِنْ رَّحْمَتِكَ

ہمیں اپنی بارگاہ سے دُور نہ کرنا ، ہمارے لیے اپنی رحمت میں کمی نہ کرنا ،

وَلَا تَنْزِعْ عَنَّا بَرَكَتَكَ وَلَا تَمْنَعْنَا عَافِيَتَكَ

ہم سے اپنی برکت واپس نہ لینا ، ہمیں اپنی عافیت سے محروم نہ کرنا ،

وَاَصْلِحْ لَنَا مَآ اَعْطَيْتَنَا وَزِدْنَا مِنْ فَضْلِكَ

جو کچھ عطا کیا ہے وہ ہمارے حق میں بہتر کرنا اور ہمیں اپنے

الْمُبَارَكِ الطَّيِّبِ الْحَسَنِ الْجَمِيْلِ

مبارک ، طیب (پاک) ، اچھے ، خوبصورت فضل میں سے کچھ زیادہ عطا کر

وَلَا تُغَيِّرْ مَا بِنَا مِنْ نِّعْمَتِكَ وَلَا تُؤْيِسْنَا مِنْ

جو تیری نعمتیں ہمارے پاس ہیں انھیں نہ بدلنا ہمیں اپنے اطمینان سے

رَوْحِكَ وَلَا تُهِنَّا بَعْدَ كَرَامَتِكَ وَلَا تُضِلَّنَا

مایوس نہ کرنا ، عزت دے کر ذلت نہ دینا ہمیں ہدایت

بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً

دینے کے بعد منزل ہدایت سے دور نہ کرنا ، ہمیں اپنے حضور سے رحمت عطا فرما

اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ قُلُوْبَنَا

بیشک تو بہت انعام دینے والا ہے یا اللہ! ہمارے دل

سَالِمَةً وَّ اَرْوَاحَنَا طَيِّبَةً وَّ اَزْوَاجَنَا مُطَهَّرَةً

تندرست (محفوظ) ہماری روحیں پاک ہماری زندگی کے شریک پاکیزہ

وَّ اَلْسِنَتَنَا صَادِقَةً وَّ اِيْمَانَنَا دَآئِمًا وَّ يَقِيْنَنَا صَادِقًا

ہماری زبانیں سچی ہمارا ایمان دائمی ہمارا یقین پکا

وَّ تِجَارَتَنَا لَنْ تَبُوْرَ اَللّٰهُمَّ اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً

اور ہماری تجارت خسارے کے بغیر ہو یا اللہ! ہمیں دنیا میں نیکی

وَّ فِى الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا بِرَحْمَتِكَ عَذَابَ النَّارِ

اور آخرت میں نیکی دے اور اپنی رحمت کا صدقہ ہمیں دوزخ کے عذاب سے آزادی عطا فرما

تیسری دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَ اَعُوْذُ بِقُدْرَةِ اللّٰهِ

میں اللہ کی قوت و عزت کی پناہ مانگتا ہوں ، میں اللہ کی رحمت کی پناہ مانگتا ہوں

وَاَعُوْذُ بِسُلْطٰنِ اللّٰهِ الَّذِیْ هُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ

(اُس) اللہ کی بادشاہی سے پناہ مانگتا ہوں جو ہر شے پر قادر

قَدِیْرٌ وَاَعُوْذُ بِكَرَمِ اللّٰهِ وَاَعُوْذُ بِجَمْعِ اللّٰهِ

ہے اللہ کے کرم سے پناہ طلب کرتا ہوں اور اللہ کے انتظام سے پناہ مانگتا ہوں

مِنْ شَرِّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ وَّشَیْطٰنٍ مَّرِیْدٍ

(پناہ) ہر سرکش جابر کے نقصان پہنچانے اور ہر گمراہ شیطان

وَّكُلِّ مُغْتَالٍ وَّسَارِقٍ وَّعَارِضٍ وَّمِنْ شَرِّ

اور ہر حملہ آور اور چور اور رکاوٹ بننے والے سے بچنے کیلئے اور ہر

السَّامَّةِ وَالْهَامَّةِ وَالْعَامَّةِ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ

دُکھ دینے والے غم پہنچانے والے اور عام بلاؤں کے شر سے اور ہر

دَآبَّةٍ صَغِیْرَةٍ اَوْ كَبِیْرَةٍ بِلَیْلٍ اَوْ نَهَارٍ وَّمِنْ

چھوٹے بڑے جاندار کے شر سے دن کو ہو یا رات کو اور

شَرِّ فُسَّاقِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ وَفُجَّارِهِمْ وَمِنْ

عرب و عجم کے بدکاروں اور بُروں کے شر سے

شَرِّ فَسَقَةِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَآبَّةٍ

جنوں اور انسانوں کے بدکاروں کے شر سے اور تمام چلنے پھرنے والوں کے شر سے

اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِهَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ

جنکی تقدیر تیرے قبضۂ قدرت میں ہے بیشک میرا پروردگار سیدھے راستے کا مالک ہے

نمازِ شب

طریق اوّل : نمازِ شب کا وقت نصف شب سے لے کر صبح کی نماز تک ہے اور اس کی کُل گیارہ رکعت ہیں۔ دو دو رکعت کی چار نمازیں نمازِ شب کی نیّت سے، دو رکعت نمازِ شفع (دعائے قنوت نہیں پڑھی جاتی) اور ایک رکعت نمازِ وتر کی نیت سے ادا کریں۔

نمازِ وتر ایک رکعت ہے جس میں سورہ الحمد اور کسی دوسری سورہ کی تلاوت کے بعد دُعائے قنوت کے لیے ہاتھ بلند کریں اور سات مرتبہ هٰذَا مَقَامُ الْعَائِذِ بِكَ مِنَ النَّارِ اور ستر (۷۰) مرتبہ أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ وَأَتُوْبُ إِلَيْهِ پڑھیں۔ اس کے بعد چالیس مومنین یا مومنات کے لیے دُعائے مغفرت کریں اور یہ پڑھیں اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِفُلَانٍ فلاں کی بجائے مومنین یا مومنات کا نام لیا جائے۔ تین سو مرتبہ اَلْعَفْوَ، اَلْعَفْوَ، اَلْعَفْوَ پڑھا جائے۔

طریق دوم : (مطابق مفاتیح الجنان)۔ آٹھ رکعات دو دو رکعت کر کے نمازِ شب کی نیّت سے تشہد اور سلام کے ساتھ پڑھی جاتی ہیں۔

پہلی نماز : پہلی اور دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد تیس مرتبہ (۳۰) سورہ توحید پڑھا جائے۔

دوسری نماز : پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ توحید اور دوسری رکعت میں الحمد کے بعد سورہ الکافرون پڑھا جائے۔

تیسری اور چوتھی نماز : صبح کی نماز کی طرح ادا کریں ۔
نماز شفع (دو رکعت) پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ الناس اور دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ الفلق پڑھیں ۔ اس کے بعد نماز مکمل کریں (اس میں دعائے قنوت نہیں پڑھی جاتی) ۔
نماز وتر (ایک رکعت) سورہ الحمد کے بعد تین مرتبہ سورہ توحید اور ایک مرتبہ سورہ الفلق اور ایک مرتبہ سورہ الناس کے بعد دعائے قنوت کے لیے ہاتھ بلند کر کے یہ دعا پڑھیں ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَکِیْمُ الْکَرِیْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ سُبْحٰنَ اللّٰہِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْاَرَضِیْنَ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
بائیں ہاتھ کو بلند رکھیں اور دائیں ہاتھ سے تسبیح پر شمار کریں اور ستر بار (۷۰) پڑھیں اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ ۔ اس کے بعد تین سو مرتبہ پڑھیں اَلْعَفْوَ اَلْعَفْوَ اَلْعَفْوَ اس کے بعد سات مرتبہ پڑھیں ھٰذَا مَقَامُ الْعَآئِذِ بِکَ مِنَ النَّارِ اور یہ پڑھ کر رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ
رکوع و سجود ادا کر کے نماز کو ختم کریں ۔

دُعائے حزیں

نمازِ وتر کے بعد پڑھنے کی دُعا جو دُعائے حزیں کے نام سے مشہور ہے اور معصوم علیہ السلام سے منقول ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بنام خدائے بخشندہ و مہربان

اُنَاجِيْكَ يَا مَوْجُوْدُ فِيْ كُلِّ مَكَانٍ لَعَلَّكَ

اے ہر مقام کے موجود! تجھ سے مناجات کرتا ہوں کہ تو

تَسْمَعُ نِدَآئِيْ فَقَدْ عَظُمَ جُرْمِيْ وَقَلَّ حَيَائِيْ

میری آواز سن لے گا کیونکہ یقیناً میرا گناہ بہت بڑا ہے اور میری حیا و شرم کم ہوگئی

مَوْلَايَ يَا مَوْلَايَ اَيَّ الْاَهْوَالِ اَتَذَكَّرُ

میرے مولا اے میرے مولا کن کن ڈروں کو یاد رکھوں

وَاَيُّهَا اَنْسٰى وَلَوْ لَمْ يَكُنْ اِلَّا الْمَوْتُ لَكَفٰى

اور کن کو بھول جاؤں، حالانکہ اگر موت کے سوا کوئی ڈر نہ ہوتا تو یہی ایک خوف کافی تھا

كَيْفَ وَمَا بَعْدَ الْمَوْتِ اَعْظَمُ وَاَدْهٰى

اور موت کے بعد کا خوف تو بہت بڑا اور بہت ہی شدید ہے

مَوْلَايَ يَا مَوْلَايَ حَتّٰى مَتٰى وَاِلٰى مَتٰى اَقُوْلُ لَكَ

میرے مالک اے میرے مالک کب سے کب تک کہے جاؤں کہ میں تیری رضا چاہتا ہوں

الْعُتْبَىٰ مَرَّةً بَعْدَ اُخْرٰى ثُمَّ لَا تَجِدُ عِنْدِيْ صِدْقًا

اور بار بار یہی کہوں پھر اس کے بعد بھی تو میرے پاس سچائی

وَّلَا وَفَاءً فَيَا غَوْثَاهُ ثُمَّ وَاغَوْثَاهُ بِكَ يَا اَللّٰهُ وَ

اور اقرار وفا نہ پائے پس پناہ ہے اور پناہ ہے تجھ سے اے معبود!

مِنْ هَوًى قَدْ غَلَبَنِيْ وَمِنْ عَدُوٍّ قَدِ اسْتَكْلَبَ عَلَيَّ

اس خواہش نفس سے جو مجھ پر غالب آگئی

وَمِنْ دُنْيَا قَدْ تَزَيَّنَتْ لِيْ وَمِنْ نَفْسٍ اَمَّارَةٍ

اور دنیا سے جو میرے لیے آراستہ ہوئی اور نفس سے جو سرکشی کرنیوالا ہے

بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ مَوْلَايَ يَا مَوْلَايَ

بدی کے ساتھ لیکن یہ کہ جس پر میرے رب نے رحم کیا میرے مولا اے میرے مولا

اِنْ كُنْتَ رَحِمْتَ مِثْلِيْ فَارْحَمْنِيْ وَاِنْ كُنْتَ

اگر تو نے مجھ جیسے کسی پر رحم کیا ہے تو مجھ پر رحم کر اور اگر مجھ جیسے

قَبِلْتَ مِثْلِيْ فَاقْبَلْنِيْ يَا قَابِلَ السَّحَرَةِ

کی توبہ قبول کر لی ہے تو مجھ سے بھی قبول کر لے اے صبح کی دعا قبول کرنے والے

اِقْبَلْنِيْ يَا مَنْ لَمْ اَزَلْ اَتَعَرَّفُ مِنْهُ الْحُسْنٰى

میری بھی دعا قبول کر لے اے وہ ذات جس سے میں ہمیشہ نیکی ہی کو جانتا ہوں

يَا مَنْ يُّغَذِّيْنِيْ بِالنِّعَمِ صَبَاحًا وَّمَسَآءً

اے وہ ذات جو صبح شام مجھے غذا میں نعمتیں دیتا ہے

اِرْحَمْنِیْ یَوْمَ اٰتِیْكَ فَرْدًا شَاخِصًا اِلَیْكَ

مجھ پر اس دن رحم کرنا جس میں تیری طرف نظر جمائے تیرے پاس تنہا آؤں گا

بَصَرِیْ مُقَلَّدًا عَمَلِیْ تَبَرَّءَ جَمِیْعُ الْخَلْقِ

گلے میں اپنے اعمال ڈالے ہوئے آؤں گا اور اس وقت کہ جب تمام مخلوق

مِنِّیْ نَعَمْ وَاَبِیْ وَاُمِّیْ وَمَنْ كَانَ لَهٗ كَدِّیْ وَ

مجھ سے بیزار ہوگی یہاں تک کہ میرا باپ اور میری ماں اور وہ لوگ کہ جن کے لیے میری

سَعْیِیْ فَاِنْ لَّمْ تَرْحَمْنِیْ فَمَنْ یَّرْحَمْنِیْ

اور محنت تھی (وہ بھی مجھ سے بیزار ہونگے) پس اُس دن اگر تو مجھ پر رحم نہ کریگا تو کون مجھ پر رحم

وَمَنْ یُّؤْنِسُ فِی الْقَبْرِ وَحْشَتِیْ وَمَنْ یُّنْطِقُ

کریگا اور قبر میں کون میرا مونسِ تنہائی (ہمدرد) ہوگا اور کون میری زبان کو

لِسَانِیْ اِذَا خَلَوْتُ بِعَمَلِیْ وَسَئَلْتَنِیْ عَمَّا

گویا کرے گا جبکہ میں اپنے عمل کے ساتھ ہوں گا اور تو مجھ سے اس امر کی باز پرس کریگا

اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ فَاِنْ قُلْتُ نَعَمْ فَاَیْنَ

جس کو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے۔ پس اگر میں اپنے عمل کا اقرار کروں گا تو

الْمَهْرَبُ مِنْ عَدْلِكَ وَاِنْ قُلْتُ لَمْ اَفْعَلْ

تیرے عدل سے مفر کہاں ہے اور اگر میں انکار کروں گا تو

قُلْتَ اَلَمْ اَكُنِ الشَّاهِدُ عَلَیْكَ فَعَفْوُكَ

تو کہے گا کہ کیا میں تیرے اعمال دیکھتا نہ تھا پس بخش دے

فَعَفْوُكَ يَا مَوْلَايَ قَبْلَ سَرَابِيلِ الْقَطِرَانِ
بخش دے اے میرے مالک لباس جہنم پہننے سے پہلے

فَعَفْوُكَ فَعَفْوُكَ يَا مَوْلَايَ قَبْلَ جَهَنَّمَ
بخش دے بخش دے اے میرے مولا جہنم اور (اس کی) آگ

وَالنِّيرَانِ فَعَفْوُكَ فَعَفْوُكَ يَا مَوْلَايَ قَبْلَ
(کی لپٹ) سے پہلے بخش دے بخش دے اے میرے مولا قبل اس کے

اَنْ تُغَلَّ الْاَيْدِيْ اِلَى الْاَعْنَاقِ يَا اَرْحَمَ
کہ میرے ہاتھ گردنوں کی طرف باندھے جائیں اے سب سے

الرَّاحِمِيْنَ وَخَيْرَ الْغَافِرِيْنَ ○
زیادہ رحم کرنیوالے تمام رحم کرنیوالوں میں اور بہترین بخشنے والے

لمحۂ فکریہ

قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ○
کہہ دیجئے (اے حبیبؐ) کہ ہم بتائیں تمہیں عملاً سب سے زیادہ خسارے میں کون ہیں

اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ
وہ لوگ جن کی ساری تگ و دو دنیاوی زندگی (کمانے) میں غارت ہو گئی اور

هُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ○ الکہف
وہ یہ سمجھتے رہے کہ انھوں نے تو بڑے معرکے مارے ہیں آیت ۱۰۳، ۱۰۴

دُعائے قنوتِ وتر

اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ فِیْمَنْ ھَدَیْتَ

بارِ الٰہا! میری ہدایت فرما اس میں جس میں تو نے (دوسروں کی) ہدایت فرمائی ہے

وَعَافِنِیْ فِیْ مَنْ عَافَیْتَ وَتَوَلَّنِیْ

اور مجھے عافیت عطا فرما جو عافیت تو نے (دوسروں کو) عطا فرمائی ہے اور میری سرپرستی فرما

فِیْ مَنْ تَوَلَّیْتَ وَبَارِکْ لِیْ فِیْ مَآ

جس طرح تو نے (دوسروں کی) سرپرستی فرمائی ہے اور جو کچھ تو نے مجھے عنایت فرمایا ہے

اَعْطَیْتَ وَقِنِیْ شَرَّ مَا قَضَیْتَ

اس میں برکت عطا فرما۔ اور حفاظت فرما میری شر سے جو میری نافرمانی کی وجہ سے تو نے مقرر کیا ہو

فَاِنَّکَ تَقْضِیْ وَلَا یُقْضٰی عَلَیْکَ سُبْحٰنَکَ

اسلئے کہ یقیناً تو ہی حکم کرنیوالا ہے اور تجھ پر حکم نہیں لگایا جاسکتا پاک و منزہ ہے تیری ذات

رَبَّ الْبَیْتِ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ

(اے) خانہ کعبہ کے پروردگار! میں تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں اور تیری ہی طرف میری توبہ ہے

وَاُؤْمِنُ بِکَ وَاَتَوَکَّلُ عَلَیْکَ وَلَا حَوْلَ وَلَا

اور تجھ ہی پر میں ایمان رکھتا ہوں اور تیرے اوپر بھروسہ کرتا ہوں اور نہیں ہے کوئی قوت و

قُوَّۃَ اِلَّا بِکَ یَا رَحِیْمُ

طاقت سوائے تیرے اے رحم کرنے والے!

دُعا بعد نماز شفع

اِلٰهِیْ تَعَرَّضَ لَكَ فِیْ هٰذَا اللَّیْلِ الْمُتَعَرِّضُوْنَ

بارِالٰہا! درخواست کرنے والے اس شب میں تجھ سے درخواست کرتے ہیں

وَقَصَدَ الْقَاصِدُوْنَ وَاَمَّلَ فَضْلَكَ وَمَعْرُوْفَكَ

قصد کرنیوالوں نے (اس شب میں) تیری بارگاہ کا قصد کیا ہے اور طلب کرنیوالے تیرے فضل

الطَّالِبُوْنَ وَلَكَ فِیْ هٰذَا اللَّیْلِ نَفَحَاتٌ وَّ

احسان کے امیدوار ہیں اور اس رات میں تیری طرف سے راحتیں، عطائیں

جَوَائِزُ وَعَطَایَا وَمَوَاهِبُ تَمُنُّ بِهَا عَلٰی مَنْ

بخششیں اور عنایتیں ہیں جو تو عطا کرتا ہے اپنے بندوں میں سے ان کو جن کو

تَشَاءُ مِنْ عِبَادِكَ وَتَمْنَعُهَا مَنْ لَّمْ تَسْبِقْ

تو چاہتا ہے اور جن پر تیری مہربانی نہیں ہے ان سے

لَهُ الْعِنَایَةُ مِنْكَ وَهَا اَنَا ذَا عُبَیْدُكَ الْفَقِیْرُ

ان نعمتوں کو روک لیتا ہے اور اس وقت تیرا یہ محتاج بندہ

اِلَیْكَ الْمُؤَمِّلُ فَضْلَكَ وَمَعْرُوْفَكَ فَاِنْ

تیرے فضل و کرم کا امیدوار ہے پس

كُنْتَ یَا مَوْلَایَ تَفَضَّلْتَ فِیْ هٰذِهِ اللَّیْلَةِ عَلٰی

اے میرے مالک اس رات میں اگر تو نے اپنے کسی بندے پر مہربانی فرمائی ہے

اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ وَعُدْتَّ عَلَيْهِ بِعَآئِدَةٍ

اور اس کے لیے اپنی نعمت

مِّنْ عَطْفِكَ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

مہیا فرمائی ہے تو اپنے فضل و کرم سے محمد اور آل محمد پر

الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ الْخَيِّرِيْنَ الْفَاضِلِيْنَ

اپنی رحمت فرما جو پاک و پاکیزہ اور بہترین مخلوق اور صاحبانِ فضل و شرف ہیں

وَجُدْ عَلَيَّ بِطَوْلِكَ وَمَعْرُوْفِكَ يَارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ

اور اپنے فضل و کرم سے مجھے بھی عطا فرما اے تمام جہانوں کے پالنے والے!

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَاٰلِهِ

اور اے اللہ تو رحمت نازل کر حضرت محمدؐ پر جو خاتم النبیین ہیں اور آپؐ کی

الطَّاهِرِيْنَ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا اِنَّ اللّٰهَ حَمِيْدٌ

پاک و طاہر آلؑ پر اور سلام مسلسل و متواتر بتحقیق خدا سزاوارِ حمد اور

مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَدْعُوْكَ كَمَآ اَمَرْتَ

صاحب بزرگی ہے خدایا! میں تجھے پکارتا ہوں جس طرح کہ تو نے حکم دیا ہے

فَاسْتَجِبْ لِيْ كَمَا وَعَدْتَّ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ

لہٰذا تو اپنے وعدے کے مطابق میری دعا قبول فرما اس لیے کہ یقیناً تو وعدے کے

الْمِيْعَادَ ط

خلاف نہیں کرتا

دُعائے حضرت علیؑ

منقول ہے کہ جب حضرت علی علیہ السلام کو کوئی بیحد اضطراب اور پریشان کن مہم درپیش ہوتی تھی تو آپؑ دو رکعت نماز ادا کرکے سو مرتبہ اَستَخِیرُ اللّٰہَ پڑھنے کے بعد ذیل کی دعا پڑھتے اور پھر کام شروع کرتے تھے جس کے باعث آپؑ کو کسی کام میں نقصان نہیں پہنچتا تھا۔

اَللّٰھُمَّ قَدْ ھَمَمْتُ بِاَمْرٍ قَدْ عَلِمْتَہٗ

اے اللہ میں نے جس کام کا ارادہ کر رکھا ہے تو اس سے خوب واقف ہے

فَاِنْ تَعْلَمْ اَنَّہٗ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ

پس اگر تیرے علم میں یہ کام میرے دین، دنیا و آخرت کے لیے

وَاٰخِرَتِیْ فَیَسِّرْ لِیْ وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ

بہتر ہے تو اسے میرے لیے آسان فرما دے اور اگر تیرے علم کے مطابق

اَنَّہٗ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاٰخِرَتِیْ

یہ کام دینی و دنیوی اور اخروی حیثیت سے میرے لیے برا ہے

فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ کَرِھْتُ ذٰلِکَ اَوْ اَحْبَبْتُ

تو اسے رد فرما دے چاہے مجھے برا لگے یا اچھا لگے

فَاِنَّکَ تَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ

کیونکہ تو سب جانتا ہے اور میں کچھ نہیں جانتا اور تو ہی غیب کا جاننے والا ہے

دُعائے مَشلُول

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ بِاسۡمِکَ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یا اللہ! میں تیرا نام لے کر سوال کرتا ہوں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یَاذَاالۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ

اے صاحبِ جلال و کرم اے حیّ و قیّوم

یَاحَیُّ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ یَاھُوَ یَامَنۡ لَّا یَعۡلَمُ

اے حیّ! تیرے سوا کوئی "اللہ" نہیں اے "وہ" جس کے لیے نہیں

مَاھُوَ وَلَا کَیۡفَ ھُوَ وَلَآ اَیۡنَ ھُوَ وَلَا حَیۡثُ

معلوم کہ کیا ہے اور اس کی کیفیت کیا ہے اور وہ کہاں ہے اور کس حالت میں

ھُوَ اِلَّا ھُوَ یَاذَاالۡمُلۡکِ وَالۡمَلَکُوۡتِ

بس وہ، وہ ہے اے صاحبِ مُلک و ملکوت!

یَاذَاالۡعِزَّۃِ وَالۡجَبَرُوۡتِ یَامَلِکُ یَاقُدُّوۡسُ

اے مالکِ عزت و اقتدار! اے حقیقی بادشاہ! اے پاک و پاکیزہ!

یَاسَلَامُ یَامُؤۡمِنُ یَامُھَیۡمِنُ یَاعَزِیۡزُ

اے سلام! اے امان دینے والے اے صاحبِ اختیار

يَا جَبَّارُ يَا مُتَكَبِّرُ يَا خَالِقُ يَا بَارِئُ

اے جبار! اے متکبّر! اے خالق! اے دنیا جہان بنانے والے!

يَا مُصَوِّرُ يَا مُفِيدُ يَا مُدَبِّرُ يَا شَدِيدُ

اے صورتوں کو خد و خال دینے والے اے فائدہ رساں اے مدبّرِ عالم اے مضبوط

يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيدُ يَا مُبِيدُ يَا وَدُودُ يَا مَحْمُودُ

اے ابتدا کرنیوالے اے واپس پلٹانیوالے اے ہلاک کرنیوالے اے مہربان اے قابلِ تعریف

يَا مَعْبُودُ يَا بَعِيدُ يَا قَرِيبُ يَا مُجِيبُ يَا رَقِيبُ

اے معبود اے سب سے ماورا سب سے قریب اے قبول کرنے والے اے نگران

يَا حَسِيبُ يَا بَدِيعُ يَا رَفِيعُ يَا مَنِيعُ يَا سَمِيعُ

اے محاسبِ اعمال اے موجدِ بے مثال اے بلند و برتر اے محفوظ اے سننے والے

يَا عَلِيمُ يَا حَلِيمُ يَا كَرِيمُ يَا حَكِيمُ يَا قَدِيمُ

اے جاننے والے اے بُردبار اے کرم گستر اے حکیم اے قدیم

يَا عَلِيُّ يَا عَظِيمُ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا دَيَّانُ

اے سرفراز اے عظیم اے محبت کرنے ، احسان کرنے اور بدلہ دینے والے

يَا مُسْتَعَانُ يَا جَلِيلُ يَا جَمِيلُ يَا وَكِيلُ

اے وہ جس سے مدد لی جاتی ہے اے بڑی شان والے اے جمیل اے وکیل

يَا كَفِيلُ يَا مُقِيلُ يَا مُنِيلُ يَا نَبِيلُ يَا دَلِيلُ

اے کفالت کرنے والے اے درگزر کرنیوالے اے عطا کرنیوالے اے بلند اقبال اے رہنما

يَا هَادِيْ يَا بَادِيْ يَا اَوَّلُ يَا اٰخِرُ

اے ہادی اے خالقِ اوّل اے سب سے پہلے اے سب سے آخر تک رہنے والے

يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ يَا قَآئِمُ يَا دَآئِمُ يَا عَالِمُ

اے ظاہر اے باطن اے قائم و دائم اے عالم

يَا حَاكِمُ يَا قَاضِيْ يَا عَادِلُ يَا فَاصِلُ يَا وَاصِلُ

اے حاکم اے فیصلہ کرنے والے اے عادل اے جدا کرنے والے اے ملانے والے

يَا طَاهِرُ يَا مُطَهِّرُ يَا قَادِرُ يَا مُقْتَدِرُ

اے پاک اے پاک کرنیوالے اے با اختیار و اقتدار

يَا كَبِيْرُ يَا مُتَكَبِّرُ يَا وَاحِدُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ

اے کبیر و متکبّر اے واحد اے یکتا اے بے نیاز

يَا مَنْ لَّمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا

اے وہ جو کسی سے پیدا نہیں اور نہ اس کی کوئی اولاد ہے نہ اس کا کوئی ہمسر

اَحَدٌ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ وَّلَا وَلَدٌ

ہے اور نہ اس کا کوئی رفیق ہے نہ کوئی فرزند

وَّلَا كَانَ مَعَهٗ وَزِيْرٌ وَّلَا اتَّخَذَ مَعَهٗ مُشِيْرًا

نہ ساتھ کوئی بوجھ بانٹنے والا (وزیر) اور نہ اپنے ساتھ کسی مشورہ دینے والے کو رکھتا ہے

وَّلَا احْتَاجَ اِلٰى ظَهِيْرٍ وَّلَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ

نہ کسی مددگار کا محتاج ہے نہ اس کے ساتھ کوئی اور

إِلٰهٍ غَيْرُهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ فَتَعَالَيْتَ عَمَّا

معبود ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں یہ غلط کار لوگ جو کہتے ہیں

يَقُولُ الظَّالِمُونَ عُلُوًّا كَبِيرًا يَا عَلِيُّ

تیری ذات اس سے بہت بلند ہے۔ بہت ہی بلند اے سرفراز

يَا شَامِخُ يَا بَاذِخُ يَا فَتَّاحُ يَا نَفَّاحُ

اے بعید بلند مرتبہ اے صاحب رفعت اے بند دروازے کھولنے والے

يَا مُرْتَاحُ يَا مُفَرِّجُ يَا نَاصِرُ يَا مُنْتَصِرُ

اے راحت دسکون دینے والے اے کشائش و نصرت عطا کرنیوالے اے مددگار

يَا مُدْرِكُ يَا مُهْلِكُ يَا مُنْتَقِمُ يَا بَاعِثُ

اے پکڑنے والے اے فنا کرنے والے اے انتقام لینے والے اے دوبارہ پیدا کرنے والے

يَا وَارِثُ يَا طَالِبُ يَا غَالِبُ يَا مَنْ لَا يَفُوتُهُ

اے ہر ایک کے وارث اے نیک عمل چاہنے والے اے غالب اے وہ جس سے بھاگنے والا بھاگ

هَارِبٌ يَا تَوَّابُ يَا أَوَّابُ يَا وَهَّابُ

نہیں سکتا اے توبہ قبول کرنے والے اے بار بار توجہ کرنے والے اے بہت دینے والے

يَا مُسَبِّبَ الْأَسْبَابِ يَا مُفَتِّحَ الْأَبْوَابِ

اے اسباب مہیا کرنے والے اے دروازے کھولنے والے

يَا مَنْ حَيْثُ مَا دُعِيَ أَجَابَ

اے وہ ذات جسے جس حیثیت سے پکارا جائے وہ جواب دیتا ہے

يَا طَهُورُ يَا شَكُورُ يَا عَفُوُّ يَا غَفُورُ

اے طہور اے شکور اے معاف کرنیوالے اے بخشنے والے

يَا نُورَ النُّورِ يَا مُدَبِّرَ الْأُمُورِ يَا لَطِيفُ

اے نور کو نور بنانے والے اے معاملات کے منتظم اے لطیف

يَا خَبِيرُ يَا مُجِيرُ يَا مُبِيرُ يَا بَصِيرُ يَا ظَهِيرُ

اے خبیر اے پناہ دینے والے اے تباہ کرنیوالے اے صاحب نظر اے مددگار

يَا كَبِيرُ يَا وِتْرُ يَا فَرْدُ يَا أَبَدُ يَا سَنَدُ يَا صَمَدُ

اے بزرگ و برتر اے واحد و یکتا اے ابد اے سند اے بے نیاز

يَا شَافِي يَا كَافِي يَا وَافِي يَا مُعَافِي

اے شفا دینے والے اے کافی اے وعدہ وفا کرنے والے اے معافی دینے والے

يَا مُحْسِنُ يَا مُجْمِلُ يَا مُنْعِمُ يَا مُفْضِلُ

اے احسان کرنیوالے اے انعام و فضل کرنے والے

يَا مُتَكَرِّمُ يَا مُتَفَرِّدُ يَا مَنْ عَلَا فَقَهَرَ

اے متکرم اے متفرّد اے بلند و غالب

يَا مَنْ مَلَكَ فَقَدَرَ يَا مَنْ بَطَنَ فَخَبَرَ

اے مالک و مکمل قدرت والے اے وہ کہ نگاہوں سے نہاں و باخبر ہے

يَا مَنْ عُبِدَ فَشَكَرَ يَا مَنْ عُصِيَ فَغَفَرَ

اے وہ جس کی عبادت کی گئی تو اس نے قدر کی، نافرمانی کی گئی تو اس نے بخش دیا

يَا مَنْ لَّا تَحْوِيْهِ الْفِكَرُ وَلَا يُدْرِكُهُ بَصَرٌ

اے وہ جسے فکر (انسان) گھیر نہیں سکتی ، نظر محسوس نہیں کر سکتی

وَّلَا يَخْفٰى عَلَيْهِ اَثَرٌ يَا رَازِقَ الْبَشَرِ يَا مُقَدِّرَ

جس سے کوئی نشان پوشیدہ نہیں اے انسانوں کے روزی رساں اے ہر مقدار

كُلِّ قَدَرٍ يَا عَالِيَ الْمَكَانِ يَا شَدِيْدَ الْاَرْكَانِ

کا تعین کرنے والے اے عالی جاہ اے مضبوط طاقتوں والے

يَا مُبَدِّلَ الزَّمَانِ يَا قَابِلَ الْقُرْبَانِ يَا ذَا الْمَنِّ

اے زمانہ بدل دینے والے اے قربانیاں قبول کرنے والے اے صاحب

وَالْاِحْسَانِ يَا ذَا الْعِزِّ وَالسُّلْطٰنِ يَا رَحِيْمُ

احسان وکرم اے صاحب عزت و سلطنت اے رحیم

يَا رَحْمٰنُ يَا مَنْ هُوَ كُلَّ يَوْمٍ فِيْ شَاْنٍ

اے رحمٰن اے وہ جو ہر روز نئی شان کا جلوہ دکھاتا ہے

يَا مَنْ لَّا يَشْغَلُهٗ شَاْنٌ عَنْ شَاْنٍ

اے وہ جسے ایک حالت دوسری حالت سے روک نہیں سکتی (یعنی حالات اس پر طاری نہیں ہوتے)

يَا عَظِيْمَ الشَّاْنِ يَا مَنْ هُوَ بِكُلِّ مَكَانٍ

اے عظیم الشان اے ہر جگہ جلوہ آرا

يَا سَامِعَ الْاَصْوَاتِ يَا مُجِيْبَ الدَّعَوَاتِ

اے صدائیں (فریادیں) سننے والے اے دعائیں قبول کرنے والے

يَا مُنْجِحَ الطَّلِبَاتِ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ
اے خواہشیں پوری کرنے والے اے حاجتیں بر لانے والے
يَا مُنْزِلَ الْبَرَكَاتِ يَا رَاحِمَ الْعَبَرَاتِ
اے برکتیں نازل کرنے والے اے بہتے ہوئے آنسوؤں پر رحم کرنے والے
يَا مُقِيلَ الْعَثَرَاتِ يَا كَاشِفَ الْكُرُبَاتِ
اے لغزشوں کو نظر انداز کرنے والے اے تکلیفیں دُور کرنے والے
يَا وَلِيَّ الْحَسَنَاتِ يَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ
اے نیکیوں کے والی اے درجات بلند کرنے والے
يَا مُؤْتِيَ السُّؤْلَاتِ يَا مُحْيِيَ الْأَمْوَاتِ
اے سوال پورا کرنے والے اے مردوں کو زندگی دینے والے
يَا جَامِعَ الشَّتَّاتِ يَا مُطَّلِعُ عَلَى النِّيَّاتِ
اے منتشر چیزوں کو یکجا کرنے والے اے نیتوں سے باخبر
يَا رَادَّ مَا قَدْ فَاتَ يَا مَنْ لَا تَشْتَبِهُ عَلَيْهِ
اے گم گشتہ چیزوں کو واپس لانے والے اے وہ جس کے لیے آوازیں شبہ کا
الْأَصْوَاتُ يَا مَنْ لَا تُضْجِرُهُ الْمَسْأَلَاتُ
باعث نہیں ہوتیں اے وہ جسے درخواستیں پریشان مزاج نہیں بناتیں
وَلَا تَغْشَاهُ الظُّلُمَاتُ يَا نُورَ الْأَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ
اور تاریکیاں اس پر غالب نہیں آتیں اے زمین اور آسمانوں کے نور

يَا سَابِغَ النِّعَمِ يَا دَافِعَ النِّقَمِ يَا بَارِئَ النَّسَمِ

اے پوری پوری نعمتیں دینے اور غضب دور کرنے والے اے جانوں کے خالق

يَا جَامِعَ الْاُمَمِ يَا شَافِيَ السَّقَمِ يَا خَالِقَ النُّوْرِ

اے امتوں کو یکجا کرنے والے اے بیماروں کو شفا دینے والے اے نور و تاریکی کے

وَالظُّلَمِ يَا ذَا الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ يَا مَنْ

پیدا کرنے والے اے صاحبِ سخاوت و کرم اے وہ جس کے

لَا يَطَاُ عَرْشَهٗ قَدَمٌ يَا اَجْوَدَ الْاَجْوَدِيْنَ

عرش تک کوئی قدم نہیں پہنچ سکتا اے سب سخیوں سے بڑھ کر سخی

يَا اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ يَا اَسْمَعَ السَّامِعِيْنَ

اے سب کریموں سے بڑھ کر کریم اے سب سننے والوں سے زیادہ سننے والے

يَا اَبْصَرَ النَّاظِرِيْنَ يَا جَارَ الْمُسْتَجِيْرِيْنَ

اے اہلِ نظر سے زیادہ صاحبِ نظر اے پناہ گیروں کو پناہ دینے والے

يَا اَمَانَ الْخَائِفِيْنَ يَا ظَهْرَ اللَّاجِيْنَ

اے خوفزدہ لوگوں کو امان دینے والے اے فریادیوں کے فریاد رس

يَا وَلِيَّ الْمُؤْمِنِيْنَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ

اے مومنوں کے والی اے فریادیوں کے فریاد رس

يَا غَايَةَ الطَّالِبِيْنَ يَا صَاحِبَ كُلِّ غَرِيْبٍ

اے مانگنے والوں کے مقصد و منزل اے ہر بے وطن کے ساتھی

يَا مُونِسَ كُلِّ وَحِيدٍ يَا مَلْجَاءَ كُلِّ طَرِيدٍ
اے ہر اکیلے کے مونس اے ہر جگہ سے خوار ہو کر نکلے ہوؤں کی منزل (پناہ)
يَا مَاْوٰى كُلِّ شَرِيدٍ يَا حَافِظَ كُلِّ ضَآلَّةٍ
اے ہر بے وطن کی حفاظت گاہ اے ہر بھٹکے ہوئے کے نگہبان
يَا رَاحِمَ الشَّيْخِ الْكَبِيرِ يَا رَازِقَ الطِّفْلِ الصَّغِيرِ
اے حد سے زیادہ بوڑھے پر رحم کرنے والے اے کم سن بچے کو روزی دینے والے
يَا جَابِرَ الْعَظْمِ الْكَسِيرِ يَا فَآكَّ كُلِّ اَسِيرٍ
اے ٹوٹی ہڈی کو جوڑنے والے اے اسیروں کو رہائی دینے والے
يَا مُغْنِيَ الْبَآئِسِ الْفَقِيرِ يَا عِصْمَةَ الْخَآئِفِ
اے غم نصیب محتاج کو غنی کرنے والے اے ڈرے ہوئے پناہ گیر کے
الْمُسْتَجِيرِ يَا مَنْ لَهُ التَّدْبِيرُ وَالتَّقْدِيرُ
محافظ اے تدبیر و تقدیر کے مالک
يَا مَنِ الْعَسِيرُ عَلَيْهِ سَهْلٌ يَسِيرٌ
اے وہ جس کے لیے ہر مشکل آسان ہے
يَا مَنْ لَا يَحْتَاجُ اِلٰى تَفْسِيرٍ يَا مَنْ هُوَ عَلٰى
اے وہ جو کسی شرح کا محتاج نہیں اے وہ جو ہر
كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ يَا مَنْ هُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ خَبِيرٌ
ہر چیز پر قادر ہے اے وہ جو ہر بات سے باخبر ہے

يَا مَنْ هُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ بَصِيرٌ

اے وہ کہ ہر چیز تیری نظر میں ہے

يَا مُرْسِلَ الرِّيَاحِ يَا فَالِقَ الْاَصْبَاحِ

اے ہواؤں کے بھیجنے والے اے صبحوں کو نمایاں کرنے والے

يَا بَاعِثَ الْاَرْوَاحِ يَا ذَا الْجُودِ وَالسَّمَاحِ

اے روحوں کو زندہ کرنے والے اے صاحبِ جود و بخشش

يَا مَنْ بِيَدِهِ كُلُّ مِفْتَاحٍ يَا سَامِعَ كُلِّ صَوْتٍ

اے وہ جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی کنجی ہے اے ہر صدا کو سننے والے

يَا سَابِقَ كُلِّ فَوْتٍ يَا مُحْيِيَ كُلِّ نَفْسٍ بَعْدَ الْمَوْتِ

اے ہر آگے بڑھنے والے سے آگے اے ہر ذات کو مرنے کے بعد زندہ کرنے والے

يَا عُدَّتِي فِي شِدَّتِي يَا حَافِظِي فِي غُرْبَتِي

اے میری مشکلوں کے سہارے اے میری مسافرت کے محافظ

يَا مُونِسِي فِي وَحْدَتِي يَا وَلِيِّي فِي نِعْمَتِي

اے میری تنہائی کے مونس اے میری نعمتوں کے والی

يَا كَهْفِي حِينَ تُعْيِينِي الْمَذَاهِبُ

اے میری پناہ جب تدبیر کی راہیں مجھے تھکا دیں

وَتُسْلِمُنِي الْاَقَارِبُ وَيَخْذُلُنِي كُلُّ صَاحِبٍ

عزیز و اقارب ساتھ چھوڑ دیں اور ہر رفیق ناکام بنا دے

يَا عِمَادَ مَنْ لَّا عِمَادَ لَهُ يَا سَنَدَ مَنْ لَّا سَنَدَ لَهُ

اے بے سہارا کے سہارے اے بے آسرا کے تکیہ گاہ

يَا ذُخْرَ مَنْ لَّا ذُخْرَ لَهُ يَا حِرْزَ مَنْ لَّا حِرْزَ لَهُ

اے بے ذخیرہ شخص کے ذخیرے اے بے محافظ کے محافظ

يَا كَهْفَ مَنْ لَّا كَهْفَ لَهُ يَا كَنْزَ مَنْ لَّا كَنْزَ لَهُ

اے بے گھر کی پناہ گاہ اے زر دھن کے دھن (خزانے)

يَا رُكْنَ مَنْ لَّا رُكْنَ لَهُ يَا غِيَاثَ مَنْ لَّا غِيَاثَ لَهُ

اے بے یار و مددگار کے مددگار اے بے نوا کے فریاد رس

يَا جَارَ مَنْ لَّا جَارَ لَهُ يَا جَارِيَ اللَّصِيقَ

اے بے پڑوسی کے پڑوسی اے میرے قریب ترین پڑوسی

يَا رُكْنِيَ الْوَثِيقَ يَا اِلٰهِيْ بِالتَّحْقِيقِ

اے میرے مضبوط سہارے اے میرے یقینی معبود

يَا رَبَّ الْبَيْتِ الْعَتِيقِ يَا شَفِيقُ يَا رَفِيقُ

اے قدیم ترین گھر (کعبہ) کے مالک اے شفیق اے رفیق

فُكَّنِيْ مِنْ حَلَقِ الْمَضِيقِ وَاصْرِفْ عَنِّيْ كُلَّ

مجھے تنگ حلقوں سے چھڑا مجھ سے ہر رنج و غم

هَمٍّ وَّغَمٍّ وَّضِيقٍ وَّاكْفِنِيْ شَرَّ مَا لَا اُطِيقُ

اور تنگی پھیر دے اور جس کو میں برداشت نہیں کر سکتا اسکے شر سے مجھے بچا

Presented by www.ziaraat.com

وَاَعِنِّیْ عَلٰی مَآ اُطِیْقُ یَا رَآدَّ یُوْسُفَ عَلٰی یَعْقُوْبَ
اور جس (خیر) کی طاقت رکھتا ہوں اس پر میری مدد کر اے یوسف کو یعقوب تک واپس لانے والے
یَا کَاشِفَ ضُرِّ اَیُّوْبَ یَا غَافِرَ ذَنْبِ دَاوٗدَ
اے ایوب کے دکھ کو دور کرنے والے اے داوٗد کی خطا کو معاف کرنیوالے
یَا رَافِعَ عِیْسَی ابْنِ مَرْیَمَ وَمُنْجِیَهٗ مِنْ اَیْدِی الْیَهُوْدِ
اے عیسیٰ ابن مریم کو آسمان پر اٹھا لینے اور انھیں یہود کے ہاتھ سے نجات دینے والے
یَا مُجِیْبَ نِدَآءِ یُوْنُسَ فِی الظُّلُمٰتِ یَا مُصْطَفِیَ
اے تاریکیوں سے یونس علیہ السلام کی آواز سننے والے اے موسیٰ علیہ السلام
مُوْسٰی بِالْکَلِمٰتِ یَا مَنْ غَفَرَ لِاٰدَمَ خَطِیْٓئَتَهٗ
کو اپنے کلمات کے ذریعہ منتخب کرنے والے اے آدمؑ کے ترکِ اولیٰ کو معاف کرنیوالے
وَرَفَعَ اِدْرِیْسَ مَکَانًا عَلِیًّا بِرَحْمَتِهٖ
اور ادریسؑ کو اپنی رحمت سے بلند منزل (آسمان) پر اٹھانے والے
یَا مَنْ نَجّٰی نُوْحًا مِّنَ الْغَرَقِ یَا مَنْ اَهْلَکَ
اے وہ جس نے نوحؑ کو غرق ہونے سے بچایا اے وہ جس نے ہلاک کیا
عَادَنِ الْاُوْلٰی وَثَمُوْدَ فَمَآ اَبْقٰی وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ
پہلے عاد اور ثمود کو اور نشان بھی باقی نہ رکھا اور ان سے پہلے قوم نوح کا یہی حشر کیا
اِنَّهُمْ کَانُوْا هُمْ اَظْلَمَ وَاَطْغٰی وَالْمُؤْتَفِکَةَ اَهْوٰی
کیونکہ وہ بہت ظالم اور باغی تھے اور (جس نے) اجڑی بستیوں کو ختم کیا

يَا مَنْ دَمَّرَ عَلٰى قَوْمِ لُوْطٍ وَّدَمْدَمَ عَلٰى قَوْمِ شُعَيْبٍ

اے وہ جس نے قومِ لوط کو تباہ کیا اور قومِ شعیبؑ پر عذاب کیا

يَا مَنِ اتَّخَذَ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا يَّا مَنِ اتَّخَذَ

اے وہ جس نے ابراہیم علیہ السلام کو خلیل

مُوْسٰى كَلِيْمًا يَّا مَنِ اتَّخَذَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ

موسیٰ علیہ السلام کو کلیم اور محمد مصطفےٰ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَعَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ حَبِيْبًا

علیہ وآلہ وعلیہم اجمعین کو (اپنا) حبیب بنایا

يَا مُؤْتِيَ لُقْمَانَ الْحِكْمَةَ وَالْوَاهِبَ لِسُلَيْمَانَ

اے لقمان کو حکمت عطا کرنے والے اور سلیمان علیہ السلام کو مُلک

مُلْكًا لَّا يَنْبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ يَا مَنْ نَّصَرَ

بخشنے والے جو ان کے بعد کسی کو زیب نہ دے سکا اے وہ جس نے

ذَا الْقَرْنَيْنِ عَلَى الْمُلُوْكِ الْجَبَابِرَةِ يَا مَنْ اَعْطَى

ذوالقرنین کو قوی سے قوی بادشاہوں کے مقابلے میں مدد دی اے وہ جس نے

الْخِضْرَ الْحَيٰوةَ وَرَدَّ لِيُوْشَعَ ابْنِ نُوْنٍ الشَّمْسَ

خضرؑ کو حیاتِ جاوداں دی اور یوشع بن نون کے لیے سورج کی روشنی ڈوبنے

بَعْدَ غُرُوْبِهَا يَا مَنْ رَّبَطَ عَلٰى قَلْبِ اُمِّ مُوْسٰى

کے بعد واپس کی اے وہ جس نے موسیٰؑ کی ماں کے دل کو ڈھارس دی

وَاَحْصَنَ فَرْجَ مَرْيَمَ ابْنَتِ عِمْرَانَ

اور مریمؑ بنت عمران کی عصمت کی حفاظت کی

يَا مَنْ حَصَّنَ يَحْيَى ابْنَ زَكَرِيَّا مِنَ الذَّنْبِ

اے وہ جس نے یحییٰ بن زکریا کو ارادۂ گناہ سے بچایا

وَسَكَّنَ عَنْ مُّوسَى الْغَضَبَ يَا مَنْ بَشَّرَ

اور موسیٰ علیہ السلام کے غصے کو سکون عطا فرمایا اے وہ جس نے زکریّا کو

زَكَرِيَّا بِيَحْيَى يَا مَنْ فَدَى اِسْمٰعِيلَ مِنَ

ولادت یحییٰؑ کی خوشخبری دی اے وہ جس نے اسمٰعیل علیہ السلام کی قربانی کو

الذَّبْحِ بِذِبْحٍ عَظِيمٍ يَّا مَنْ قَبِلَ قُرْبَانَ

ایک بڑی قربانی سے بدل دیا اے وہ جس نے ہابیل کی قربانی

هَابِيلَ وَجَعَلَ اللَّعْنَةَ عَلَى قَابِيلَ يَا هَازِمَ

قبول فرما کر قابیل پر لعنت فرمائی اے

الْاَحْزَابِ لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مقابل گروہوں کو شکست دینے والے

صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلَى جَمِيعِ الْمُرْسَلِينَ

رحمت نازل فرما محمد و آل محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر اور تمام رسولوں

وَمَلٰٓئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِينَ وَاَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِينَ

ملائکۂ مقربین اور تمام اطاعت گزار بندوں پر

وَاَسْئَلُكَ بِكُلِّ مَسْئَلَةٍ سَئَلَكَ بِهَآ اَحَدٌ

اور (یا اللہ) میں تجھ سے ہر وہ درخواست کرتا ہوں جو تیری مخلوق میں تیرے

مِمَّنْ رَضِيتَ عَنْهُ فَحَتَمْتَ لَهٗ عَلَى الْاِجَابَةِ

پسندیدہ بندوں میں سے کسی ایک نے درخواست کی ہو اور تو نے اسے پورا کرنے کا فیصلہ کیا ہو

يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحْمٰنُ

اے اللہ اے اللہ اے اللہ اے رحمٰن اے رحمٰن اے رحمٰن

يَا رَحِيمُ يَا رَحِيمُ يَا رَحِيمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

اے رحیم اے رحیم اے رحیم اے صاحب جلال و اکرام

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

اے صاحب جلال و اکرام اے صاحب جلال و اکرام

(یہاں اپنی حاجت بیان کرے)

بِهٖ بِهٖ بِهٖ بِهٖ بِهٖ بِهٖ

اسی (نام) کا صدقہ، اسی کا تصدق، اسی کا وسیلہ، اسی کے ذریعہ، اسی کے واسطے، اسی کے سہارے

اَسْئَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ

میں تجھ سے مانگتا ہوں ہر وہ نام لے کر جو تو نے اپنی ذات کے لیے رکھ لیا ہو

اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِي شَيْءٍ مِّنْ كُتُبِكَ اَوِ اسْتَأْثَرْتَ

یا تو نے وہ نام اپنی کتابوں میں اتارا ہو یا تو نے اسے اپنے

بِهٖ فِي عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ وَبِمَعَاقِدِ الْعِزِّ

علم غیب میں محفوظ کر لیا ہو اور تجھے واسطہ دیتا ہوں تیرے

مِنْ عَرْشِكَ وَبِمُنْتَهَى الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ

عرش کے باعزت ترین مقامات اور انتہائے رحمت کا

وَبِمَا لَوْ اَنَّ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ

اور اس نام کا وسیلہ جسکے لیے فرمایا، اگر روئے زمین پر سب درخت

اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ

قلم اور ساتوں سمندر روشنائی بن جائیں

مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ

جب بھی کلماتِ الٰہی ختم نہ ہوں یقیناً اللہ بااختیار صاحب حکمت ہے

وَاَسْئَلُكَ بِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰى الَّتِيْ نَعَتَّهَا

اور تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے اسمائے حسنیٰ کے صدقے جن کی تونے اپنی

فِيْ كِتٰبِكَ فَقُلْتَ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى

کتاب میں تعریف کی اور فرمایا " اور اللہ ہی کے ہیں اسمائے حسنیٰ (اچھے اچھے نام)

فَادْعُوْهُ بِهَا وَقُلْتَ اُدْعُوْنِيْ اَسْتَجِبْ لَكُمْ

ان کے ذریعہ دعا کرو" اور فرمایا " مجھے پکارو میں تمھاری دعا قبول کروں گا"

وَقُلْتَ وَاِذَا سَئَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ

اور تیرا ہی ارشاد ہے " جب میرے بندے (اے رسولؐ) تجھ سے میرے بارے میں پوچھیں

قَرِيْبٌ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ

تو میں ان سے قریب ہوں، ہر پکارنے والے کی آواز سنتا ہوں

وَقُلْتَ يَا عِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ

اور تیرا ہی فرمان ہے "اپنے اوپر ظلم و زیادتی کرنے والے میرے (گنہگار) بندو!

لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ

اللہ کی رحمت سے مایوس مت ہو یقیناً اللہ بخش دے گا

الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ

سب گناہوں کو وہ بہت غفور و رحیم ہے"

وَاَنَا اَسْئَلُكَ يَآ اِلٰهِيْ وَاَدْعُوْكَ يَا رَبِّ

یا الٰہی! میں اب تجھ سے سوال کر رہا ہوں - میرے رب میں تجھے پکار رہا ہوں

وَاَرْجُوْكَ يَا سَيِّدِيْ وَاَطْمَعُ فِيْٓ اِجَابَتِيْ

میرے مولا تجھ سے آس لگائے ہوئے ہوں اور مجھے اپنی دُعا قبول ہونے کا لالچ ہے

يَا مَوْلَايَ كَمَا وَعَدْتَّنِيْ وَقَدْ دَّعَوْتُكَ

کیونکہ میرے مولا تو نے مجھ سے وعدہ کیا ہے اور پھر میں تو تجھے اسی طرح پکار رہا ہوں

كَمَآ اَمَرْتَنِيْ فَافْعَلْ بِيْ مَآ اَنْتَ اَهْلُهٗ

جس انداز میں تونے پکارنے کا حکم دیا ہے اب تو جس مرتبہ کا مالک ہے اسکے مطابق میرا فیصلہ فرما

يَا كَرِيْمُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

اے کریم! اور حمد تو تمام جہانوں کے رب ہی کو زیبا ہے

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖٓ اَجْمَعِيْنَ

اور اللہ تعالیٰ حضرت محمدؐ اور آپؐ کی آلؑ سب پر رحمت نازل فرمائے

دُعائے جوشنِ کبیر

اس دعائے مبارکہ کے فضائل و خواص بہت ہیں۔ کتاب "تحفۃ النجاح" میں لکھا ہے کہ جو شخص گھر سے نکلتے وقت اس دُعا کو پڑھے یا اپنے پاس رکھے تو خدا اسے ہر بلا سے بچائے گا اور جس گھر میں یہ دُعا ہو وہ گھر آتش زدگی اور چوری سے محفوظ رہے گا۔ نیز اس دُعا کو جس مریض پر پُر خلوص نیت سے پڑھا جائے خداوندِ عالم اس کو شفا دے گا خواہ وہ مرض جنون ہو یا برص و جذام ہو۔ اور جو کوئی اس دُعا کو کفن پر لکھوائے تو خدا اس پر عذاب نہیں کریگا۔ اس کے علاوہ جو شخص ماہِ مبارک رمضان میں یہ دُعا تین مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ آتشِ دوزخ اس پر حرام اور بہشت اس پر واجب کریگا۔ اس دُعا میں سَو فصلیں ہیں اور ہر فصل کے آخر میں یہ کلمات پڑھے جائیں۔

سُبْحٰنَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثُ الْغَوْثُ

اے وہ کہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے، اور فریاد رسوں کا فریاد رس ہے

خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

نجات دے ہم کو آتشِ دوزخ سے اے پالنے والے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

(۱) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ یَا اَللّٰہُ

خدایا میں بھیک مانگتا ہوں تیرے نام سے اے اللہ!

یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا کَرِیْمُ یَا مُقِیْمُ یَا عَظِیْمُ

اے رحمٰن اے رحیم اے کرم کرنے والے اے قائم اے بزرگی والے

یَا قَدِیْمُ یَا عَلِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا حَکِیْمُ

اے ہمیشہ رہنے والے اے دانا اے بردبار اے حکمت والے

سُبْحٰنَکَ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْغَوْثَ

اے وہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے اور فریاد رسوں کا

الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ

فریاد رس ہے نجات دے ہم کو آتش دوزخ سے اے پالنے والے!

(۲) یَا سَیِّدَ السَّادَاتِ یَا مُجِیْبَ الدَّعَوَاتِ

اے سرداروں کے سردار اے دعاؤں کے قبول کرنے والے

یَا رَافِعَ الدَّرَجٰتِ یَا وَلِیَّ الْحَسَنٰتِ

اے مرتبوں کے بلند کرنے والے اے نیکیوں کے والی!

یَا غَافِرَ الْخَطِیْئَاتِ یَا مُعْطِیَ الْمَسْئَلَاتِ

اے گناہوں کے بخشنے والے اے عطا کرنے والے سوالات کے

يَا قَابِلَ التَّوْبَاتِ يَا سَامِعَ الْاَصْوَاتِ
اے توبہ قبول کرنے والے اے آوازوں کے سننے والے
يَا عَالِمَ الْخَفِيَّاتِ يَا دَافِعَ الْبَلِيَّاتِ
اے پوشیدہ باتوں کے جاننے والے اے بلاؤں کے دفع کرنے والے
③ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ يَا خَيْرَ الْفَاتِحِيْنَ
اے بہترین بخشنے والے اے بہتر کشائش کرنے والے
يَا خَيْرَ النَّاصِرِيْنَ يَا خَيْرَ الْحَاكِمِيْنَ
اے بہترین نصرت کرنے والے اے بہترین حکم کرنے والے
يَا خَيْرَ الرَّازِقِيْنَ يَا خَيْرَ الْوَارِثِيْنَ
اے بہترین رزق دینے والے اے بہترین وارثوں کے وارث
يَا خَيْرَ الْحَامِدِيْنَ يَا خَيْرَ الذَّاكِرِيْنَ
اے بہترین حمد کرنے والے اے بہترین ذکر کرنے والے
يَا خَيْرَ الْمُنْزِلِيْنَ يَا خَيْرَ الْمُحْسِنِيْنَ
اے بہترین نازل کرنے والے اے بہترین احسان کرنے والے
④ يَا مَنْ لَهُ الْعِزَّةُ وَالْجَمَالُ يَا مَنْ
اے وہ جس کے واسطے عزت و نیکی ہے اے وہ جس کے
لَهُ الْقُدْرَةُ وَالْكَمَالُ يَا مَنْ لَهُ الْمُلْكُ
واسطے قدرت و کمال ہے اے وہ ذات جو صاحب ملک

وَالْجَلَالُ يَا مَنْ هُوَ الْكَبِيرُ الْمُتَعَالُ يَا مُنْشِئَ

بزرگی ہے اے وہ ذات جو بزرگ و عالی مرتبہ ہے اے پیدا کرنیوالے

السَّحَابِ الثِّقَالِ يَا مَنْ هُوَ شَدِيدُ الْمِحَالِ

بھاری بھاری بادلوں کے اے وہ خدا جو سب سے زیادہ طاقت ور ہے

يَا مَنْ هُوَ سَرِيعُ الْحِسَابِ يَا مَنْ هُوَ

اے وہ خدا جو جلد حساب لینے والا ہے اے وہ خدا جو

شَدِيدُ الْعِقَابِ يَا مَنْ عِنْدَهُ حُسْنُ الثَّوَابِ

سخت عذاب کرنے والا ہے اے وہ خدا جس کے پاس عمدہ سے عمدہ ثواب ہے

يَا مَنْ عِنْدَهُ أُمُّ الْكِتَابِ

اے وہ خدا جس کے پاس ام الکتاب ہے

⑤ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ يَا حَنَّانُ

خداوندا بہ تحقیق سوال کرتا ہوں میں تیرے نام سے اے مہربان!

يَا مَنَّانُ يَا دَيَّانُ يَا بُرْهَانُ يَا سُلْطَانُ

اے احسان کرنیوالے اے جزا دینے والے اے روشن دلیل اے بادشاہ

يَا رِضْوَانُ يَا غُفْرَانُ يَا سُبْحَانُ يَا مُسْتَعَانُ

اے خوشنود کرنیوالے اے بخشنے والے اے پاک اے عاجزوں کے مددگار

يَا ذَا الْمَنِّ وَالْبَيَانِ۔

اے صاحب نعمت اور ظاہر کرنیوالے چیزوں کے

(۶) يَا مَنْ تَوَاضَعَ كُلُّ شَيْءٍ لِعَظَمَتِهِ

اے وہ خدا جو سب پر غالب ہے بسبب اپنی بزرگی کے

يَا مَنِ اسْتَسْلَمَ كُلُّ شَيْءٍ لِقُدْرَتِهِ

اے وہ خدا کہ جس کی قدرت کاملہ سے ہر چیز کی سلامتی و بقاہے

يَا مَنْ ذَلَّ كُلُّ شَيْءٍ لِعِزَّتِهِ يَا مَنْ خَضَعَ

اے وہ خدا کہ جس کی بزرگی کے نزدیک ہر چیز ذلیل ہے اے وہ خدا کہ جس کی

كُلُّ شَيْءٍ لِهَيْبَتِهِ يَا مَنِ انْقَادَ كُلُّ شَيْءٍ

ہیبت سے ہر چیز عاجزی کرتی ہے اے وہ خدا کہ جس کے خوف سے

مِنْ خَشْيَتِهِ يَا مَنْ تَشَقَّقَتِ الْجِبَالُ مِنْ

ہر چیز تابع فرمان ہے اے وہ خدا کہ پھٹ جاتے ہیں پہاڑ جس کے

مَخَافَتِهِ يَا مَنْ قَامَتِ السَّمٰوٰتُ بِاَمْرِهِ

خوف سے اے وہ خدا کہ جس کے حکم سے آسمان قائم ہیں

يَا مَنِ اسْتَقَرَّتِ الْاَرَضُوْنَ بِاِذْنِهِ

اے وہ خدا کہ جس کے حکم سے زمین برقرار ہے

يَا مَنْ يُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهِ يَا مَنْ

اے وہ خدا جس کی تسبیح فرشتہ رعد حمد کے ساتھ کرتا ہے اور وہ خدا

لَا يَعْتَدِيْ عَلٰى اَهْلِ مَمْلَكَتِهِ

جو اپنے بندوں میں سے کسی پر ظلم نہیں کرتا

۷ يَا غَافِرَ الْخَطَايَا يَا كَاشِفَ الْبَلَايَا

اے گناہوں کے بخشنے والے اے بلاؤں کے دُور کرنے والے

يَا مُنْتَهَى الرَّجَايَا يَا مُجْزِلَ الْعَطَايَا يَا وَاهِبَ

اے امیدوں کی انتہا اے بخششوں کے تمام کرنیوالے اے نعمتوں کے

الْهَدَايَا يَا رَازِقَ الْبَرَايَا يَا قَاضِيَ الْمَنَايَا

عطا کرنیوالے اے تمام مخلوق کے روزی دینے والے اے بندوں کے حاکم

يَا سَامِعَ الشَّكَايَا يَا بَاعِثَ الْبَرَايَا

اے شکایتوں کے سننے والے اے مخلوق کے زندہ کرنے والے

يَا مُطْلِقَ الْأُسَارَى

اے اسیروں کے رہا کرنے والے

۸ يَا ذَا الْحَمْدِ وَالثَّنَاءِ يَا ذَا الْفَخْرِ وَالْبَهَاءِ

اے صاحب حمد و ستائش اے صاحب فخر و بزرگی

يَا ذَا الْمَجْدِ وَالسَّنَاءِ يَا ذَا الْعَهْدِ وَالْوَفَاءِ

اے صاحب عزت و رفعت اے صاحب عہد و وفا

يَا ذَا الْعَفْوِ وَالرِّضَاءِ يَا ذَا الْمَنِّ وَالْعَطَاءِ

اے صاحب بخشش و خوشنودی اے صاحب احسان و عطا

يَا ذَا الْفَضْلِ وَالْقَضَاءِ يَا ذَا الْعِزِّ وَالْبَقَاءِ

اے صاحب فضیلت و فیصلہ برحق اے صاحب بلندی و ہمیشگی

يَا ذَا الْجُودِ وَالسَّخَاءِ يَا ذَا الْآلَاءِ وَالنَّعْمَاءِ

اے صاحب بخشش و سخاوت اے صاحب نعمات کثیرہ

(۹) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ يَا مَانِعُ

خداوندا میں بیشک تیرے نام کے ساتھ تجھ سے سوال کرتا ہوں اے آفتوں کو رد کرنے والے

يَا دَافِعُ يَا رَافِعُ يَا صَانِعُ يَا نَافِعُ يَا سَامِعُ

اے بلاؤں کے دور کرنیوالے اے بلند کرنیوالے اے پیدا کرنیوالے اے نفع دینے والے اے سننے والے

يَا جَامِعُ يَا شَافِعُ يَا وَاسِعُ يَا مُوسِعُ

اے جمع کرنے والے اے شفاعت کرنیوالے اے بہت بخشنے والے اے نعمتوں کے زیادہ کرنیوالے

(۱۰) يَا صَانِعَ كُلِّ مَصْنُوعٍ يَا خَالِقَ كُلِّ مَخْلُوقٍ

اے ہر شے کو بنانے والے اے ہر مخلوق کے پیدا کرنے والے

يَا رَازِقَ كُلِّ مَرْزُوقٍ يَا مَالِكَ كُلِّ مَمْلُوكٍ

اے ہر روزی حاصل کرنیوالے کو روزی دینے والے اے ہر بندے کے مالک

يَا كَاشِفَ كُلِّ مَكْرُوبٍ يَا فَارِجَ كُلِّ مَهْمُومٍ

اے ہر سختی کے دفع کرنے والے اے ہر غمزدہ کو خوش کرنے والے

يَا رَاحِمَ كُلِّ مَرْحُومٍ يَا نَاصِرَ كُلِّ مَخْذُولٍ

اے ہر لائق رحم پر رحم کرنے والے اے ہر ذلیل و خوار کی مدد کرنے والے

يَا سَاتِرَ كُلِّ مَعْيُوبٍ يَا مَلْجَأَ كُلِّ مَطْرُودٍ

اے ہر عیب دار کی عیب پوشی کرنے والے اے ہر نکالے ہوئے کو پناہ دینے والے

(۱۱) يَا عُدَّتِي عِنْدَ شِدَّتِي يَا رَجَائِي عِنْدَ

اے میرے معتمد ہر سختی میں اے ہر مصیبت میں میری

مُصِيبَتِي يَا مُونِسِي عِنْدَ وَحْشَتِي يَا صَاحِبِي

اُمّید گاہ اے میری تنہائی میں میرے مونس اے میرے ساتھی

عِنْدَ غُرْبَتِي يَا وَلِيِّي عِنْدَ نِعْمَتِي

میری مسافت میں اے میرے دوست میری آسائش کے وقت

يَا غِيَاثِي عِنْدَ كُرْبَتِي يَا دَلِيلِي عِنْدَ حَيْرَتِي

اے میری سختیوں میں میرے فریاد رس اے میری گمراہی میں میرے رہنما

يَا غِنَائِي عِنْدَ افْتِقَارِي يَا مَلْجَائِي

اے میری احتیاج میں میری توانگری اے میرجائے پناہ

عِنْدَ اضْطِرَارِي يَا مُعِينِي عِنْدَ مَفْزَعِي

میرے اضطراب کے وقت اے میرے مددگار میرے خوف کے وقت

(۱۲) يَا عَلَّامَ الْغُيُوبِ يَا غَفَّارَ الذُّنُوبِ

اے پوشیدگیوں کے جاننے والے اے گناہوں کے بخشنے والے

يَا سَتَّارَ الْعُيُوبِ يَا كَاشِفَ الْكُرُوبِ

اے عیبوں کے چھپانے والے اے غموں کے دفع کرنے والے

يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ يَا طَبِيبَ الْقُلُوبِ

اے دلوں کو پھیرنے والے اے دلوں کی دوا کرنے والے

يَا مُنَوِّرَ الْقُلُوْبِ يَآ اَنِيْسَ الْقُلُوْبِ

اے دلوں کو روشن کرنے والے   اے دلوں کے مصاحب

يَا مُفَرِّجَ الْهُمُوْمِ يَا مُنَفِّسَ الْغُمُوْمِ

اے غموں کے کھولنے والے   اے غموں کو برطرف کرنے والے

۱۳ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ يَا جَلِيْلُ

اے خدا   بہ تحقیق میں سوال کرتا ہوں تیرے نام کے ساتھ   اے بزرگوار

يَا جَمِيْلُ يَا وَكِيْلُ يَا كَفِيْلُ يَا دَلِيْلُ يَا قَبِيْلُ

اے نیکوکار   اے حفاظت کرنیوالے   اے بخشش کرنیوالے   اے رہنما   اے روزی کے ضامن

يَا مُدِيْلُ يَا مُنِيْلُ يَا مُقِيْلُ يَا مُحِيْلُ

اے نعمت دینے والے   اے دولت دینے والے   اے معاف کرنیوالے   اے قوت دینے والے

۱۴ يَا دَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ

اے بھٹکے ہوؤں کے رہنما   اے فریاد کرنے والوں کے فریاد رس

يَا صَرِيْخَ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ يَا جَارَ الْمُسْتَجِيْرِيْنَ

اے فریاد کرنیوالوں کی فریاد سننے والے   اے طالبانِ مدد کی مدد کرنے والے

يَآ اَمَانَ الْخَآئِفِيْنَ يَا عَوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

اے خوفزدوں کو امان دینے والے   اے مومنوں کے مددگار

يَا رَاحِمَ الْمَسٰكِيْنَ يَا مَلْجَاَ الْعَاصِيْنَ

اے مسکینوں پر رحم کرنے والے   اے گناہگاروں کے بخشنے والے

یَا غَافِرَ الْمُذْنِبِیْنَ یَا مُجِیْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّیْنَ

اے گنہگاروں کے بخشنے والے اے دعاؤں کو قبول کرنے والے پریشان لوگوں کی

(۱۵) یَا ذَا الْجُوْدِ وَالْاِحْسَانِ یَا ذَا الْفَضْلِ وَالْاِمْتِنَانِ

اے صاحبِ بخشش و احسان اے صاحبِ فضل و امتنان

یَا ذَا الْاَمْنِ وَالْاَمَانِ یَا ذَا الْقُدْسِ وَالسُّبْحٰنِ

اے صاحبِ امن و امان اے صاحبِ تقدس و پاکی

یَا ذَا الْحِکْمَةِ وَالْبَیَانِ یَا ذَا الرَّحْمَةِ وَالرِّضْوَانِ

اے صاحبِ حکمت اور ظاہر کرنیوالے چیزوں کے اے صاحبِ رحمت اور خوشنود کرنے والے

یَا ذَا الْحُجَّةِ وَالْبُرْهَانِ یَا ذَا الْعَظَمَةِ وَالسُّلْطٰنِ

اے صاحبِ دلیل روشن اے صاحبِ برتری و بادشاہی

یَا ذَا الرَّأْفَةِ وَالْمُسْتَعَانِ یَا ذَا الْعَفْوِ وَالْغُفْرَانِ

اے صاحبِ رحم اور مدد کرنے والے اے صاحبِ عفو و بخشش

(۱۶) یَا مَنْ هُوَ رَبُّ کُلِّ شَیْءٍ یَا مَنْ هُوَ اِلٰهُ

اے وہ جو پروردگار ہے ہر شے کا اے وہ خدا جو معبود ہے

کُلِّ شَیْءٍ یَا مَنْ هُوَ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ

ہر چیز کا اور اے وہ خدا جو ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے

یَا مَنْ هُوَ صَانِعُ کُلِّ شَیْءٍ یَا مَنْ هُوَ قَبْلَ

اے وہ خدا جو ہر چیز کا بنانے والا ہے اے وہ خدا جو پہلے ہے

كُلِّ شَيْءٍ يَا مَنْ هُوَ بَعْدَ كُلِّ شَيْءٍ
ہر چیز سے اور اے وہ خدا جو ہر چیز کے بعد بھی رہے گا
يَا مَنْ هُوَ فَوْقَ كُلِّ شَيْءٍ يَا مَنْ هُوَ عَالِمٌ
اے وہ خدا جو ہر چیز سے برتر ہے اے وہ خدا جو جاننے والا
بِكُلِّ شَيْءٍ يَا مَنْ هُوَ قَادِرٌ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ
ہے تمام چیزوں کا اے وہ خدا جو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے
يَا مَنْ هُوَ يَبْقَى وَيَفْنَى كُلُّ شَيْءٍ
اے وہ خدا جو باقی رہنے والا ہے اور ہر چیز فنا ہونے والی ہے
(۱۷) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ يَا مُؤْمِنُ
خداوندا تحقیق میں سوال کرتا ہوں تیرے نام کیساتھ اے امن دینے والے
يَا مُهَيْمِنُ يَا مُكَوِّنُ يَا مُلَقِّنُ يَا مُبَيِّنُ يَا مُهَوِّنُ
اے نگہبان اے پیدا کرنیوالے اے علم دینے والے اے ظاہر کرنیوالے اے آسان کرنیوالے
يَا مُمَكِّنُ يَا مُزَيِّنُ يَا مُعْلِنُ يَا مُقَسِّمُ
اے جگہ دینے والے اے زینت دینے والے اے ظاہر کرنے والے اے تقسیم کرنے والے
(۱۸) يَا مَنْ هُوَ فِيْ مُلْكِهٖ مُقِيْمٌ يَا مَنْ هُوَ
اے وہ خدا جو اپنی سلطنت میں قیام کرنے والا ہے اے وہ خدا جو
فِيْ سُلْطَانِهٖ قَدِيْمٌ يَا مَنْ هُوَ فِيْ جَلَالِهٖ
اپنی بادشاہی میں قدیم ہے اے وہ خدا جو اپنی بزرگی میں

عَظِيمٌ يَا مَنْ هُوَ عَلَىٰ عِبَادِهِ رَحِيمٌ يَا مَنْ

بہت بڑا ہے اے وہ خدا جو اپنے بندوں پر رحم کرنیوالا ہے اے وہ

هُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ يَا مَنْ هُوَ بِمَنْ

خدا جو ہر شے جاننے والا ہے اے وہ خدا جو اپنے نافرمان

عَصَاهُ حَلِيمٌ يَا مَنْ هُوَ بِمَنْ رَجَاهُ كَرِيمٌ

بندوں پر بُردبار ہے اے وہ خدا جو امیدوں پر کرم کرنے والا ہے

يَا مَنْ هُوَ فِي صُنْعِهِ حَكِيمٌ يَا مَنْ هُوَ فِي

اے وہ خدا جو اپنی صنعتِ کاملہ میں حکیم ہے اے وہ خدا جو

حِكْمَتِهِ لَطِيفٌ يَا مَنْ هُوَ فِي لُطْفِهِ قَدِيمٌ

اپنی حکمت میں لطف کرنیوالا ہے اے وہ خدا جو اپنا لطف کرنے میں قدیم ہے

(۱۹) يَا مَنْ لَا يُرْجَىٰ إِلَّا فَضْلُهُ يَا مَنْ لَا

اے وہ خدا جس سے امید نہیں کی جاتی مگر فضل کی اے وہ خدا جس سے

يُسْأَلُ إِلَّا عَفْوُهُ يَا مَنْ لَا يُنْظَرُ إِلَّا

سوال نہیں کیا جا سکتا مگر اسکی بخشش کا اے وہ خدا نہیں دیکھی جاتی مگر

بِرُّهُ يَا مَنْ لَا يُخَافُ إِلَّا عَدْلُهُ

اس کی نیکی اے وہ خدا کہ نہیں خوف کیا جاتا مگر اسکے انصاف کا

يَا مَنْ لَا يَدُومُ إِلَّا مُلْكُهُ يَا مَنْ

اے وہ خدا نہیں ہمیشگی رکھتی کوئی چیز مگر اس کی بادشاہی اے وہ خدا

لَا سُلْطَانَ اِلَّا سُلْطٰنُہٗ یَا مَنْ وَّسِعَتْ

نہیں ہے بادشاہی مگر بادشاہی اس کی اے وہ خدا کہ وسیع ہے

کُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَتُہٗ یَا مَنْ سَبَقَتْ رَحْمَتُہٗ

ہر چیند سے اس کی رحمت اے وہ خدا پیش دستی کرتی ہے اسکی رحمت

غَضَبَہٗ یَا مَنْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمُہٗ

اسکے غضب سے اے وہ خدا کہ اسکے علم نے ہر چیز کو احاطہ کیا ہوا ہے

یَا مَنْ لَّیْسَ اَحَدٌ مِّثْلَہٗ

اے وہ خدا کہ اس کے مثل کوئی چیز نہیں ہے

(۲۰) یَا فَارِجَ الْھَمِّ یَا کَاشِفَ الْغَمِّ یَا غَافِرَ

اے رنج کے دور کرنے والے اے غم کے کھولنے والے اے بخشنے والے

الذَّنْبِ یَا قَابِلَ التَّوْبِ یَا خَالِقَ الْخَلْقِ

خطاؤں کے اے توبہ قبول کرنے والے اے خلقت کے پیدا کرنے والے

یَا صَادِقَ الْوَعْدِ یَا مُوْفِیَ الْعَھْدِ یَا عَالِمَ

اے سچا وعدہ کرنے والے اے عہد کے وفا کرنے والے اے بھید کے جاننے والے

السِّرِّ یَا فَالِقَ الْحَبِّ یَا رَازِقَ الْاَنَامِ

اے دانہ کے شگافتہ کرنے والے اے مخلوق کو رزق دینے والے

(۲۱) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ یَا عَلِیُّ

اے خداوندا بہ تحقیق سوال کرتا ہوں تیرے نام کے ساتھ اے بلند

يَا وَفِيُّ يَا غَنِيُّ يَا مَلِيُّ يَا حَفِيُّ يَا رَضِيُّ

اے وفا کرنے والے اے بے نیاز اے توانگر اے پوشیدہ راز سے واقف اے پسندیدہ تر

يَا زَكِيُّ يَا بَدِيُّ يَا قَوِيُّ يَا وَلِيُّ

اے نفس کو پاک کرنیوالے اے ہمیشہ رہنے والے اے قوت رکھنے والے اے بہترین دوست

(۲۲) يَا مَنْ اَظْهَرَ الْجَمِيلَ يَا مَنْ سَتَرَ الْقَبِيحَ

اے وہ کہ ظاہر کرتا ہے خوبی بندہ کی اور اے وہ کہ جو برائیوں کو چھپاتا ہے

يَا مَنْ لَمْ يُؤَاخِذْ بِالْجَرِيرَةِ يَا مَنْ

اور اے وہ کہ مواخذہ نہیں کرتا بندے کے گناہوں پر اے وہ کہ جو

لَمْ يَهْتِكِ السِّتْرَ يَا عَظِيمَ الْعَفْوِ يَا حَسَنَ

فاش نہیں کرتا پردہ بندوں کا اے بہت عفو کرنے والے اے خوب

التَّجَاوُزِ يَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ يَا بَاسِطَ الْيَدَيْنِ

درگزر کرنے والے اے بہت مغفرت کرنے والے اے کھولنے والے دونوں ہاتھوں

بِالرَّحْمَةِ يَا صَاحِبَ كُلِّ نَجْوَى

کے رحمت سے بندوں پر اے تمام بھیدوں کے جاننے والے

يَا مُنْتَهَى كُلِّ شَكْوَى

اے ہر شکوہ کی انتہا

(۲۳) يَا ذَا النِّعْمَةِ السَّابِغَةِ يَا ذَا الرَّحْمَةِ الْوَاسِعَةِ

اے صاحب نعمت بے شمار اے صاحب رحمت بے انتہا

يَا ذَا الْمِنَّةِ السَّابِقَةِ يَا ذَا الْحِكْمَةِ الْبَالِغَةِ

اے صاحبِ منتہائے سابقہ اے صاحبِ حکمتِ کاملہ

يَا ذَا الْقُدْرَةِ الْكَامِلَةِ يَا ذَا الْحُجَّةِ الْقَاطِعَةِ

اے صاحبِ قدرتِ کاملہ اے صاحبِ دلیلِ قاطع

يَا ذَا الْكَرَامَةِ الظَّاهِرَةِ يَا ذَا الْعِزَّةِ الدَّآئِمَةِ

اے صاحبِ کرامتِ ظاہرہ اے ہمیشہ رکھنے والے عزت کے

يَا ذَا الْقُوَّةِ الْمَتِيْنَةِ يَا ذَا الْعَظَمَةِ الْمَنِيْعَةِ

اے صاحبِ قوتِ استوار اے صاحبِ بزرگی و مرتبۂ بلند

(۲۴) يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ يَا جَاعِلَ الظُّلُمٰتِ

اے آسمانوں کے خلق کرنے والے اے تاریکیوں کے پیدا کرنے والے

يَا رَاحِمَ الْعَبَرَاتِ يَا مُقِيْلَ الْعَثَرَاتِ

اے گریہ وبکا پہ رحم کرنے والے اے لغزشوں کے درگزر کرنے والے

يَا سَاتِرَ الْعَوْرَاتِ يَا مُحْيِيَ الْاَمْوَاتِ

اے بندوں کے عیب چھپانے والے اے مُردوں کے زندہ کرنے والے

يَا مُنْزِلَ الْاٰيٰتِ يَا مُضَعِّفَ الْحَسَنٰتِ

اے نشانیوں کو نازل کرنے والے اے نیکیوں کے زیادہ کرنے والے

يَا مَاحِيَ السَّيِّئَاتِ يَا شَدِيْدَ النَّقِمَاتِ

اے بدیوں کے محو کرنے والے اے سخت مواخذہ کرنے والے

(۲۵) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ یَا مُصَوِّرُ

اے خداوندا! بہ تحقیق کہ سوال کرتا ہوں میں تجھ سے تیرے ہی نام کے واسطے سے اے مصوّ

یَا مُقَدِّرُ یَا مُدَبِّرُ یَا مُطَهِّرُ یَا مُنَوِّرُ یَا مُیَسِّرُ

اے تقدیر بنانے والے اے مدبّر اے پاکیزہ کرنے والے اے روشن کرنیوالے اے آسان کرنیوالے

یَا مُبَشِّرُ یَا مُنْذِرُ یَا مُقَدِّمُ یَا مُؤَخِّرُ

اے بشارت دینے والے اے ڈرانے والے اے مقدّم کرنے والے اے مؤخّر کرنے والے

(۲۶) یَا رَبَّ الْبَیْتِ الْحَرَامِ یَا رَبَّ الشَّهْرِ الْحَرَامِ

اے بیت الحرام کے پروردگار اے ماہِ حرام کے پروردگار

یَا رَبَّ الْبَلَدِ الْحَرَامِ یَا رَبَّ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ

اے شہرِ حرام کے پروردگار اے رُکن اور مقام کے مالک

یَا رَبَّ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ یَا رَبَّ الْمَسْجِدِ

اے مشعر الحرام کے مالک اے مسجد الحرام کے مالک

الْحَرَامِ یَا رَبَّ الْحِلِّ وَالْحَرَامِ یَا رَبَّ

اے مقامِ حلّ و حرام کے پروردگار اے

النُّوْرِ وَالظَّلَامِ یَا رَبَّ التَّحِیَّةِ وَالسَّلَامِ

روشنی اور تاریکی کے مالک اے تحیۃ اور سلام کے پروردگار

یَا رَبَّ الْقُدْرَةِ فِی الْاَنَامِ

اے خلق میں قدرت و قوت کے پروردگار

(۲۷) يَا اَحْكَمَ الْحَاكِمِيْنَ يَآ اَعْدَلَ الْعَادِلِيْنَ

اے حاکموں کے مالک — اے انصاف کرنے والوں کے منصف تر

يَآ اَصْدَقَ الصَّادِقِيْنَ يَآ اَطْهَرَ الطَّاهِرِيْنَ

اے سچوں کے راست گو تر — اے پاکوں کے پاک تر

يَآ اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ يَآ اَسْرَعَ الْحَاسِبِيْنَ

اے خلق کرنے والوں کے بہترین — اے حساب کرنیواں کے جلد تر حساب کرنے والے

يَآ اَسْمَعَ السَّامِعِيْنَ يَآ اَبْصَرَ النَّاظِرِيْنَ

اے سننے والوں کے زیادہ سننے والے — اے دیکھنے والوں سے زیادہ دیکھنے والے

يَآ اَشْفَعَ الشَّافِعِيْنَ يَآ اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ

